★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 | پیر 13 جمادی الثانی 1446ھ 16 دسمبر 2024ء 30 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 61

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

یونان کشتی حادثہ دفتر خارجہ کی ایک پاکستانی جاں بحق 47 کے بچنے کی تصدیق

کشتی پر سوار تمام لاپتا اور مرنے والے پاکستانیوں کی تصدیق نہیں ہوئی ہے، پاکستانی سفارتخانہ سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کرنے والے حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں

اس حوالے سے دفتر خارجہ میں ایک کرائسز مینجمنٹ سیل کو فعال کر دیا گیا ہے اور متاثرہ خاندان دیے گئے نمبروں پر رابطہ کر سکتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ یونان کشتی حادثے میں 47 پاکستانیوں کو ریسکیو کیا گیا ہے اور اب تک ایک پاکستانی شہری کی جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں بتایا گیا کہ یونان کشتی حادثے سے متعلق پاکستانی سفارتخانہ مقامی حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر1

خصوصی انسداد پولیو مہم
22 دسمبر 2024
اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف انسداد پولیو مہم کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب اسمبلی کا اجلاس (آج) شروع ہوگا، ایجنڈا جاری

اراکین اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافے کا بل متعارف کرا کے اسی روز منظور کرانا بھی ایجنڈے میں شامل

لاہور (این این آئی) اپوزیشن کی ریکوزیشن پر پنجاب اسمبلی کا اجلاس آج (پیر) دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔ اجلاس کی صدارت قائمقام اسپیکر ظہیر اقبال چنڑ کریں گے۔ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر2

وزیراعظم کا صدیق الفاروق کے انتقال پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار

پارٹی ایک مخلص اور زیرک سیاستدان سے محروم ہو گئی، وزیراعظم کا اہل خانہ سے اظہار تعزیت

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ صدیق الفاروق کے انتقال پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا ہے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر3

شیری رحمان کا یونان میں تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کے واقعے میں پاکستانیوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار

ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے ضروری ہے انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کو کڑی سزائیں دی جائیں، رہنما پیپلز پارٹی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے یونان میں تارکین وطن کی کشتی ڈوبنے کے واقعے میں پاکستانیوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ ایک گھناؤنا جرم ہے، ایک اور افسوسناک واقعے میں کئی قیمتی جانوں کا ضیاع ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ مکروہ دھندے میں ملوث عناصر سنہرے خواب دکھا کر شہریوں کو جان سے ہاتھ دھونے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2023 میں بھی یونان کے قریب بحیرہ روم میں کشتی ڈوبنے کے واقعے میں تقریباً 400 پاکستانی جان
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر4

انسانی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے اقدامات کیے جائیں وزیراعظم

انسانی سمگلنگ ایک اندوہناک جرم ہے جس کی وجہ سے کئی افراد کی جانیں جاتی ہیں اور ہر سال کئی گھر اجڑ جاتے ہیں، انسانی سمگلر ایک ایسا ظالم مافیا ہے جو غریب عوام کو جھوٹے اور سنہری خواب دکھا کر ان سے پیسے بٹورتا ہے

انسانی سمگلنگ میں ملوث افراد کی شناخت کی جائے اور ان کو سخت سزائیں دی جائیں تا کہ وہ ایسے قبیح فعل کو نہ دھرائیں، ایسے واقعات کے مستقبل میں تدارک کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ انسانی سمگلنگ اندوہناک جرم ہے، اس گھناؤنے فعل کی روک تھام کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یونان میں جزیرے کے قریب پاکستانیوں کی اموات پر اظہار افسوس کیا اور اس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ انسانی سمگلنگ ایک اندوہناک جرم ہے جس کی وجہ سے کئی افراد کی جانیں جاتی ہیں اور ہر سال کئی گھر اجڑ جاتے ہیں، انسانی سمگلر ایک ایسا ظالم مافیا ہے جو غریب عوام کو جھوٹے اور سنہری خواب دکھا کر ان سے پیسے بٹورتا ہے۔ وزیراعظم نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو واقعہ کی انکوائری رپورٹ جلد پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ انسانی سمگلنگ میں ملوث افراد کی شناخت کی جائے اور ان کو سخت سزائیں دی جائیں تا کہ وہ ایسے قبیح فعل کو نہ دھرائیں، ایسے واقعات کے مستقبل میں تدارک کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں۔ دوسری جانب صدر مملکت آصف علی زرداری نے بھی یونان کے قریب کشتی کے حادثے میں قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس کیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ انسانی سمگلنگ ایک قبیح عمل، لوگ اپنے پیاروں کو کھو دیتے ہیں، انہوں نے انسانی سمگلنگ کے تدارک کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت کیا اور صبر جمیل کی دعا کی۔ مزید برآں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی یونان کشتی حادثے میں پاکستانی شہریوں کی اموات پر اظہار افسوس کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ میں ملوث افراد کے خلاف تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ محسن نقوی نے ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ رفعت مختار راجہ کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی، کمیٹی واقعے کی تحقیقات کر کے 5 روز میں رپورٹ وزیر داخلہ کو
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر8

مسلم لیگ (ن) کے رہنما صدیق الفاروق انتقال کر گئے

وزیر اعلی مریم نواز شریف کا صدیق الفاروق کے انتقال پر افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما صدیق الفاروق طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق صدیق الفاروق کی نماز جنازہ آج (پیر) کے روز ادا کی جائے گی۔ صدیق الفاروق نواز شریف کے دور حکومت میں چیئرمین متروکہ وقف املاک رہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے نمائندے عرفان صدیقی نے حالیہ دنوں ان کی عیادت بھی کی تھی۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے مسلم
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر5

یونان میں کشتی حادثہ، محسن نقوی کا پاکستانیوں کی اموات پر اظہار افسوس

پاکستانیوں کی کشتی حادثے میں اموات کی تحقیقات کا حکم، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دیدی

ایتھنز (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یونان کے جنوبی جزیرے کے قریب کشتی الٹنے کے واقعہ میں پاکستانیوں کی اموات پر اظہار افسوس کیا ہے۔ محسن نقوی نے غیر قانونی طور پر یورپ جانے والے پاکستانیوں کی کشتی حادثے میں اموات کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دیدی۔ کمیٹی واقعے کی تحقیقات کر کے 5 روز میں رپورٹ وزیر داخلہ کو ارسال کرے گی۔ وزیر
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر6

انسانی اسمگلنگ قبیح عمل، لوگ اپنے پیاروں کو کھو دیتے ہیں، صدر آصف زرداری

کشتی الٹنے کے واقعے میں پاکستانیوں کی اموات پر اظہارِ افسوس کیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف زرداری نے یونان کے جنوبی جزیرے کے قریب کشتی الٹنے کے واقعے میں پاکستانیوں کی اموات پر اظہار
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر7

محسن نقوی کی سعودی وزیر مملکت سے ملاقات دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

وزیر داخلہ محسن نقوی کی 2034 کی فیفا ورلڈ کپ میزبانی سعودی عرب کو ملنے پر سعودی قیادت اور عوام کو مبارکباد، فٹبال ورلڈ کپ 2034 کے حوالے سے سعودی عرب کے لئے نیک خواہشات کا اظہار

سعودی عرب ہمارا سب سے بااعتماد دوست اسلامی ملک ہے۔ سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان کے وژن 2030 نے ترقی وخوشحالی کی تاریخ رقم کی ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا سعودی عرب کے دورے کے دوران ریاض پہنچ گئے۔ سعودی وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر خالد محمد عبداللہ البتال اور سعودیہ میں پاکستانی سفیر احمد فاروق نے وزیر داخلہ محسن نقوی کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر خالد محمد
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر9

ریاض، وزیر داخلہ محسن نقوی اور سعودی وزیر مملکت برائے داخلہ ڈاکٹر خالد محمد عبداللہ البتال ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف بچے کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

صدیق الفاروق انتقال کر گئے، وزیراعظم کا انتقال پر اظہار افسوس

صدیق الفاروق سابق وزیراعظم نواز شریف کے پرنسپل سیکرٹری اور چیئرمین متروکہ وقف املاک بھی رہے

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما صدیق الفاروق انتقال کر گئے۔ اہلخانہ ذرائع کے مطابق صدیق الفاروق دل کے عارضے میں مبتلا تھے، صدیق الفاروق سابق وزیراعظم نواز شریف کے پرنسپل سیکرٹری اور چیئرمین
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر13

وزیر اطلاعات اور لبنان کے وزیر اطلاعات زیاد میکیری کے درمیان ملاقات

لبنان کی علاقائی سالمیت اور امن کے قیام کے حوالے سے حمایت کے عزم کا اعادہ

استنبول (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطا اللہ تارڑ نے شام میں پھنسے پاکستانی شہریوں کے بیروت کے راستے فوری انخلا میں سہولت فراہم کرنے پر لبنان کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر12

صدر مملکت دینی مدارس بل کی راہ میں رکاوٹ نہیں، فاروق ایچ نائیک

دینی مدارس کی رجسٹریشن ڈائریکٹوریٹ آف ریلیجس ایجوکیشن میں ہونی چاہیے، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے کہا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری دینی مدارس بل کی راہ میں رکاوٹ نہیں۔ ایک بیان میں فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ یہ تاثر درست نہیں کہ صدر آصف علی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر11

مدارس بل پر مولانا فضل الرحمن کے ساتھ دھوکا نہیں ہاتھ ہو گیا، ایمل ولی خان

حکومت اور بانی پی ٹی آئی میں کوئی فرق نہیں، بانی پی ٹی آئی بھی وعدے کر کے دھوکا کرتے تھے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کے مرکزی صدر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ مدارس بل پر مولانا فضل الرحمن کے ساتھ دھوکا نہیں ہاتھ ہو گیا، بہت زیادتی کی گئی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومت اور بانی پی ٹی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر10

پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمہ کیلئے پرعزم ہیں شہباز شریف

پاکستان بھر کے والدین سے یہ استدعا کرتے ہیں کہ وہ اس مہم میں مکمل تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر انہیں اس مرض سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محفوظ کریں

ماضی میں مشکلات کی وجہ سے پاکستان میں پولیو کے 60 نئے کیسز سامنے آئے ہیں جو ہمارے لیے ایک چیلنج ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمہ کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر14

ISSION
OCIETY
اسلام آباد، سینیٹر ثمینہ زہری تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

وفاقی وزیر اطلاعات: مسلح جتھوں کے ساتھ احتجاج پی ٹی آئی کا وتیرہ ہے

پی ٹی آئی نے ہمیشہ ریاست اور عوام کا نقصان چاہا ہے، تحریک انتشار نے پچھلی مرتبہ بھی جدید اسلحے، سٹن گنز، ٹیئر گیس شیل اور گرینیڈ سے لیس مسلح جتھوں کے ساتھ وفاق پر لشکر کشی کی

تحریک انتشار کے مسلح جتھوں نے بلا اشتعال فائرنگ کی، علی امین گنڈا پور کے گارڈز کو گولی چلاتے ہوئے دیکھا گیا، یہ لاشیں گرا کر ان پر سیاست کرنا چاہتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ افغان شہریوں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر33

اسلام آباد، صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر ہائی کورٹ جسٹس صداقت حسین راجہ ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے نوجوانوں کو مخالفین کے خلاف گالیاں نکالنا سکھایا: رانا ثنا اللہ

علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی نے کارکنوں کو بے یارومددگار چھوڑ دیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف نے نوجوانوں کو مخالف سیاست دانوں کو گالیاں نکالنا سکھایا۔ فیصل آباد میں وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ کا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر15

پاکستان میں ہیلتھ کیئر کو بہتر بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں کی جائیں، سید یوسف رضا گیلانی

آئینی ترمیم کے تحت صوبے اپنی آبادی کی ضروریات کے مطابق مقامی حل نکالنے میں اقدامات اٹھا سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان میں ہیلتھ کیئر کو بہتر بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں کی جائیں، ہیلتھ کیئر نظام تک رسائی نہ صرف بنیادی انسانی حق اور قومی ترقی کی بنیاد بھی ہے، 18ویں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر32

فیصل آباد، مشیر وزیر اعظم رانا ثنا اللہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی دور میں پنجاب میں 310 گاڑیوں کی غیر قانونی خریداری کا سکینڈل سامنے آ گیا

2 ارب 12 کروڑ 30 لاکھ سے زائد مالیت کی گاڑیاں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بغیر خریدی گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے دور میں پنجاب میں 310 گاڑیوں کی غیر قانونی خریداری کا نیا سکینڈل سامنے آ گیا، 2 ارب 12 کروڑ 30 لاکھ سے زائد مالیت کی گاڑیاں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بغیر خریدیں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر17

آرمی پبلک سکول پشاور کے شہداء کی 10 ویں برسی (آج) منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) آرمی پبلک سکول پشاور کے شہداء کی 10ویں برسی آج (پیر) کے روز منائی جائے گی۔ 16 دسمبر 2014 کو ہونے والے غیر انسانی حملے میں دہشتگردوں نے آرمی پبلک سکول پشاور کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں 140 سے زائد طلبہ اور اساتذہ کو بیدردی سے شہید کر دیا
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر18

یونان میں پاکستانی سفارتخانے میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے خصوصی سیل قائم

سیل کشتی ڈوبنے کے واقعے میں پاکستانیوں کی شناخت اور ورثاء کی اپنے پیاروں تک رسائی یقینی بنائیگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر یونان میں پاکستانی سفارتخانے میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے خصوصی سیل قائم کر دیا گیا۔ گزشتہ روز کشتی الٹنے کے افسوسناک واقعے میں متاثرہ 47 پاکستانیوں کی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر16

علامہ طاہر اشرفی کے چھوٹے بھائی حافظ محمد احمد انتقال کر گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان علماء کونسل کے سربراہ علامہ طاہر اشرفی کے چھوٹے بھائی حافظ محمد احمد انتقال کر گئے۔ حافظ محمد احمد کی طبیعت اچانک ناساز ہوئی اور وہ خالق حقیقی سے جا ملے۔ مذہبی اور سیاسی شخصیات نے علامہ طاہر اشرفی سے افسوس کا اظہار اور تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

یوٹیوبر رجب بٹ اسلحے کی نمائش، شیر کا بچہ رکھنے پر گرفتار

محکمہ وائلڈ لائف کے ہمراہ پولیس نے رجب بٹ کے گھر پر چھاپہ مارا

لاہور (این این آئی) یوٹیوبر رجب بٹ کو اسلحے کی نمائش اور شیر کا بچہ رکھنے پر حراست میں لے لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ وائلڈ لائف کے ہمراہ پولیس نے رجب بٹ کے گھر پر چھاپہ مارا، چوہنگ پولیس نے رجب بٹ کو حراست میں
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر31

اسپیکر قومی اسمبلی کا آرمی پبلک اسکول کے شہداء کو خراج عقیدت

آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے آرمی پبلک اسکول پشاور کے المناک سانحے کی برسی کے موقع پر شہداء آرمی پبلک کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 16 دسمبر 2014 کو پیش آنے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر19

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس آج (پیر) کے روز ہوگا۔ مانیٹری پالیسی کمیٹی کے چار اجلاسوں کیلئے جاری چھ ماہ کے کیلنڈر کا آخری اجلاس ہوگا۔ ماہرین کے مطابق مانیٹری پالیسی میں شرح سود میں مزید کمی کی توقع ہے، اسٹیٹ بینک شرح
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر21

UR FOUNDING BOARD M... & FRIENDS
DR. JANE SAMPSON
PROF. DR. SA...
اسلام آباد، پارلیمانی سیکرٹری برائے موسمیاتی تبدیلی رانا احمد عتیق انور تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مسرت چیمہ 12 مقدمات میں آج اے ٹی سی کورٹ راولپنڈی میں پیش ہوں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ 9 مئی کے تناظر میں تین تھانوں میں درج مجموعی طور پر 12 مقدمات میں آج (پیر) کے روز انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی میں پیش ہوں گی۔ مسرت جمشید چیمہ اپنے وکلاء کے ہمراہ اے ٹی سی عدالت راولپنڈی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر28

پنجاب میں انسداد پولیو مہم کا آغاز (آج) سے ہوگا، تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے

لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں انسداد پولیو مہم 22 دسمبر، 33 اضلاع میں 20 دسمبر تک جاری رہے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں انسداد پولیو مہم کا آغاز آج (پیر) 16 دسمبر سے ہو گا۔ لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں انسداد پولیو مہم 22 دسمبر تک جاری رہے گی، دیگر 33 اضلاع میں مہم 20 دسمبر تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 2 کروڑ
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر30

خیبر پختونخوا کی کارکردگی بہتر ہے، آئی ایم ایف نے بھی تعریف کی، علی امین گنڈاپور

صوبے کے عوام کے مسائل حل کیے جا رہے ہیں، ہمیں وفاق سے صوبے کے پیسے لینے میں مشکلات ہیں، وزیراعلیٰ

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوبائی حکومت کی بہترین کارکردگی کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے بھی ہماری تعریف کی، صوبے میں امن و امان بہتر بنانے کے لیے اقدامات
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر20

موسم سرما میں سکول یونیفارم پالیسی میں نرمی کر دی گئی

سردی کی شدت کے باعث طالبعلم کسی بھی رنگ کی جیکٹ، سوئٹر، کوٹ، جرابیں، جوتے پہن سکتے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب میں موسم سرما کے دوران سکول یونیفارم پالیسی میں نرمی کر دی گئی۔ محکمہ تعلیم پنجاب نے یونیفارم پالیسی میں نرمی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق یونیفارم پالیسی میں نرمی کا اطلاق تمام سرکاری و نجی
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر27

پولیس کا کچہ کے ڈاکوؤں کے خلاف، ہندو شہری سمیت دو مغوی بازیاب

کشمور سندھ کے سرحدی علاقے میں ڈاکوؤں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے رحیم یار خان میں کچہ کے ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے ہندو شہری سمیت دو مغوی بازیاب کرا لئے، دو اغواء کاروں کو بھی گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پولیس نے رحیم یار خان
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر22

آئی پی پیز معاہدے عوام کو ریلیف نہ ملا تو دوبارہ احتجاج کریں گے، حافظ نعیم الرحمن

ملک میں اصولی سیاست کے نام پر وصولی سیاست جیتنے والوں کو ہروانے کی غلط روش چل پڑی ہے اجتماع ارکان سے خطاب

احتجاج ہر پارٹی کا بنیادی حق ہے عوامی رائے کو دبانے کے عمل سے ملک درست سمت میں آگے نہیں بڑھ سکتا امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ آئی پی پیز کے ظالمانہ اور عوام دشمن معاہدوں کے خاتمے کے
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر23


کراچی، عالمی کتب میلے میں یونیورسٹی کی طالبات اسٹال پر موجود کتابیں دیکھ رہی ہیں

اسکردو، لینڈ سلائیڈنگ کی زد میں آ کر 5 افراد جاں بحق

گاڑی میں سوار 5 افراد پہاڑی تودے کے تلے دب کر جان سے ہاتھ دھو بیٹھے

اسکردو (این این آئی) اسکردو میں لینڈ سلائیڈنگ کی زد میں آ کر گاڑی میں سوار 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق اسکردو میں ملوپہ کے مقام
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر24

وزیر تعلیم نے مستحق طلبہ کیلئے موسم سرما کی مناسبت سے فری یونیفارم ڈرائیو شروع کر دی

ذاتی حیثیت میں 5 ہزار بچوں کو یونیفارم، جرسیاں دینے کا اعلان، جو ایک کی استطاعت رکھتا ہے وہ بھی اپنا حصہ ڈالے

موسم کی شدت میں اضافہ ہو گیا، بہت سے والدین اپنے بچوں کو یونیفارم اور جرسی نہیں لے کر دے سکتے، رانا سکندر حیات

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے سرکاری سکولوں میں پڑھنے والے مستحق طلباء و طالبات کیلئے موسم سرما کی مناسبت سے فری
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر29

Welcome
19th
کراچی، وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی عالمی کتب میلے کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ملک کے بیشتر علاقوں میں سردی کی جاری لہر میں کچھ کمی کا امکان

شمال مغربی بلوچستان میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ ہلکی بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی توقع

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں سردی کی جاری لہر میں کچھ کمی کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر25

خیبر پختونخوا پولیس میں گریڈ 19 کے 22 افسران کی کمی

گریڈ 19 کے پی ایس پی افسران کی 57 منظور شدہ آسامیاں ہیں

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا پولیس کو افسران کی کمی کا سامنا ہے۔ پولیس کے مطابق خیبر پختونخوا پولیس میں گریڈ 19 کے 22 افسران کی کمی ہے۔
باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر26

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے 71 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز کا ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو اس موقع پر جسٹس شہرام سرور چوہدری، سابق گورنر اسٹیٹ بینک طارق باجوہ اور دیگر موجود

کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کا 71 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد

اجلاس کی صدارت وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز نے کی جبکہ پروفیسر محمد عمران نے سیکرٹری سنڈیکیٹ کے فرائض سرانجام دیئے

وائس چانسلر نے شرکاء کو یونیورسٹی میں آرٹیفشل انٹیلیجنس لیب اور بائیو بینک کے قیام اور اس کی افادیت پر روشنی ڈالی

لاہور (خبر نگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کا 71 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد ہوا اجلاس کی صدارت وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز نے کی جبکہ پروفیسر محمد عمران نے سیکرٹری سنڈیکیٹ کے فرائض سرانجام دیئے۔ اس موقع پر جسٹس شہرام سرور چوہدری، سابق گورنر اسٹیٹ بینک طارق باجوہ پروفیسر فرید احمد خان ممبر ہائیر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد، احمد علی کمبوہ ممبر پبلک سروس کمیشن، وائس چانسلر یو ای ٹی پروفیسر شاہد منیر، وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر خالد محمود، ایڈیشنل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر سدرہ سلیم، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل حافظ وسیم، ایڈیشنل سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ زاہدہ سابق پروفیسر آف پیڈیاٹرکس پروفیسر اشرف سلطان، چیف ایگزیکٹو آفیسر سندس فاؤنڈیشن فریدہ یاسین، وائس چانسلر پروفیسر محمد معین، ڈینز پروفیسر سائرہ افضل، پروفیسر نبیلہ ریاض پروفیسر ابرار اشرف علی، پروفیسر نازش عمران سمیت یونیورسٹی سے ملحقہ ہسپتالوں کے ایم ایس نے شرکت کی۔ وائس چانسلر نے شرکاء کو یونیورسٹی میں جاری اور تکمیل شدہ منصوبہ جات پر روشنی ڈالی اور مستقبل کے لائحہ عمل بارے آگاہ کیا۔ وائس چانسلر نے شرکاء کو یونیورسٹی میں آرٹیفشل انٹیلیجنس لیب اور بائیو بینک کے قیام اور اس کی افادیت پر روشنی ڈالی۔ اجلاس میں پچھلی میٹنگ کے منٹس کی تصدیق، بے کیٹ امتحان کے پیپر سیٹر کے لیے معاوضے کی شرح کی منظوری، کیفے ٹیریا اور ریڈنگ ہال کی بحالی، تزئین و آرائش کے لیے نظر ثانی شدہ تخمینے کی منظوری، میو کینسر کیئر ہسپتال منتاواں لاہور کی ری ویمپنگ کے لیے نظر ثانی شدہ لاگت کے تخمینے کی منظوری، ایڈیشنل رجسٹرار کی آسامی بنانے کی منظوری، آرٹیکل پروسیسنگ، اشاعت اور یونیورسٹی کے سبسکرپشن چارجز پر نظر ثانی، اسٹاف کے ای ایم یو کے لیے الگ سے بینک اکاؤنٹ کھولنے کی منظوری، ڈین میڈیسن اینڈ الائیڈ کونسلیٹنز اور بیسک سائنسز کی تقرری، چیئرمین فارماکولوجی، کارڈیالوجی، بائیو کیمسٹری کی تقرری کی منظوری، فنانس اینڈ پلاننگ کے ممبر کے طور پر سنڈیکیٹ کے ایک رکن کی تقرری کی منظوری، اے ایس اینڈ آر بی کے ممبر کے طور پر ڈینز کے علاوہ تین پروفیسرز کی تقرری کی منظوری، مختلف پروگرامز کے نصاب کی منظوری، یونیورسٹی میں انٹرن شپ کرنے کی منظوری، پوسٹوں کی تخلیق کے ذریعے یونیورسٹی کیڈر کے تحت کام کرنے والی ٹیچنگ فیکلٹی کے پروموشن کی منظوری، ایم فل کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت، بی ایس این 4 سالہ سمسٹر سسٹم کے ساتھ ساتھ ایم ایس این 2 سال کے لیے نظر ثانی شدہ نصاب کی منظوری جبکہ 4 سالہ بی ایس این کے سمسٹر سسٹم کے ضوابط کی منظوری دی گئی۔

سعودی عرب، موبائل چارجر پھٹنے اور آگ لگنے سے دم گھٹنے کے باعث 7 افراد جاں بحق ہونے پر افسوس

کراچی (این این آئی) گھر یا دفتر کے اندر اگر آگ لگ جائے اور باہر جانے کا راستہ ممکن نہ ہو تو اس صورتحال میں جلس کر کم، دم گھٹنے کے باعث انتقال کر جاتے ہیں۔ اس صورتحال میں اپنے چہرے کو فرش کی جانب لے جائے دھواں 3 فٹ زمین پر کبھی جمع نہیں ہوتا۔ کھلے کمرا مکمل بند ہو۔ متاثرہ شخص کو بروقت آکسیجن ملنا اور زندگی محفوظ رہے گی۔ سعودی عرب کے شہر مجلسانی میں گھر کے اندر موبائل چارجر پھٹنے سے ایک ہی خاندان کے 7 افراد جاں بحق ہونے پر جامعہ کراچی کلینک اٹینڈنٹ اسپیشلسٹ انسٹرکٹر کیمیکل فائر مین و ماہر ریسکیو حمزہ مبین کی جانب سے اظہار افسوس کیا گیا۔ حمزہ مبین کی عوام الناس سے اپیل بھی کی گئی کہ رات کے اوقات کار میں موبائل فون چارج پر لگا کر سونا نہیں چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ خدانخواستہ اگر کسی شخص کے کپڑوں میں آگ لگ جائے تو اس کو فوری بھاگنا نہیں چاہیے۔ بلکہ زمین پر لیٹ کر رولنگ کرنی چاہیے۔ قریب میں موجود موٹا کپڑا موجود ہو تو وہ اپنے جسم سے لپیٹ کر یہ عمل زیادہ فائدے مند ثابت ہوگا۔ اس سے آگ کے مقام پر آکسیجن Oxygen کی سپلائی منقطع ہو جائے گی۔ جس کے باعث آگ خود بخود بجھ جائے گی۔ یاد رہے کہ آگ ایک کیمیائی عمل ہے جو ہیٹ، فیول اور آکسیجن کے ساتھ مل کر وجود میں آتا ہے۔

سندھ میں تعلیم کی بہتری کیلئے پیپلز پارٹی نے اقدامات اٹھائے ہیں، جمیل ضیا

پیپلز پارٹی سرکاری سطح پر معیاری تعلیم دلوانے میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، رہنما پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) ٹاؤن چیئرمین اورنگی و جنرل سیکریٹری پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ویسٹ محمد جمیل ضیا سے اتوار کو ٹاؤن آفس میں اورنگی ٹاؤن سے تعلق رکھنے والی کچھ طلبہ نے ملاقات کی۔ طلبہ نے چیئرمین اورنگی ٹاؤن جمیل ضیا کو اپنی تعلیم کی راہ میں آنے والے مسائل و رکاوٹوں سے آگاہ کیا جس پر ٹاؤن چیئرمین نے متعلقہ افسران کو فی الفور ان طلبہ کے مسائل حل کرنے کی ہدایت دی تاکہ اورنگی کی طلبہ بغیر کسی پریشانی کے اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔ بعد از گفتگو طلبہ نے ٹاؤن چیئرمین محمد جمیل ضیا کو عمرہ کی مبارکباد دی اور پھولوں کے ہار پہنائے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پیپلز پارٹی رہنما و چیئرمین اورنگی ٹاؤن جمیل ضیا نے کہا سندھ میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانا پیپلز پارٹی کے منشور میں شامل ہے ہم چاہتے ہیں سندھ بھر میں ہر امیر و غریب کے بچے یکساں معیاری تعلیم حاصل کریں سندھ میں تعلیم کی بہتری کے لئے انقلابی اقدامات اٹھائے گئے ہیں بغیر کسی سفارش کے میرٹ پر اساتذہ کی بھرتیاں کی گئی ہیں یہی وجہ ہے آج سندھ میں معیار تعلیم بہتر ہوا ہے۔ انہوں نے کہا اورنگی ٹاؤن میں اسکولوں میں درپیش مسائل کے حل کے لئے بھرپور اقدامات اٹھا رہے ہیں۔

فیملیاں تعطیل کے روز جیلانی پارک میں گل داؤدی کی نمائش دیکھنے کیلئے آئی ہوئی ہیں

بین الصوبائی قائداعظم گیمز اسلام آباد کے مقابلے دوسرے روز بھی جاری رہے

پنجاب پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن پر براجمان، پنجاب کے کھلاڑیوں نے اب تک 34 گولڈ میڈلز جیت لئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) تیسری بین الصوبائی قائداعظم گیمز اسلام آباد میں پنجاب کے کھلاڑیوں نے 34 گولڈ میڈلز جیت کر پوائنٹس ٹیبل پر ٹاپ پوزیشن حاصل کر لی ہے، بین الصوبائی قائداعظم گیمز کے مقابلے دوسرے روز پاکستان سپورٹس بورڈ اسلام آباد میں جاری رہے ہیں، پنجاب گرلز اینڈ بوائز سوئمرز نے دوسرے روز مزید 12 گولڈ میڈلز جیت لئے ہیں، گرلز میں 5 گولڈ، 6 سلور اور 2 برانز جبکہ بوائز میں 7 گولڈ اور 6 سلور میڈلز جیت لئے ہیں، ویٹ لفٹنگ میں 54 کلوگرام کیٹیگری میں پنجاب کے ملک سبحان علی، 61 کلوگرام کیٹیگری میں پنجاب کے اعزاز سرور چیمہ اور 67 کیٹیگری کلوگرام میں پنجاب کے حمزہ ارشد نے گولڈ میڈلز جیت لئے ہیں، پنجاب کے نوید حسن نے ہائی جمپ میں گولڈ میڈل حاصل کیا ہے، کراٹے ٹیم کاتا بوائز اور گرلز نے اپنے اپنے ٹیم ایونٹ میں گولڈ میڈلز جیت لئے ہیں، ریلے ریس میں پنجاب نے گولڈ میڈل جیت لیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری پاکستان سپورٹس بورڈ کے سوئمنگ پول پر سوئمنگ کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، انہوں نے جیتنے والے سوئمرز کو میڈلز پہنائے اور انعامات تقسیم کیے، ڈی جی سپورٹس پنجاب نے قائداعظم گیمز کے اتھلیٹکس، ویٹ لفٹنگ، ریسلنگ، کراٹے، ٹیبل ٹینس، فٹ بال، ہاکی سمیت دیگر مقابلے دیکھے، انہوں نے پنجاب کے کھلاڑیوں کے کھیل کو سراہا اور ان کا جذبہ بڑھایا۔

پنجاب بھر میں 1519 ٹریفک حادثات میں 15 افراد جاں بحق 1486 زخمی ہوئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1418 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 606 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 880 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (75 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 846 ڈرائیورز، 46 کم عمر ڈرائیور، 456 مسافر اور 199 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے۔

الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم میں آرٹسٹ ٹاک کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم، کلچرل کمپلیکس گلبرگ 3 میں آرٹسٹ ٹاک کا انعقاد کیا گیا۔ آرٹسٹ ٹاک میں نامور مصورہ ریشم سید نے اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر پروفیسر سلیمہ ہاشمی، قدوس مرزا، نازش عطاء و دیگر آرٹسٹ موجود تھے۔ آرٹسٹ ٹاک کو رابعہ جمیل کو ماڈریٹ کیا۔ ریشم سید نے مختلف سماجی و معاشرتی، سیاسی، معاشی و اقتصادی و تہذیبی و ثقافتی پہلوؤں جو نوآبادیاتی نظام کے اثرات اور نتائج کو بیان کرتے ہیں پر اپنے بنائے گئے فن پاروں بارے اظہار خیال کیا، جو بہت منفرد و عمدگی کو ظاہر کرتا ہے۔ فن پاروں میں سامراجی دور میں طاقت و دولت کے غیر مساوی تقسیم و استحصال و دیگر چیلنجز پر روشنی ڈالتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مشاہدات سوچنے اور سمجھنے کی حس کو تقویت بخشتے ہیں، آرٹ معاشرہ کی عکاسی کے ساتھ امن کے پرچار میں مثبت کردار ادا کرتا ہے، آرٹ سماج کی روح میں نئی زندگی پھونکنے کی طاقت رکھتا ہے، آرٹسٹ کا آرٹ ورک دیکھنے والے کو اپنے سحر میں مبتلا کرنے والا ہونا چاہیے آرٹسٹ کی مختلف تکنیک اور موضوع انہیں منفرد و ممتاز بناتا ہے۔ سیشن کے اختتام پر سوال و جواب کی بھرپور نشست ہوئی جس میں شرکاء نے اپنے اپنے سوال پوچھے جو ان کی دلچسپی کا اظہار تھے۔

تھانہ مغلپورہ/22 سالہ لڑکی کے ساتھ زیادتی کی کوشش ناکام

ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کا 15 کی کال پر نوٹس، فوری کارروائی کرنے کا حکم

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) ملزم شہروز نے 22 سالہ عریبہ سے جبراً زیادتی کی کوشش کی جس پر مغلپورہ پولیس نے 15 کی کال پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو موقع پر گرفتار کیا اور زیادتی کے عمل کو ناکام بنا دیا۔ ملزم کے خلاف تھانہ مغل پورہ میں مقدمہ درج مزید تفتیش جاری، ترجمان پولیس۔ ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کی ایس ایچ او تھانہ مغل پورہ نسیم خان اور پولیس ٹیم کو شاباش۔ عورتوں اور بچوں پر تشدد اور زیادتی کسی صورت برداشت نہ کی جائے گی، عورتوں اور بچوں کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے درندہ صفت لوگ کیفر کردار تک پہنچائے جائیں گے، ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان

بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 6 ارب 67 کروڑ 46 لاکھ سے زائد کے ڈیٹیکشن بل جاری

1 لاکھ 68 ہزار 657 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 44918 کو گرفتار کروا دیا گیا ترجمان لیسکو

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف جاری آپریشن میں اب تک مجموعی طور پر 44918 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اب تک ریجن بھر میں کل 1 لاکھ 68 ہزار 657 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے جن میں سے 1 لاکھ 57 ہزار 312 ملزمان کے خلاف مقدمات درج ہو چکے ہیں، پکڑے جانے والے کنکشنز میں 5204 کمرشل، 1653 زرعی، 348 انڈسٹریل اور 1 لاکھ 61 ہزار 452 ڈومیسٹک تھے۔ تمام کنکشنز منقطع کر کے ان کو 17 کروڑ 61 لاکھ 98 ہزار 267 یونٹس ڈیٹیکشن بل کی مد میں چارج کیے گئے جن کی مالیت 6 ارب 67 کروڑ 46 لاکھ 20 ہزار 870 روپے بنتی ہے۔

میلاد و مناقب تحریک مرکزی جماعت اہلسنت پاکستان کے زیر اہتمام بسلسلہ یوم وصال حضرت ابوبکر صدیق نویں سالانہ شہنشاہ صداقت ریلی سے پیر سید عرفان شاہ مشہدی، پیر سید ارشد حسین گردیزی مفتی فدا حسین قادری خطاب کر رہے ہیں سٹیج پر پیر سید بلال شاہ گردیزی، سید مجاہد شاہ گیلانی، سید مکرم شاہ گیلانی صاحبزادہ معصوم علی، رمضان مغل موجود ہیں

ملک آئی ایم ایف کے حوالے ہے حکومت ایجنسیوں کی بے ساکھیوں پر قائم ہے، جماعت اسلامی

مصنوعی قیادت نہیں صاف وشفاف اور غیر جانبدار انتخابات ہی ملک کے تمام مسائل کا حل ہیں، جنرل سیکریٹری محمد یوسف

بدین (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے جنرل سیکرٹری محمد یوسف نے سندھ کی زرعی اراضی سے مقامی افراد کو بے دخل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ملک آئی ایم ایف کے حوالے ہے حکومت ایجنسیوں کی بے ساکھیوں پر قائم ہے، مصنوعی قیادت نہیں صاف وشفاف اور غیر جانبدار انتخابات ہی ملک کے تمام مسائل کا حل ہیں۔ جماعت اسلامی سندھ کے جنرل سیکرٹری محمد یوسف نے کہا ہے کہ پورا ملک آئی ایم ایف کے حوالے ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی ٹیکس بھی ختم کیا جائے تو مہنگائی پر کافی فرق پڑے گا۔ موجودہ حکومت ایجنسیوں کی بے ساکھیوں پر قائم ہے کیونکہ حکومت عوام کی مرضی سے بنی ہے نہ جائے گی۔ اگر عوام کی مرضی چلے تو یہ حکومت ایک دن بھی نہ چل سکے۔ مصنوعی قیادت نہیں صاف وشفاف اور غیر جانبدار انتخابات ہی ملک کے تمام مسائل کا حل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدین میں تنظیمی اجلاس سے خطاب کے دوران کیا جس ضلعی نظم و مقامات کے امراء شریک تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ساحلی پٹی تحصیل گولارچی یعنی احمد راجو کی 2243 ایکڑ زمین مقامی باشندوں کو بے دخل کر کے گرین انیشیٹو منصوبے کے حوالے کرنا سراسر ظلم ہے۔ اس ظلم سمیت سندھ کی زمینوں کی بندربانٹ سے لیکر سندھ کے حقوق کی سودے بازی میں سندھ میں برسراقتدار پیپلز پارٹی کی مراد علی شاہ حکومت برابر کی شریک ہے۔ سندھ کی زرخیز زمینیں عسکری اداروں کے حوالے کرنا اور پانی پر ڈاکہ زنی کو کسی بھی صورت میں قبول نہیں کریں گے۔

1971ء کے بعد 2024ء کا 16 دسمبر زخموں پر مرہم رکھ رہا ہے، لیاقت بلوچ

اسٹیبلشمنٹ، سیاسی قیادت کی غلطیوں نے مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا راستہ ہموار کیا، میڈیا سے گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے عوام بھائی بھائی ہیں، بھارت نے مداخلت، پروپیگنڈہ اور فوجی طاقت سے بھائیوں کا رشتہ کاٹ کر دراڑ ڈالنے کی کوشش کی لیکن وہ آج بھی ناکام ہے اور پاکستان و بنگلہ دیش کے عوام دینی و ملی جذبے کے تحت باہم محبت کی لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما میاں مرغوب کی بیٹی کی شادی تقریب میں شرکت کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کہا کہ 1971ء کے بعد پہلی بار بنگلہ دیشی شہروں میں یوم پاکستان کی تقاریب کا انعقاد اور ان میں بنگلہ دیشی عوام کی شرکت دونوں برادر ملکوں کے عوام کے درمیان محبت و اخوت کا بیّن ثبوت اور ہوا کا تازہ جھونکا ہے، 1971ء کے بعد 2024ء کا 16 دسمبر زخموں پر مرہم رکھ رہا ہے، یہ امر بھی تاریخ کا حصہ ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اور سیاسی قیادت کی غلطیوں نے مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا راستہ ہموار کیا، عوام کا مینڈیٹ تسلیم نہیں کیا گیا جس نے سانحہ مشرقی پاکستان کو جنم دیا اور ملک دولخت ہو گیا۔ لیاقت بلوچ نے ملی یکجہتی کونسل کے مرکزی مشاورتی آن لائن کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مدارس رجسٹریشن پر علماء، اکابرین اور رجسٹرڈ مدارس بورڈز وفاق کے سربراہان مشترکہ اجلاس بلائیں۔ مدارس رجسٹریشن مسئلہ خالص تعلیمی اور علوم دینیہ کے طلبہ و طالبات کے تعلیمی مستقبل اور منبر و محراب کی عزت و توقیر کی حفاظت کا مسئلہ ہے۔ مدارس رجسٹریشن کو سیاسی اُلجھاؤ کا ایشو نہ بنایا جائے، ایسی صورتحال سے سیکولر، مادر پدر آزاد لادین اور دینی مدارس کی دشمن قوتیں فائدہ اُٹھائیں گی۔ ملی یکجہتی کونسل کے وفود کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں قائدین سے ملاقاتیں کریں گے تاکہ اختلاف کی پہلی خلیج کو روکا جائے اور خوش اسلوبی کیساتھ مسائل کو حل کیا جائے۔ 26 ویں آئینی ترمیم پر اسٹیبلشمنٹ، مسلم لیگ (ن)، پی پی پی اور ایم کیو ایم نے اپنا اُلو سیدھا کر لیا، اب بھی جمعیت علمائے اسلام کی قیادت کسی اور سے مدد کی بجائے دینی مدارس کے قائدین اور علماء سے رابطہ کریں تو مسائل کے حل کی سبیل نکل آئے گی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ مسلم لیگ ن اور پی پی پی 2024ء کے متنازع نتائج اور اسٹیبلشمنٹ کے کندھوں پر بیٹھ کر اقتدار کی کرسی پر قابض ہو گئے۔ اپوزیشن جماعتیں منتشر ہیں، قومی ڈائیلاگ کا راستہ بند ہے۔

آرٹ اینڈ کلچر فورم (اے سی ایف) اور پنجاب کونسل آف دی آرٹ (پی یو سی اے آر) کے مشترکہ اشتراک سے الحمرا اوپن ایئر تھیٹر میں صوفی نائٹ قوال ندیم جمیل خان صوفیانہ کلام پیش کیے

صوفی نائٹ میں چیئرمین (اے سی ایف) راؤ دلشاد علی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر (پی یو سی اے آر) محمد تنویر ماجد اور شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت

acf
Arts & Culture Forum (ACF)
Punjab Council of the Arts (PUCAR)
"Sufi Night"
Nadeem Jamil Khan Qawwal

لاہور (خبر نگار) آرٹ اینڈ کلچر فورم (اے سی ایف) اور پنجاب کونسل آف دی آرٹ (پی یو سی اے آر) کے مشترکہ اشتراک سے الحمرا اوپن ایئر تھیٹر میں صوفی نائٹ کا انعقاد کیا گیا۔ صوفی نائٹ میں چیئرمین (اے سی ایف) راؤ دلشاد علی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر (پی یو سی اے آر) محمد تنویر ماجد نے خصوصی شرکت کی۔ صوفی نائٹ میں ملک کے معروف قوال ندیم جمیل خان سمیت نامور صوفی کلام پیش کرنے والے قوالوں نے اپنے کلام پیش کیے جسے وہاں موجود لوگوں نے خوب سراہا۔ اوپن ایئر تھیٹر میں عوام الناس کیلئے فری انٹری کا انتظام تھا جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں مرد و خواتین نے صوفی نائٹ میں شرکت کی۔ اس موقع پر صوفی نائٹ میں چیئرمین (اے سی ایف) راؤ دلشاد علی اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر (پی یو سی اے آر) محمد تنویر ماجد نے تقریب کے انعقاد کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج کی خوبصورت شام آرٹ اینڈ کلچر فورم (اے سی ایف) اور پنجاب کونسل آف دی آرٹ (پی یو سی اے آر) کے مشترکہ کاوش سے انعقاد پذیر ہوئی ہے جس پر تمام انتظامات کرنے والے مبارکباد کے مستحق ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوفیانہ پیغام امن و سلامتی کے فروغ کا ضامن ہے، صوفی موسیقی دلوں کو جوڑتی ہے۔ آرٹ اینڈ کلچر فورم آرٹ اور آرٹس کی ترقی کیلئے ہر ممکن اقدامات کرتا رہے گا اور آئندہ مستقبل میں بھی اس طرح کی صوفی نائٹ جیسی شاموں کے ذریعے فن اور فنکاروں کی صلاحیتوں اجاگر کرتا رہیگا۔

پائیدار اقتصادی ترقی، قرضوں پر انحصار کم کرنے کیلئے کثیر الجہتی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے، ماہرین معاشیات

اسٹاک ایکسچینج کا اوپر جانا غریب کی زندگی میں بہتری کا ہرگز پیمانہ نہیں، عاشق علی رانا، اسحاق بریار، جلیل اعوان و دیگر کا خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) پائیدار اقتصادی ترقی حاصل کرنے اور بیرونی قرضوں پر انحصار کم کرنے کے لیے پاکستان کو کثیر الجہتی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے، غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہوگا، پاکستان کامیاب ممالک کی پیروی کر کے سرمایہ کاری کو متحرک اور طویل مدتی ترقی کو اپنا سکتا ہے، ایک طرف حکومت آئی ٹی برآمدات کو مالی سال 2025ء تک 2.4 ارب ڈالر تک بڑھانے کا منصوبہ بنا رہی ہے اور دوسری جانب بے پناہ رکاوٹیں بھی حائل ہیں، اسٹاک ایکسچینج کا اوپر جانا غریب کی زندگی میں بہتری کا ہرگز پیمانہ نہیں۔ ان خیالات کا اظہار ماہر معاشیات صدر انٹرنیشنل لائرز ایسوسی ایشن عاشق علی رانا، جنرل سیکرٹری محمد اسحاق بریار، بیرسٹر نائب صدر ملک جلیل اعوان، نائب صدر فیصل اقبال خواجہ، فنانس سیکرٹری شیخ عدیل شاہد، ممبر لاہور ٹیکس بار نعمانہ شہزادی، سید عدیل حیدر جعفری مزاہد رسول گورائیہ اور دیگر نے "حکومت کی پالیسیاں سمت اور معیشت" کے موضوع پر منعقدہ مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان کے لیے طویل مدتی اقتصادی ترقی اور استحکام کو محفوظ بنانے کے لیے جامع اصلاحات اپنانا ہوں گی، اہم شعبوں جیسے کہ زراعت اور مینوفیکچرنگ کو جدید بنانا پیداواریت اور برآمدات میں اضافے کے لیے اہم کردار ادا کرے گا۔

محکمہ ماحولیات لاہور کے ڈپٹی ڈائریکٹر علی اعجاز نے سموگ کنٹرول کرنے میں دن رات ایک کر دیا

لاہور کو آلودگی سے پاک کرنا ہمارا اولین فرض ہے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی علی اعجاز ڈپٹی ڈائریکٹر لاہور

لاہور (خبر نگار) لاہور فضائی آلودگی کے اعتبار سے سرفہرست تھا جس کی وجہ سے لوگ بیماریوں میں مبتلا ہو رہے تھے علی اعجاز ڈپٹی ڈائریکٹر لاہور اور ان کی پوری ٹیم نے سیکرٹری و ڈی جی ماحولیات کا سر فخر سے بلند کر دیا جس کی مثال نہیں ملتی آج اگر ہم صاف فضا میں سانس لیں رہے ہیں تو ڈپٹی ڈائریکٹر لاہور اور ان کی پوری ٹیم کی دن رات کی محنت کا نتیجہ ہے جس کی تعریف لاہور ہائیکورٹ نے بھی اپنے لفظوں میں کی محکمہ ماحولیات کے ڈائریکٹر جنرل عمران حامد شیخ نے ہنگامی بنیادوں پر سخت فیصلے کیے اور سموگ سے پہلے صورت حال کو قابو کرنے کے لیے اینٹی سموگ سکواڈ ٹیمیں تشکیل دی جو اٹھارویں سکیل کے ڈپٹی ڈائریکٹر پر مشتمل تھی جنہوں نے دن رات فیلڈ میں بغیر سفارش کام کیا اور انڈسٹریز پر میرٹ پر فیصلے کیے محکمہ ماحولیات کی ایک بات تو قابل فخر ہے جب بھی میرٹ پر فیصلے کیے جائیں تو آلودگی پھیلانے والا مافیا اپنے مختلف حربے استعمال کر کے پریشرائز کرتا ہے کبھی کسی کی سفارش تو کبھی کسی کی سفارش مگر لاہور کی ٹیم نے نہ صرف حالات کا ڈٹ کے مقابلہ کیا بلکہ آلودگی کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف سخت ترین ایکشن بھی لیا لاکھوں میں جرمانے یونٹ سیل جب تک وہ اپنے ایس او پیز پورے نہیں کرتے تب تک کوئی بھی انڈسٹریز تو ڈی سیل ہوئی نہ ان کو کسی قسم کی فیور دی گئی۔ علی اعجاز ڈپٹی ڈائریکٹر لاہور لاہوریوں کو تحفظ لینے میں بازی لے گئے وقت نے ثابت کر دیا علی اعجاز ایک بہترین آفیسر ہیں جو محکمہ ماحولیات کا قیمتی اثاثہ ہیں لاہور ہائیکورٹ نے حکومت کی تعریف بھی اور موجودہ حکومت نے اس کا سارا کریڈیٹ لاہور کے ڈپٹی ڈائریکٹر علی اعجاز کو دے دیا علی اعجاز ایک محنتی اور ایماندار آفیسر ہیں جن کا شمار سینئر ترین سرکاری آفیسر میں ہوتا ہے۔ 10 دسمبر سے 75 مائیکرون سے کم پولیتھین بیگ پر مکمل پابندی ہے جس پر محکمے نے کارروائیاں کا باقاعدہ آغاز کر رکھا ہے دس ہزار سے لیکر پچاس ہزار تک کا جرمانہ بھی ہو سکتا ہے اس مہم میں لاہور کی ٹیم سب سے آگے دکھائی دی۔ جس نے ضبط کیے گئے 75 مائیکرون سے کم بیگ کو ری سائیکل کرنے کے بعد سکولوں کا فرنیچر پارکوں کے بینچ اور دیگر کارآمد چیزیں بنادی جس کی تعریف سی ایم پنجاب مریم نواز شریف نے کی اور ڈپٹی ڈائریکٹر لاہور علی اعجاز کو شاباش بھی دی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا تھا جب میں نے محکمے کا چارج سنبھالا تو محکمے کے پاس دھواں چھوڑتی گاڑیاں تھی لیکن محکمہ ماحولیات کے لوگ بہت محنتی دیکھے میں نے محکمے کو نئی گاڑیاں خرید کے دی اور سموگ جیسی وبا کے رزلٹ ساری عوام کی سامنے ہیں۔

سب ڈویژن تاج باغ کے علاقے عاصم ٹاؤن میں بجلی کے کھمبے اور تاروں نے ایک گھر کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے

چیف لیسکو انجینئر شاہد حیدر، چیف آپریشن عباس صاحب سے فوری ان کھمبے اور تاروں کو گھر سے ہٹانے کی استدعا



لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) تفصیلات کے مطابق ڈویژن مغلپورہ سب ڈویژن تاج باغ کے علاقے عاصم ٹاؤن حرمت پورہ میں واقع ایک گھر کے ساتھ بجلی کا ایک کھمبا لگا ہے اور ساتھ بجلی کی تاریں بھی گزر رہی ہیں جو کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتے ہیں اور جانی و مالی نقصان ہو سکتا ہے اہل علاقہ نے چیف لیسکو انجینئر شاہد حیدر، چیف آپریشن عباس صاحب سے استدعا کی ہے کہ اس بجلی کے کھمبے اور تاروں کو گھر سے تھوڑا ہٹا کر لگایا جائے۔

سانحہ اے پی ایس، سقوط ڈھاکہ، لاہور کے پبلک و پرائیویٹ سکول و کالجز (آج) بند رہیں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور کے تمام پبلک و پرائیویٹ سکول و کالجز آج (پیر) 16 دسمبر کو بند رہیں گے تاہم یونیورسٹیاں کھلی رہیں گی۔ ڈپٹی کمشنر لاہور کے مطابق سقوط ڈھاکہ اور اے پی ایس سانحہ پشاور کے شہداء کی یاد میں نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، شہدائے آرمی پبلک سکول کی قربانیوں کو بھی فراموش نہیں کریں گے، 16 دسمبر 2014 کا سانحہ بہت گہرا زخم ہے جس کا بھر پانا ممکن نہیں۔ ڈی سی او لاہور نے کہا کہ سانحہ پشاور میں بچوں کی شہادت نے قوم کو مضبوط اور متحد کیا، پاکستان جلد ایک پرامن ملک ہوگا، 16 دسمبر 1971 پاکستان کے لئے انتہائی اہم ہے کیونکہ اسی تاریخ کو سقوط ڈھاکہ کا سانحہ پیش آیا۔ اس روز پاکستان کا ایک اہم حصہ بھارتی جارحیت کے نتیجے میں الگ ہوا۔

اتوار دعائیہ تقریبات، کرسمس تیاریاں، گرجا گھروں کی سکیورٹی الرٹ

لاہور پولیس ہر موقع، تہوار پر بلاتفریق مکمل جذبے سے اپنے فرائض سرانجام دیتی ہے

انسانی زندگیوں سے کھیلنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) لاہور پولیس صوبائی دارالحکومت میں اقلیتوں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے۔ امن و امان کی فضاء برقرار رکھنے کیلئے تمام تر دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے کرسمس اور نئے سال کے پیش نظر گرجا گھروں کے اطراف میں نگرانی بڑھائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی پلان کے تحت 1700 سے زائد جوان گرجا گھروں کی سکیورٹی پر تعینات کیے گئے ہیں۔ گرجا گھروں میں واک تھرو گیٹس اور میٹل ڈیٹیکٹرز کے استعمال سے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ یقینی بنائی گئی۔ فیصل کامران نے کہا کہ کرسمس اور نئے سال پر چند جرائم پیشہ عناصر متحرک ہو جاتے ہیں جن کے تدارک کے لیے افسران تمام گرجا گھروں کی انتظامیہ سے مکمل رابطے میں رہیں۔ حساس گرجا گھروں میں پولیس کی اضافی نفری اور سنائپرز بھی تعینات کیے جائیں۔ ڈولفن سکواڈ، پی آر یو و دیگر پٹرولنگ ٹیمیں گرجا گھروں اور مسیحی کالونیوں کے اطراف موثر گشت یقینی بنائیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر سپر وائزری افسران چیکنگ کے لیے فیلڈ میں موجود رہے۔ ڈیوٹی پر موجود جوانوں کو چیک کیا اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے مزید کہا کہ لاہور پولیس ہر موقع، تہوار پر بلاتفریق مکمل جذبے سے اپنے فرائض سرانجام دیتی ہے۔ انسانی زندگیوں سے کھیلنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا۔

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران جی او چوک میں جوانوں کو ڈیوٹی کے متعلق بریف کر رہے ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

پنجابی آج زوال کا شکار ہے، مرحوم قسور اور میرے خواب مشترک تھے، وقاص بٹ

اگر ہم اپنے نظریہ کے ساتھ مخلص ہیں تو مرحوم کی روح خوش ہوگی مرحوم کی شاعری منظر عام پر لانا ہم پر قرض ہے، ماں بولی پنجابی تحریک کے رہنما قسور مبارک بٹ کی دوسری برسی کے موقع پر خطاب

قسور مبارک بٹ
دی یاد وچ دوجا
ہرکھ اکٹھ
صدارت
مہمان خصوصی
14 دسمبر 2024

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ماں بولی پنجابی تحریک کے رہنما قسور مبارک بٹ کی دوسری برسی کے موقع پر پنجاب لوک لہر کے صدر وقاص بٹ کی سرپرستی اور راہنمائی میں "ہرکھ اکٹھ" مجید امجد آڈیٹوریم آرٹس کونسل ساہیوال میں منعقد ہوا جس کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر مرزا معین الدین صدر شعبہ پنجابی گورنمنٹ کالج ساہیوال نے کی جبکہ مہمان خصوصی پروفیسر ڈاکٹر سعید خاور بھٹہ صدر شعبہ پنجابی گورنمنٹ کالج لاہور تھے۔ مہمان اعزاز معروف دانشور مسعود خالد، ڈاکٹر ریاض ہمدانی ڈائریکٹر آرٹس کونسل ساہیوال اور حکیم لطف اللہ تھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض اقبال حیدر ایڈووکیٹ نے ادا کیے۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر سعید خاور بھٹہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ پنجابی آج زوال کا شکار ہے۔ مرحوم قسور اور میرے خواب مشترک تھے اگر ہم اپنے نظریہ کے ساتھ مخلص ہیں تو مرحوم کی روح خوش ہوگی مرحوم کی شاعری منظر عام پر لانا ہم پر قرض ہے۔ پروفیسر مرزا معین الدین نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ یہ شعر قسور پر صادق آتا ہے "ترے جئے پت جمن ماواں کدے کدے کوئی" قسور بٹ نے پنجابی لائبریری بھی بنائی تھی۔ مرحوم قسور بٹ نے جو پنجابی کی شمع روشن کی تھی اس کو آگے لے کر چلنا ہماری قومی ذمہ داری ہے تاریخی کتاب کال بلیندی سمیت کئی پنجابی کتب کی اشاعت کا سہرہ بھی مرحوم کے سر ہے اشرف قدسی اور پروفیسر غلام رسول آزاد نے ساہیوال میں ماں بولی تحریک اور پنجابی سنگت کی بنیاد رکھی جس کو لے کر قسور آگے بڑھے۔ انہوں قسور کی شاعری کی فوری اشاعت کا مطالبہ بھی کیا۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل ڈاکٹر ریاض ہمدانی نے اپنی تقریر میں

عوام کو نکاح ناموں، ڈیتھ سرٹیفکیٹس کے اجرا میں دیانتداری سے کام کیا جائے، ڈپٹی کمشنر

ستھرا پنجاب مہم سے عوام کو مستفید کرنے کے لیے تمام تر اقدامات کیے جائیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے ضلع بھر کی مختلف یونین کونسلز کے سیکرٹریز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو نکاح ناموں، ڈیتھ سرٹیفکیٹس کے اجراء کے سلسلہ میں محنت اور دیانتداری سے کام کیا جائے، حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق ستھرا پنجاب مہم سے عوام کو مستفید کرنے کے لیے تمام تر اقدامات کیے جائیں، اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ میاں عاصم وٹو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اوکاڑہ ملک لیاقت کھوکھر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ رینالہ خورد نعیم چشتی سمیت ضلع بھر کی مختلف یونین کونسلز کے سیکرٹری بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ یونین کونسلز کے دفاتر میں نکاح ناموں اور ڈیتھ سرٹیفکیٹس کے اجراء کے سلسلہ میں کام میں بہتری لائی جائے اور اس سلسلہ میں پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جائے، ڈیتھ سرٹیفکیٹس کی رجسٹریشن کے لیے دفاتر میں کمپیوٹر آپریٹرز بھرتی کیے جائیں تاکہ کام میں بہتری لائی جاسکے، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ یونین کونسلز کے سیکرٹری محنت سے کام کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، انہوں نے کہا کہ بہترین کارکردگی کے حامل یوسی سیکرٹریز کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیے جائیں گے جبکہ غفلت کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی

موجودہ ملکی صورتحال قومی یکجہتی کی متقاضی ہے، بیرسٹر ابوبکر بھٹی

تمام اسٹیک ہولڈرز ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی سعی کریں، عباد اظہر بھٹی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) معاشی استحکام کیلئے ملکی اسٹیک ہولڈرز کو مستحکم بزنس پالیسیز اور مہنگائی کی شرح کو کم کرنا ہوگا تاکہ صنعتکاروں کو خام مال کی خریداری میں سہولت ہو اور بین الاقوامی منڈیوں میں سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے ایکسپورٹرز اپنی کوالٹی پراڈکٹس کو مقابلے کی فضا قائم رکھتے ہوئے بہتر انداز میں ایکسپورٹ کرسکیں۔ یوٹیلٹی بلز میں ہوشربا اضافہ کیوجہ سے بزنس کمیونٹی کو اپنی کوالٹی پراڈکٹس کی مینوفیکچرنگ کی کاسٹ آف پروڈکشن میں بڑھوتری کا سامنا ہے وہیں اس سے عام پاکستانی کی استعداد کار و ماہانہ انکم میں کمی کا سامنا ہے ملک میں بجلی گیس پیٹرولیم مصنوعات سمیت گھریلو کموڈیٹیز کی قیمتوں میں اضافہ سے ملک میں مہنگائی عروج پر اور عوام پریشان ہیں۔ ان باتوں کا اظہار مایہ ناز ایکسپورٹر اظہر حمید بھٹی کے صاحبزادوں معروف بزنس مین بیرسٹر ابوبکر بھٹی و عباد اظہر بھٹی نے میڈیا بیان میں کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملکی موجودہ صورتحال میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو چاہیے کہ قومی یکجہتی کا مظہر بنیں۔

ہوشربا مہنگائی و بدانتظامی حکومت ناکام ہو چکی ہے، امتیاز علی وریاہ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) دلفریب اشتہارات و لفاظی کیساتھ غریب کا چولہا نہیں جلتا۔ عام آدمی مہنگائی کے ہاتھوں پریشانی کا شکار ہے بچوں کے سکولوں کی بھاری بھرکم فیسیں ہوں یا بجلی گیس پیٹرول ہر طرف مہنگائی کیوجہ سے گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ترین ہو چکا عام عوام بھوک کے ہاتھوں پریشان اور اشرافیہ و سرکاری افسران مفت کا تیل مفت رہائشیں، مفت بجلی گیس و مراعات انجوائے کررہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین و سماجی رہنما چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے اپنے جاری میڈیا بیان میں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مہنگائی عروج پر گوشت بڑا ہو چھوٹا یا پھر مرغی کا گوشت ہو یا دالیں یا انڈے ہر شئے عام پاکستانی کی پہنچ سے باہر ہو چکی ہے۔ گوجرانوالہ میں حالیہ افسوسناک واقعہ کے دوران بجلی کا 30 ہزار کا بل ادا نہ کر سکنے پر بھائی نے اپنے ہی سگے بھائی کو چھریوں کے وار کر کے قتل کر دیا۔

شکرگڑھ شہر میں گیس کی بندش سے عوام پریشان، لوڈشیڈنگ ختم کرنے کا مطالبہ

گیس کی مسلسل لوڈشیڈنگ اور عدم دستیابی نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) سردیوں کی آمد شہر اور گردونواح میں گیس کی مسلسل لوڈ شیڈنگ اور عدم دستیابی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی سردیوں کے موسم میں گیس کی عدم دستیابی کی وجہ سے عام لوگوں کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑھ گئے غریب عوام مہنگے سلینڈر خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے، جس کی وجہ سے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے سوئی نادرن گیس پائپ لائن لمیٹڈ سے مقامی شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کی لوڈ شیڈنگ میں کمی کی جائے تاکہ عوام خصوصاً غریب طبقہ اس مہنگائی کے دور میں کچھ سکون کا سانس لے سکے شہریوں کا کہنا ہے کہ گیس کا بحران دن بدن شدت اختیار کرتا جارہا ہے، جو حکومت کی گیس پالیسیوں پر سوالیہ نشان ہے واضح رہے کہ گیس کی بندش اور لوڈ شیڈنگ کے باعث نہ صرف گھریلو زندگی متاثر ہو رہی ہے بلکہ کاروباری سرگرمیاں بھی مفلوج ہو رہی ہیں۔ عوام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اس مسئلے کا حل نکالا جائے اور گیس کی مسلسل فراہمی یقینی بنائی جائے

زراعت ترقی کرے گی تو معیشت ترقی کرے گی، پروفیسر احسن اقبال

پاکستان میں پانی، زرخیز زمین، پانی اور چار موسم اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہیں۔ ہمارا شمار دنیا میں اجناس پیدا کرنے والے پہلے 10 ملکوں میں ہوتا ہے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) وزیراعلی پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم کی فراہمی کے حوالے سے محکمہ زراعت کے زیراہتمام تقریب کا انعقاد، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و پلاننگ پروفیسر احسن اقبال نے تقریب میں مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کے علاوہ صوبائی چیئرمین پنجاب بیت المال خواجہ محمد وسیم بٹ، چیئرمین صوبائی اسٹینڈنگ کمیٹی احمد اقبال، رانا منان، پیر اظہر الحسن گیلانی، ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالہ ڈویژن ڈاکٹر محمد شکیل، اسسٹنٹ کمشنر سلمان قیوم شیخ، ڈپٹی ڈائریکٹر توسیع نارووال افتخار احمد سمیت کاشتکاران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں گرین ٹریکٹر حاصل کرنے والے کسانوں کو مبارکباد دیتا ہوں مجھے خوشی ہے کہ میں آج اس محنت کش طبقے سے مخاطب ہوں کہ جو اپنی محنت کے ساتھ ہمارے کھانے کی ٹیبل کو سجاتے ہیں، وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ زراعت ہماری معیشت کا 24½ حصہ ہے، اگر پاکستان کی زراعت ترقی کرے گی تو پاکستان کی معیشت ترقی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پانی، زرخیز زمین، پانی اور چار موسم اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہیں۔ ہمارا شمار دنیا میں اجناس پیدا کرنے والے پہلے 10 ملکوں میں ہوتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ زراعت کے شعبے میں فی ایکڑ پیداوار کے حوالے سے ہم دنیا میں بہت نیچے ہیں، زرعی معیشت کی بہتری کیلئے ہمیں دودھ اور زرعی پیداوار کو بہتر بنانا ہوگا کیونکہ کاشت کے بہتر طریقوں اور اعلی بیجوں کے انتخاب سے ہم زرعی پیداوار کو بڑھا سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمیں زرعی پیداوار میں کیمیکل کے وافر استعمال کو ترک کرنا ہوگا، کیونکہ کیمیکل کی زیادہ آمیزش والی فصل ایکسپورٹ نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کے سٹاف کی طرف سے کسانوں کو یہ بتانا چاہیے کہ کونسی فصلیں بآسانی برآمد کی جاسکتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت زرعی ترقی کیلئے ٹیکنالوجی کے استعمال کی طرف جارہی ہے اور زرخیز زمین کے باوجود ہم گندم امپورٹ کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 2018 میں جب ہم نے حکومت چھوڑی تب گندم، چاول اور گنا سمیت مختلف اجناس میں ہم خودکفیل تھے جبکہ تبدیلی سرکار نے اچھی بھلی زراعت کو بھی برباد کر کے رکھ دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 2018 میں ایک اناڑی کو پاکستان کی چابی دی گئی، اس اناڑی نے معیشت برباد کر کے مہنگائی کی شرح میں تاریخی اضافہ کر دیا اور ہم نے جو اصلاحات کی ہیں انکے لئے ضروری ہے کہ حالات پرامن رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ضروری ہے۔

انسانیت کی خدمت میرا مشن ہے، لائن محمد خالد وسیم

لائنز کلب کیجانب سے امتیازی عہدہ اعزاز ہے، ثپوت سیالکوٹ کا خطاب

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈی۔ جی لائنز کلب انٹرنیشنل طاہر مجید کپور کی زیر صدارت عظیم الشان مقابلہ حسن قرات سیالکوٹ کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب انٹرنیشنل شکیل اے سیٹھی و ثپوت سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ جیوری نے پروگرام میں شریک قراء امیدواران کو پہلی دوسری اور تیسری پوزیشن کے انعامات تقسیم کیے۔ بعدازاں ڈی۔ جی لائنز کلب اور ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب نے ثپوت سیالکوٹ لائن محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کو امتیازی عہدہ کے بیجز لگائے۔ اپنے خطاب کے دوران معروف سیاسی و سماجی رہنما نے کہا کہ لائنز کلب انٹرنیشنل انسانیت کی فلاح و بہبود اور خدمت کا عظیم پلیٹ فارم ہے۔ عرصہ دراز سے لائن کلب انٹرنیشنل کے مختلف اہم عہدوں پر نوبل سروسز ادا کر رہا ہوں۔ میں ڈی۔ جی لائنز کلب طاہر مجید کپور اور ڈسٹرکٹ گورنر لائنز کلب انٹرنیشنل شکیل اے سیٹھی اور اپنے بھائی لائن آفتاب حسین ناگرہ کا تہہ دل سے مشکور ہوں جن کی معاونت سے ہمیشہ دکھی انسانیت کی بھلائی کیلئے کوشاں رہے انشاءاللہ آئندہ بھی یہ نوبل کاز جاری رہے گا۔

کسی بھی مسئلہ کا حل صرف اور صرف ڈائیلاگ سے ہی ممکن ہے، ڈاکٹر جاوید اختر نورانی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) مولانا شاہ احمد نورانی ؒ نے اپنے جد امجد حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی یاد تازہ کرتے ہوئے ختم نبوت ﷺ پر پہرہ دے کر قادیانوں کو پارلیمنٹ کے ذریعے اقلیت قرار دلا کر اپنا فریضہ ادا کیا اور دین اسلام کی آبیاری و بقاء کیلئے مسلسل جدوجہد کی۔ آپ نے تحریک ختم نبوت ﷺ سمیت مذہبی و سیاسی تحریکوں میں اپنا موثر کردار ادا کیا۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علما پاکستان پنجاب کے صدر علامہ نور احمد سیال، سینئر نائب صدر علامہ محمد احمد برکاتی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر جاوید اختر نورانی نے جے یو پی تحصیل کوٹ رادھا کشن کے زیر اہتمام تاجدار صداقت کانفرنس و عرس امام نورانی کی پُروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی مسئلہ کا حل صرف اور صرف ڈائیلاگ سے ہی ممکن ہے۔ اختلاف جس حد تک بھی بڑھ جائیں بالآخر مذاکرت کی میز پر بیٹھنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دورِ حکومت میں حالات میں بہتری ضرور آئی ہے مگر اس کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچ رہے، حکومت اس بارے میں اپنی پلاننگ کر کے آگے بڑھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حاجی محمد انصاری نے سرانجام دیئے جبکہ اس موقع پر مقامی صدر علامہ مشتاق احمد ربانی، سینئر نائب صدر قاری ارشاد احمد قادری، ضلعی جنرل سیکرٹری مشتاق نورانی، ضلعی سینئر نائب صدر علامہ غلام مصطفی قادری نے کہا کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنی پوری دولت اسلام پر صرف کر دی، آپ کی بے شمار قربانیوں کی وجہ سے حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں نے سب کے احسان کا بدلہ اتار دیا لیکن یار غار حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کا احسان مجھ پر ہے۔ کانفرنس میں پروفیسر محمد انوار حنفی، قاری جاوید اقبال نوری، قاری ولی محمد قادری، حافظ اقبال صدیقی، حافظ سجاد نقشبندی، میاں عبدالمنان سلطانی بھی شریک ہوئے جبکہ الحاج محمد اکرم شاہین نے جے یو پی کے نومنتخب قائدین کے اعزاز میں عشائیہ دیا۔

مصطفی آباد: ایکٹو الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کے عہدے داران کی ہنگامی پریس کانفرنس

سروس سٹرکچر کا فوری نفاذ نہ ہونا اور اس میں رکاوٹیں ڈالنا بند کیا جائے، محمد ارشد انصاری، عصمت امین شاد

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ایکٹو الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز آرگنائزیشن آف پاکستان کے عہدے داران کی ہنگامی پریس کانفرنس، سروس سٹرکچر کا فوری نفاذ نہ ہونا اور اس میں رکاوٹیں ڈالنا بند کیا جائے، حکومت وقت سے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل کونسل کے زرنگ کونسل میں انضمام پر سخت غصے کا اظہار، تفصیلات کے مطابق ایکٹو الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز آرگنائزیشن آف پاکستان کے مرکزی و صوبائی عہدیداران کی پریس کلب مصطفی آباد میں ہنگامی پریس کانفرنس، پریس کانفرنس میں ایکٹو AHP پاکستان کے چیئرمین محمد ارشاد انصاری نے کہا کہ کونسل ماں کی طرح ہوتی ہے اور ایک شناخت ہوتی، ہمیں ہماری شناخت سے محروم کرنا زیادتی ہے، سیکرٹری نشرواشاعت شفیق حاکم محمد ارسلان ڈسپنسر آف دفتوہ ہمراہ موجود تھے، جنرل سیکرٹری ایکٹو AHP پاکستان عصمت امین شاد نے حکومت وقت سے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل کونسل کے زرنگ کونسل میں انضمام پر سخت غصے کا اظہار کیا، حکومت وقت کو متنبہ کیا کہ وہ اس طرح کی کسی بھی غیر ضروری اقدام سے باز رہے۔

صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کا اوکاڑہ یونیورسٹی کا دورہ،

سنڈیکیٹ کی صدارت کرتے ہوئے 792 ملین کا بجٹ منظور کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) صوبائی وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات کا اوکاڑہ یونیورسٹی کا دورہ، سنڈیکیٹ کی صدارت کرتے ہوئے 792 ملین کا بجٹ منظور کیا، بعدازاں وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے جرنلسٹ محمد مظہر رشید چودھری سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وزیراعلی مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق فروغ تعلیم کے لیے بھرپور وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، ممبران صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، جاوید علاؤ الدین، غلام رضا ربیرہ، سید عاشق حسین کرمانی، موتیا مسعود، ممبران قومی اسمبلی چودھری ریاض الحق جج، ندیم عباس ربیرہ اور ضلع اوکاڑہ سے پارلیمنٹیرینز کا شکریہ ادا کرتا ہوں، گفتگو کے دوران ممبر صوبائی اسمبلی موتیا مسعود، ضلعی صدر مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ و دیگر بھی موجود تھے، رانا سکندر حیات نے کہا کہ اجلاس میں مجھے بتایا گیا ہے کہ اوکاڑہ یونیورسٹی میں 22 ہزار بچے پڑھتے تھے جو 50 فیصد کم ہو گئے، بچوں کے ٹرانسپورٹ کے روٹس، یونیورسٹی کے ریسورسز بھی کم ہو گئے ہیں، انشاءاللہ ایک سال میں اوکاڑہ یونیورسٹی میں دنیا کے ٹاپ ڈسپلنز یہاں متعارف کرانے جا رہے ہیں اور انرولمنٹ بڑھانے کے لیے اقدامات کرنے کے ساتھ بچیوں کے لیے سکلز کے پروگرام لا رہے ہیں، یونیورسٹی آف اوکاڑہ کو ٹاپ یونیورسٹی بنائیں گے، انڈرپاس کی تعمیر کے حوالہ سے ورکنگ کریں گے۔

چک بہادر جنگلات کے 160 ایکڑ رقبہ پر شجرکاری کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر

طلباء و طالبات اپنے نام کے ساتھ ہاتھوں سے پودے لگائے گے، صفی اللہ گوندل

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) پہلے مرحلے میں لالیاں چک بہادر جنگلات کے 160 ایکڑ رقبہ پر شجرکاری کی جائے گی، اس سلسلہ میں تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دی جائے، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے یہ جاری کیں، اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر لالیاں شازیہ رحمان، ریجنل فاریسٹ آفیسر محمد جمشید، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز سید منور بخاری، سی او ایجوکیشن ناصر عزیز و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا کہ چک بہادر میں بڑے پیمانے پر شجرکاری کی جائے گی، جس میں مختلف اقسام کے بڑے پودے لگائے جائیں تاکہ انکو بڑھنے پھلنے پھولنے میں آسانی ہو، انہوں نے آر ایف او اور ڈی ایف او کو ہدایت کی کہ 160 ایکڑ رقبہ کو پلانٹیشن کے لیے مکمل طور پر تیار کیا جائے اور انکی دیکھ بھال پانی وغیرہ کا انتظام مکمل کریں، بہت جلد وہاں پودے لگانے کا عمل شروع کر دیا جائے گا جس میں سرکاری و پرائیویٹ کالجز، سکولوں کے طلباء و طالبات اپنے نام کے ساتھ ہاتھوں سے پودے لگائے گیں اور گاہے بگاہے وہاں کا وزٹ کر کے انکی دیکھ بھال کا خیال رکھیں گے، انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز اور سی او ایجوکیشن کو اس حوالے سے اپنے انتظامات کو مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں، انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر شازیہ رحمان کو تمام تر پروگرام کو لیڈ کرنے کی ہدایت کی، ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ چک بہادر کی جگہ بیکار پڑی تھی جسے اب کام میں لا کر لاکھوں پودے لگا کر ہرا بھرا کیا جائے گا۔

اوورلوڈنگ کے خلاف موٹروے پولیس ساہیوال کی مہم جاری ہے، عاطف شہزاد (ایس پی موٹروے پولیس)

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) اوورلوڈنگ کے خلاف موٹروے پولیس ساہیوال کی مہم جاری ہے۔ سڑکیں ہمارا قومی اثاثہ ہیں جن کی حفاظت ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایس پی موٹروے پولیس عاطف شہزاد نے اوورلوڈنگ کے خلاف خصوصی مہم کے جائزہ وزٹ کے دوران ساہیوال اور اوکاڑہ میں پریس بریفنگ کے دوران کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی موٹروے پولیس ساہیوال رب نواز بھٹی، ایڈمن آفیسر خیام اصغر، علاء اصغر بھی موجود تھے۔ ایس پی موٹروے پولیس نے ایکسل لوڈ کنٹرول مہم کے تحت لاہور سے ساہیوال تک قومی شاہراہ کا دورہ کیا اور جاری مہم کا جائزہ لیا۔ اس مہم کی نگرانی آئی جی موٹروے پولیس سلمان چوہدری براہ راست کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں مال بردار گاڑیوں کے مالکان اور یونین نمائندوں کو اعتماد میں لینے کے ساتھ ساتھ خلاف ورزی کی صورت میں موٹروے پولیس کی جانب سے بھرپور کاروائی کی جا رہی ہے۔ جس میں اوورلوڈ گاڑیوں کو بھاری جرمانے، گاڑیوں کو قومی شاہراہ سے اتارنے اضافی لوڈ کی دیگر گاڑیوں پر منتقلی اور خلاف ورزی میں ملوث گاڑیوں کی بندش شامل ہے۔ موٹروے پولیس عوام کو مسلسل آگاہی فراہم کر رہی ہے تاکہ قومی شاہراہوں کو محفوظ اور بہتر بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس ملک بھر میں حکومتی پالیسی کے مطابق ایکسل لوڈ قوانین پر عملدرآمد کو تیز تر کر رہی ہے۔ اوورلوڈنگ نہ صرف سڑکوں کی تباہی کا سبب بنتی ہے بلکہ ملکی معیشت کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچاتی ہے۔

حافظ آباد: صحافیوں کیخلاف درج مقدمہ کا نوٹس، تفتیشی افسر کی سرزنش

پراسیکیوٹر جنرل کی متاثرہ صحافیوں کو تفتیش میں فوری شامل کرنے کی ہدایت

حافظ آباد (رانا طارق محمود) پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے حافظ آباد کے 8 صحافیوں کے خلاف درج مقدمہ کا نوٹس لیتے ہوئے مقدمہ کے تفتیشی افسر ملک امجد کو اپنے دفتر طلب کیا جہاں انہوں نے تھانہ کسوکی میں صحافیوں کے خلاف درج مقدمہ میں صحافیوں کو تفتیش میں شامل نہ کرنے اور قانون کی لاعلمی بارے تفتیشی افسر کی سرزنش کی۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل نے متاثرہ صحافیوں کو تفتیش میں فوری شامل کرنے کی ہدایت کی۔ جس پر چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب امجد پرویز چٹھہ سمیت تمام متاثرہ صحافیوں اسد جاوید، حافظ عزیز الرحمن، احسان اللہ قادری، شیخ محمد جاوید، سید اسرار شاہ اور شہباز گل کو تفتیشی افسر ملک امجد نے موقع پر ہی بلا کر شامل تفتیش کیا اور انکے بیانات قلمبند کیے۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا کہنا تھا کہ صحافیوں کو انکے پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی پر کیسے روکا جا سکتا ہے؟ پراسیکیوٹر جنرل نے پولیس تفتیشی آفیسر کو آئندہ سماعت تک صحافیوں کو مقدمہ سے خارج کرنے کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ چند ہفتے قبل کسوکی پولیس نے پی ٹی آئی کے ضلعی قائد اور سابق ایم این اے مہدی حسن بھٹی کی برج دارا میں پریس کانفرنس کے دوران دھاوا بول کر پریس کانفرنس میں شرکت کرنے والے چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب امجد پرویز چٹھہ سمیت آٹھ صحافیوں کے خلاف مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا تھا۔ جس کے خلاف ڈسٹرکٹ بار کے علاوہ علماء اور مختلف سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے افراد نے اس پولیس گردی کی شدید الفاظ میں مذمت بھی کی تھی۔

بڑھتی آباد پر قابو کیلئے عوامی سوچ اور رویوں میں تبدیلی لانا ناگزیر ہے، ثمن رائے

بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ کیلئے اپنے وسائل کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب

وسائل اور آبادی میں توازن
صحت اور خوشحالی کا ضامن

حافظ آباد (رانا طارق محمود) ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب میڈم ثمن رائے کا کہنا ہے ملک میں بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے لیے عوامی سوچ اور رویوں میں تبدیلی لانا ناگزیر ہے۔ پاپولیشن کنٹرول پروگرام کیلئے جہاں محکمہ بہبود آبادی بھرپور اقدامات کر رہا ہے تو وہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ کے لیے اپنے وسائل کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ ہماری سوسائٹی میں عوام کی ایک بڑی تعداد بغیر سوچے سمجھے اور بغیر کسی پلاننگ کے شرح پیدائش میں اضافہ کر رہے ہیں جو آنے والے وقتوں میں نہ صرف انکے بلکہ ملکی معاشی اور معاشرتی مسائل کا سبب بھی بن سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ حافظ آباد کے موقع پر محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کے افسران، سوشل موبلائزرز اور دیگر ملازمین سے خطاب میں کیا۔ ڈسٹرکٹ آفیسر محمد عاطف علی تحصیل آفیسر میڈم ساجدہ مشتاق اور دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر میڈم ثمن رائے نے ضلعی، تحصیل افسران اور سوشل موبلائزرز کو ہدایت کی کہ بچوں کو پیدائش میں مناسب وقفہ، ماں اور بچے کی صحت اور محکمہ کے دیگر اقدامات بارے عوام میں خصوصی آگاہی کا سلسلہ وسیع کیا جائے۔ شہری و دیہی علاقوں میں مقامی علمائے کرام، اساتذہ، میڈم کے نمائندوں اور سول سوسائٹی کے دیگر سرکردہ افراد کے تعاون اور اشتراک سے خصوصی مہم چلائی جائے اور عوام کو اس بارے آگاہی دے جائے۔ محکمہ بہبود آبادی پنجاب بھر میں فیملی پلاننگ، بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ، ماں بچے کی بہتر صحت، علاج معالجہ کے حوالہ سے بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ فیملی پلاننگ کیلئے تمام اضلاع، تحصیلوں اور مراکز کی سطح پر ہسپتال، کلینک اور ویلفیئر سنٹرز کام کر رہے ہیں۔

قانون دان کا قتل، بارچونیاں مقامی پولیس اور ڈی پی او قصور سے نالاں



الہ آباد (نامہ نگار) قانون دان کا قتل، بار چونیاں مقامی پولیس اور ڈی پی او قصور سے نالاں، اقبال جمیل ایڈووکیٹ کے قتل پر ڈی پی او قصور عیسیٰ خاں کے غیر سنجیدہ رویئے پر افسوس کا اظہار ہے بار صدر چونیاں اسد جمال اکبر نے پریس کانفرنس میں کہا کہ نامزد و نامعلوم ملزمان نے مین چھانگا مانگا روڈ کچہری کے قریب دن دھاڑے مقتول اقبال جمیل ایڈووکیٹ کو آتشیں اسلحہ سے لیس ایڈووکیٹ کی گاڑی پر اندھادھند فائرنگ کر دی جس سے گزشتہ روز مذکورہ ایڈووکیٹ قتل جبکہ اس کا ساتھی زخمی ہوا۔ علاقہ میں امن وامان کی بدترین صورتحال ہے قصور پولیس کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ بار چونیاں کے صدر اسد جمال نے مزید کہا کہ اگر پولیس ملوث نامزد ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام ہوئی تو 16 دسمبر کو بار چونیاں کی مکمل ہڑتال ہوگی اور 18 دسمبر تک گرفتار نہیں کرتی تو بار کے اراکین ڈی پی او آفس قصور کے باہر بھرپور احتجاج کریں گے اور احتجاج کا دائرہ وسیع کرتے جائیں گے۔ مقتول اقبال جمیل ایڈووکیٹ کی نماز جنازہ آبائی گاؤں بھمبکے میں ادا کی گئی۔

ضلع سیالکوٹ میں 5 روزہ سپلیمنٹری قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز

ڈی سی سیالکوٹ کے ہمراہ ڈاکٹر اسلم چوہدری نے افتتاح کیا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے بنیادی مرکز صحت مراد پور میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ سی ای او ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر محمد اسلم چودھری، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر وسیم مرزا اور ڈاکٹر سدرہ گیلانی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ یہ امسال کی 4 اور آخری سپلیمنٹری انسداد پولیو مہم ہے جو آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان سمیت چاروں صوبوں کے 143 اضلاع میں بیک وقت شروع کی جارہی ہے جس کے دوران 5 سال سے کم عمر 4 کروڑ 47 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس میں ضلع سیالکوٹ کے 7 لاکھ 95 ہزار 877 بچے شامل ہیں جن کو حفاظتی قطرے پلانے کیلئے کیلئے کل 6 ہزار 288 پولیو ورکرز اور سٹاف فرائض انجام دیں گی۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کیلئے 2 ہزار 6 سو 76 موبائل ٹیمیں گھروں، سکولوں اور مدارس میں جا کر، 133 فکسڈ ٹیمیں دیہی و بنیادی مراکز صحت، ڈسپنسریوں، ای پی آئی مراکز اور ہسپتالوں میں جبکہ 69 رومنگ/ٹرانزٹ ٹیمیں لاری اڈوں، بس اسٹاپس اور اہم چوکوں اور بازاروں میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا قومی فریضہ انجام دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مہم کی نگرانی کیلئے 129 یوسی مانیٹرنگ آفیسر اور 536 ایریا انچارج ڈیوٹی انجام دیں گے، چاروں تحصیلوں میں اسسٹنٹ کمشنر اور ڈپٹی ڈی ایچ اوز ملکر مہم کو سپروائز کریں گے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے آٹھویں انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

سی ای او ہیلتھ، ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال سمیت محکمہ ہیلتھ کے دیگر افسران بھی ہمراہ تھے

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ملک احمد فراز اعوان نے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر رواں سال کی اٹھویں انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا، اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سہیل اصغر، ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر آصف جلیس، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر خورشید احمد بلوچ سمیت محکمہ ہیلتھ کے دیگر افسران بھی موجود تھے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ملک احمد فراز اعوان نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ قومی ذمہ داری ہے اور پنجاب کو پولیو فری بنانے کے لیے محکمہ ہیلتھ بھرپور انداز میں کام کر رہا ہے، ضلع بھر کے 5 سال تک کی عمر کے 3 لاکھ 92 ہزار 235 بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کے لیے 1640 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، محکمہ ہیلتھ کے حکام بچوں میں پولیو ویکسینیشن کے سلسلہ میں انسداد پولیو ٹیموں کی ورکنگ کی کڑی نگرانی کریں، انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم 16 تا 20 دسمبر جاری رہے گی، انہوں نے کہا کہ 100 فیصد کوریج کو یقینی بنایا جائے، والدین انسداد پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر عمر بھر کی معذوری سے بچائیں۔

حفاظتی ٹیکہ جات: چارج نرسز اور ایل ایچ ویز کی سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کیلئے عالمی ادارہ صحت کی جانب سے

دوروزہ ٹریننگ کا انعقاد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ صحت حکومت پنجاب کی ہدایت پر کم عمر بچوں کے توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات کے سلسلہ میں محکمہ صحت کی چارج نرسز اور ایل ایچ ویز کی سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کیلئے عالمی ادارہ صحت کی جانب سے دو روزہ ٹریننگ کا انعقاد چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ حافظ آباد کے کانفرنس ہال میں کیا گیا۔ جس میں عالمی ادارہ صحت کے نمائندہ ڈاکٹر احمد شفیق ڈویژنل آفیسر گوجرانوالہ نے خصوصی شرکت کی۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد کھوکھر، ڈی ایچ او اینڈ پریونٹو سروسز ڈاکٹر فائق علی سیال، اور حاجی ضیاء القمر ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ ویکسینیشن سمیت چارج نرسز اور ایل ایچ ویز کی بڑی تعداد تربیتی سیشن میں شریک تھی۔ ٹریننگ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے ڈبلیو ایچ او اور محکمہ صحت کے ڈاکٹرز کا کہنا تھا کہ کم عمر بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات کے سلسلہ میں چارج نرسز اور ایل ایچ ویز کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے اور ٹیکہ جات لگانے کے اہداف کو سوفیصد یقینی بنانے کے لیے ٹریننگ انعقاد خوش آئند ہے اس طرح کے تربیتی سیشن سے محکمہ صحت کے مرد و خواتین ملازمین کی پروفیشنل سروسز اور اپروچ کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ انکا کہنا تھا کہ بچوں کی بہتر صحت کے لیے ضروری ہے کہ انہیں مختلف امراض سے بچانے لیے ٹیکہ جات کے مکمل کورسز کروائے جائیں اس موقعہ پر ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹرز نے مقامی سطح پر ای پی آئی اور توسیع پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات کے کامیاب پروگرام اور اقدامات کو سراہا۔ اس موقعہ پر نرسز اور ایل ایچ ویز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیئے۔

سپرنٹنڈنٹ/انچارج مسز ثمرہ رباب کو صنعت زار (ڈسٹرکٹ انڈسٹریل ہوم) جھنگ کے ڈسٹرکٹ منیجر کا ایڈیشنل چارج دیا گیا



جھنگ (بیورو رپورٹ) سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب نے جھنگ محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال جھنگ کی کہنہ مشق آفیسر اور دارالامان کی سپرنٹنڈنٹ/انچارج مسز ثمرہ رباب کو صنعت زار (ڈسٹرکٹ انڈسٹریل ہوم) جھنگ کے ڈسٹرکٹ منیجر کا ایڈیشنل چارج دیا گیا ہے۔ جس کا مسز ثمرہ رباب نے چارج سنبھال کر محکمانہ ذمہ داریوں کا آغاز کر دیا ہے اس موقع پر معروف سوشل ایکٹیوسٹ ڈاکٹر مہر محمد ریاض نول سمیت سول سوسائٹی اور ایڈوائزری کمیٹی کے اراکین نے مسز ثمرہ رباب کو صنعت زار جھنگ کا بطور منیجر چارج سنبھالنے پر مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ مسز ثمرہ رباب نے جس طرح بطور انچارج دارالامان اور ڈسٹرکٹ ویمن پروٹیکشن آفیسر جھنگ میں گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں اور دے رہی ہیں اور دارالامان جھنگ کو پنجاب کا نمبرون دارالامان بنانے کا اعزاز حاصل کیا ہے ہم توقع رکھتے ہیں کہ مسز ثمرہ رباب بطور ڈسٹرکٹ منیجر صنعت زار جھنگ میں اپنی پیشہ وارانہ خدمات کی بدولت صنعت زار جھنگ کو بھی چیئرمین ایڈوائزری کمیٹی مہر آصف مکھیانہ و ممبران کے ساتھ مل کر پنجاب کا نمبرون اور مثالی صنعت زار بنانے میں بھرپور کردار ادا کریں گی اور وہاں زیر تعلیم بے روزگار خواتین کو سکلز کے ذریعے ہنرمند بنانے اور ان کے گھریلو معاشی حالات کو بہتر بنانے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں سنگ میل ثابت ہوں گی اور جھنگ بھی دوسرے بڑے صنعتی شہروں کی طرح گھریلو صنعت کاری میں ترقی کی راہ پر ضرور گامزن ہوگا۔

16 دسمبر کا دن اے پی ایس کی شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، بیگم طلعت شوکت چیمہ

وزیرآباد (نامہ نگار) سابق ایم پی اے و ضلعی صدر حلقہ خواتین مسلم لیگ (ن) بیگم طلعت شوکت چیمہ نے کہا ہے کہ 16 دسمبر کا دن اے پی ایس کی شہداء کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت ملک سے دہشت گردی کا مکمل طور پر خاتمہ ہوا، پرامن فضائیں شہدائے اے پی ایس کی مرہون منت ہیں شہداء اے پی ایس کی قربانیوں کو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا، پاک آرمی پبلک سکول پشاور میں درندے دہشت گردوں نے معصوم فرشتوں کے خون سے ہولی کھیل کر ظلم وبربریت کا بدترین باب رقم کیا، پوری قوم شہدائے اے پی ایس کو سلام پیش کرتی ہے، سانحہ اے پی ایس کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا جنہیں معصوم پھول کھلنے سے پہلے ہی مرجھا گئے، 16 دسمبر 1917 ہماری تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب ہم سے ہمارا مشرقی بازو الگ کر دیا گیا بدقسمتی سے اتنے بڑے قومی سانحہ کے باوجود من حیث القوم ہم نے کوئی سبق نہیں سیکھا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس چوہدری عبدالجبار گجر نے انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا

ضلع بھر کے 6 لاکھ 52 ہزار 155 بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس چوہدری عبدالجبار گجر نے یونین کونسل 92 کی خیمہ بستی میں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا، انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کے 6 لاکھ 52 ہزار 155 بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، پولیو ویکسینیشن کے لیے 2771 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، انسداد پولیو مہم 16 تا 20 دسمبر 2024 تک جاری رہے گی، انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو انسداد پولیو ویکسین کے قطرے پلائیں گی، ڈپٹی کمشنر آفس میں انسداد پولیو کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے، والدین اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو انسداد پولیو ویکسین کے قطرے لازمی پلوائیں۔

چنیوٹ: رکشہ ڈرائیور کیلئے الگ کاؤنٹر بنا دیا گیا

سابقہ لرنز کو رینیو کروا کر بھی شہریوں کے لائسنس تیار کیے جانے لگے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر رکشہ ڈرائیوروں کیلئے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کو مزید آسان بنایا دیا گیا ہے۔ سپیشل مہم کے تحت رکشہ ڈرائیوروں کیلئے الگ کاؤنٹر بنا دیا گیا ہے۔ ڈی ایس پی ٹریفک بابر نواز کی زیر نگرانی سپیشل مہم کے تحت رکشہ ڈرائیونگ لائسنس تیار کیے جا رہے ہیں۔ سابقہ لرنز کو رینیو کروا کر بھی شہریوں کے لائسنس تیار کیے جا رہے ہیں۔ اتوار کا دن رکشہ ڈرائیوروں کے لیے مختص کیا گیا ہے تاکہ ڈرائیور آسانی سے ڈرائیونگ لائسنس بنوا سکیں۔ سپیشل مہم کے دوران مستفید ہونے والے رکشہ ڈرائیوروں نے ٹریفک پولیس کے اس اقدام کو خوب سراہا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا شہریوں کے سفر کو محفوظ بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کی سہولت کے لیے سپیشل مہم کے دوران آسان طریقے سے رکشہ ڈرائیوں کے ڈرائیونگ لائسنس تیار کیے جا رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانوناً جرم ہے۔ قانون پسند شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے آج ہی اپنا ڈرائیونگ لائسنس بنوائیں۔

صحافیوں کے حقوق کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، عطا محمد قصوری

صحافتی فرائض کی ادائیگی کیلئے قصور پاکستان کا سب سے زیادہ غیر محفوظ ضلع بن چکا ہے

مصطفی آباد (علی ملک) معروف صحافی و تجزیہ نگار، اینکر پرسن، عطا محمد قصوری صدر قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) نے مصطفی آباد کے صحافیوں سے ٹیلی فونک رابطہ پر کہا ہے کہ صحافیوں کے حقوق کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے صحافتی فرائض کی ادائیگی کیلئے قصور پاکستان کا سب سے زیادہ غیر محفوظ ضلع بن چکا ہے، پریس کونسل آف پاکستان سمیت متعلقہ ادارے اس صورتحال کا نوٹس لیں، جرنلسٹ اینڈ پروفیشنل پروٹیکشن ایکٹ کی موجودگی میں قصور کے سرکاری و نیم سرکاری اداروں کی جانب سے دوران صحافتی فرائض انجام دینے والے صحافیوں پر تشدد اور ٹارگٹ کلنگ ان کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، عطا محمد قصوری نے کہا ہے کہ آج ڈی پی او قصور سے صحافی سمیع اللہ جٹ اور صحافی مہر شکیل ایڈووکیٹ کے ایشو پر قائم کمیٹی ملاقات کرے گی اور اس کے بعد فائنل لائحہ عمل کا باضابطہ اعلان کرے گی، ہم صحافی برادری کے مسائل سے لاتعلق نہیں ہیں، اتفاق اور اتحاد کے فارمولے پر عمل کر رہے ہیں، ضرورت پڑی تو متفقہ طور پر ضلع قصور اور اس کے تمام نواحی پریس کلبوں کو احتجاج میں شامل کرینگے۔

ایڈیٹوریل

DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

فوجی عدالتوں کو سویلینز کے مقدمات میں سزائیں سنانے کی اجازت

سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں کو 85 ملزموں کے فیصلے سنانے کی اجازت دیدی ہے۔ آئینی بینچ نے قرار دیا کہ فوجی عدالتوں کے فیصلے سپریم کورٹ میں زیرالتوا مقدمے کے فیصلے سے مشروط ہوں گے۔ سویلینز کے ٹرائل کے کیس کی سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے کی۔ عدالت نے فوجی عدالتوں کے سوا دیگر تمام مقدمات کی سماعت ملتوی کردی۔ آئینی بینچ نے کہا کہ جن ملزموں کو سزاؤں میں رعایت مل سکتی ہے وہ رعایت دے کر رہا کیا جائے۔ جن ملزموں کو رہا نہیں کیا جا سکتا انھیں سزا سنانے پر جیلوں میں منتقل کیا جائے۔ جسٹس امین نے ریمارکس دیے کہ سویلینز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کا مقدمہ امید ہے جنوری میں مکمل ہو جائے گا۔ اس کیس کے مکمل ہونے پر جنوری کے دوسرے ہفتے میں 26 ویں ترمیم کے خلاف درخواستوں کو مقرر کریں گے۔ ہمارے پاس 26 ویں آئینی ترمیم سمیت بہت سے مقدمات پائپ لائن میں ہیں۔

ملزموں کے وکیل اعتزاز احسن نے کہا کہ فوجی عدالتوں میں سزا کی حتمی منظوری آرمی چیف دیتے ہیں۔ ایسا شخص جس نے کیس کا ٹرائل سنا ہی نہ ہو وہ کیسے حتمی منظوری دے سکتا ہے؟ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ آپ کا سوال سن لیا ہے، اپنے دلائل میں یہ سب بتایئے گا۔ جس پر اعتزاز احسن نے کہا کہ فوج کی زیرحراست افراد کافی وقت گزار چکے ہیں، ان ملزموں کو اب سویلینز عدالتوں میں منتقل کیا جائے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ سویلینز عدالتوں میں ملزموں کو منتقل کرنے کے لیے سزائیں سنانے کی اجازت دی جائے۔ سزا سنانے کے بعد ملزموں کو دیگر عدالتوں میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔ جسٹس امین الدین خان نے حکم دیا کہ جن ملزمان کا ٹرائل مکمل ہو چکا، انھیں فوجداری عدالتوں میں منتقل کریں۔ سزا پانے والے افراد فوجداری عدالتوں میں اپیل کا حق رکھتے ہیں۔ آئینی بینچ نے اپنے حکم نامے میں لکھا کہ فوجی عدالتوں سے سزاؤں کے خلاف ہائی کورٹس میں اپیل کا حق انٹرا کورٹ اپیلوں کے فیصلے تک معطل رہے گا اور ہائی کورٹس میں اپیل کی مدت حتمی فیصلے کے بعد شروع ہوگی۔

ملک میں انتشار، بدامنی پھیلانے اور اس کی سہولت کاری کرنے والوں کے لیے بری خبر یہ ہے کہ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں کو سویلینز کے ٹرائلز میں سزا سنانے کی اجازت دیدی ہے۔ یہ معاملہ ایک طویل عرصے سے التوا کا شکار تھا جس کی وجہ سے ملک دشمن عناصر عدالتی سٹے کی آڑ میں اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے بلاخوف وخطر ریاست کو ناقابل تلافی نقصان پہنچانے کے درپے تھے۔ اس مد میں پاک فوج نے بھی انتہائی تحمل سے لمبی عدالتی عمل داری کو برداشت کیا لیکن 9 مئی پر اپنے دوٹوک موقف سے پیچھے نہیں ہٹی۔ اگر اس فیصلے کا بغور جائزہ لیا جائے تو یہ آئینی بینچ کا احسن اقدام دکھائی دیتا ہے اور ایک امید کی کرن بن کر سامنے آیا ہے۔ گوکہ اس فیصلے کو بہت پہلے ہو جانا چاہیے تھا تاکہ 9 مئی 2023ء کے بعد سے لے کر اب تک جو بھی انتشار اور بدامنی کے واقعات ہوئے، جو ریاست پر حملے کیے گئے اور پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر بدنام کرنے کی کوشش کی گئی اس کا راستہ روکا جا سکتا مگر اس کے باوجود دیر آید درست آید کے مترادف یہ فیصلہ خوش آئند ہے۔

آئینی بینچ کے اس فیصلے سے ملک میں برسرپیکار دہشت گردوں، سیاست کا لبادہ اوڑھ کر خلفشار اور انتشار پھیلانے والے عناصر اور ہر دوسرے روز لشکر کے ساتھ وفاقی دارالحکومت پر حملہ آور ہونے والے شرپسندوں کی بھی حوصلہ شکنی ہوگی جو اب تک یہ سب کچھ اس بل بوتے پر کر رہے تھے کہ عدالتی سٹے کی وجہ سے 9 مئی کے ذمہ داران، ان کو اکسانے والوں اور سہولت کاروں کو سزائیں نہیں مل رہی تھیں اور ان کے دماغ میں یہ بات بیٹھ چکی تھی کہ ہمیں کس نے پکڑنا اور سزا دینی ہے؟ اب امید ہے کہ ملٹری کورٹس میں جن جن شرپسندوں کے خلاف کیس زیرالتوا ہیں ان کے فیصلے آنا شروع ہوں گے جس سے سزا و جزا کا عمل پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔ اس کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہوگا کہ جب ان شرپسندوں اور دہشت گردوں کو سزا مل جائے گی تو آئندہ 9 مئی اور 24 تا 26 نومبر جیسے واقعات کا راستہ روکا جا سکے گا۔

اس فیصلے سے 9 مئی کے سہولت کاروں اور منصوبہ سازوں کے گرد گھیرا ابھی تنگ ہوگا اور انھیں بھی قانون کے کٹہرے میں لانے میں مدد ملے گی کیونکہ اصل انصاف تب ہوگا جب ان منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو کڑا احتساب دینا پڑے گا۔ اس فیصلے سے سویلین کا ملٹری کورٹس میں ٹرائل کا حق بھی تسلیم ہو گیا ہے اور وہ ساری آوازیں خاموش ہو گئی ہیں جو یہ بیانیہ تشکیل دینے کی کوشش کر رہی تھی کہ یہ نہیں ہو سکتا۔ اب تحریک انصاف کی قیادت جس نے 9 مئی میں کلیدی کردار ادا کیا اور 9 مئی کروایا، کو بھی اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔ یہ فیصلہ اس بات کو بھی واضح کرتا ہے کہ کسی بھی پر تشدد سیاسی سوچ کی پروان کے لیے عوام کو اپنے پیاروں کو ایندھن بننے سے روکنا ہوگا ورنہ نقصان ان کا اپنا ہی ہوگا۔ یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ فوج 9 مئی پر ہر شامل شخص کو قانون کے مطابق سزا دلانے میں کسی جلدی میں نہیں اور 9 مئی سانحہ کے ماسٹر مائنڈ، ہر شرپسند، منصوبہ ساز اور سہولت کار کو منطقی انجام تک لے کر جائے گی۔

9 مئی کا پھندا ہے اور ہم ہیں دوستو!

پی ٹی آئی کی ہیئت کذائی عجیب سی ہو گئی ہے۔ کچھ کچھ قابل رحم، کچھ کچھ قابل عبرت۔ اور بعض لوگوں کے خیال میں باعث شرم بھی۔ مجموعی خلاصہ اس تحریف شدہ شعر میں بیان کیا جا سکتا ہے کہ

جو خان بڑی شان سے نکلا تھا 'زمن' سے
اڈیالے میں وہ آج غریب الغربا ہے۔

زمن سے مراد زمان و مکان والا زمانہ نہیں ہے بلکہ زمان پارک ہے۔ زمان پارک کا مخفف 'زیک' بھی ہو سکتا ہے لیکن زمن زیادہ 'میوزیکل' ہے۔ بہرحال صورتحال 'غریب الغربا' کی یہ ہے کہ اسے فیصلہ کرنے میں دقت آ رہی ہے۔ کبھی سوچتا ہے سول نافرمانی کر دوں۔ کرا دوں نہیں، یہ بات خیال میں رہے بلکہ یہ کہ کر دوں۔ اس لیے کہ اور تو کوئی کرے گا نہیں، غریب الغربا کو یہ زحمت اکیلے ہی کرنا پڑے گی۔ کبھی سوچتا ہے کہ مذاکرات کر لوں۔ اس میں دقت ہے کہ مذاکرات پارٹی قیادت کے ذریعے ہوں گے اور کل ہی غریب الغربا نے اس پارٹی قیادت کو چارج شیٹ کر دیا ہے۔ ویسے عجیب اتفاق ہے کہ دو روز پہلے ہی غریب الغربا کے 'ماسٹر آف دی سول' جنرل فیض کو چارج شیٹ کیا گیا۔ دو روز بعد پارٹی قیادت چارج شیٹ ہو گئی۔ چارج بڑا خوفناک ہے، یہ کہ میں تو اندر مصیبتیں بھگت رہا ہوں، یہ باہر مزے کر رہے ہیں۔ سچ یہ ہے کہ صرف مزے کر ہی نہیں رہے، اپنے غریب الغربا مرشد پر جو بیت رہی ہے، اس کا سن کر مزے لے بھی رہے ہیں۔

غریب الغربا پر اور مصیبتیں کم تھیں کہ السی کے لڈو سے محرومی کا صدمۂ جانکاہ بھی اٹھانا پڑا۔ حد سے زیادہ معتبر ذرائع نے دو ہفتے پہلے خبر دی تھی کہ غریب الغربا اگست سے السی کے لڈو کھا رہے تھے جن کو 'پنیاں' کہا جاتا ہے تاہم یہ روایتی پنیاں نہیں تھیں، ان میں کاجو اور بادام بھی جابجا آویزاں ہوتے تھے۔ حکام نے کسی ناراضگی کی وجہ سے السی کے ان مرصع لڈوؤں کی سپلائی بند کر دی جس کے بعد غریب الغربا کی حالت پتلی ہو گئی اور یوں وہ غریب الغربا سے ترقی پا کر اغرب الغربا ہو گئے۔ تازہ پیشرفت کا علم نہیں ہو سکا، یعنی یہ کہ سپلائی بحال ہوئی یا نہیں۔ اس سے کچھ پہلے دیسی بکرے، دیسی ککڑ کی سہولت واپس لی گئی تھی جو بعدازاں بحال کر دی گئی۔

برسبیل تذکرہ، بعض احباب کو ککڑ کے لفظ پر اعتراض ہوگا کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ صحیح لفظ مرغ یا مرغا ہے۔ تو عرض ہے کہ اصل لفظ ککڑ ہی ہے، مرغ فارسی سے آیا۔ فارسی میں مرغ ہر پرندے کو کہا جاتا ہے یعنی بمعنی طائر۔ کسی انشا پرداز نے باغ کی سیر کا احوال لکھا کہ عجب بہار تھی، ہر طرف گلہائے رنگارنگ کے تختوں نے جنت نظر کا سماں باندھ رکھا تھا، ہمہ قسم اشجار کی ٹہنیوں پر انواع بے شمار کے مرغان خوش نوا نے طرح طرح کی بولیاں بول کر فردوس گوش کا سامان کر رکھا تھا۔ یہی فارسی والا مرغ اردو ہندی میں آ کر صرف ککڑ کے لیے مخصوص ہو گیا۔ نہ صرف یہ کہ مخصوص ہو گیا بلکہ مرغ سے مرغا بھی ہو گیا۔

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

یہ بات البتہ سوچ میں ڈالتی ہے کہ السی کے لڈو سردیوں میں کھائے جاتے ہیں، گرمیوں میں نہیں۔ السی جسم کی سردی کم کر کے حدت اور حرارت غریزی بڑھاتی ہے۔ جولائی اگست کی گرمی میں خاں صاحب کے جسم میں ایسی 'سردی' کیوں آ گئی جسے کم کرنے کے لیے انھیں السی کے لڈو کی ضرورت پڑ گئی؟ کیا انقلاب کا شعلہ سرد ہونے سے یہ المیہ رونما ہوا۔ بہرحال، السی کے لڈو ملنا بند ہو گئے تو خاں صاحب متبادل تلاش کرا لیتے۔ مثلاً خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا یا راجہ بازار کے کسی سنیاسی سے کچلہ مدبر کی گولیاں کہ نام حب ازراقی ہے۔ 72، 75 سال کے نوجوانوں کے لیے خاص کی چیز ہے۔ شیدا بھائی ٹلی والے سے معجون ریگ ماہی بھی منگوائی جا سکتی تھی۔

بات کہاں سے کہاں نکل گئی۔ ذکر اس مخمصے کا ہو رہا تھا کہ جس میں خاں صاحب گھرے ہوئے ہیں، یعنی کیا کروں، کیا نہ کروں؟ یوں کروں تو وہ ہو جانے کا ڈر ہے، وہ کروں تو یہ ہو جانے کا اندیشہ ہے، کہا کابل چلے جاؤں، کہا کابل چلے جاؤ، کہا افغان کا ڈر ہے، کہا افغان تو ہوگا۔ ویسے خاں صاحب کو افغان کا ڈر تو بالکل نہیں ہے۔ پی ٹی آئی کے یکے از بانیان اور خان کے سابق میڈیا کوآرڈینیٹر جاوید بدر نے کہا ہے کہ 2018ء میں خاں صاحب نے مجھے حکم دیا، افغان گروہ ٹی ٹی پی کے خلاف کوئی بیان نہیں دے گا کیونکہ اس سے میری ڈیل ہو چکی ہے جس کے تحت طے ہوا ہے کہ افغان صرف ہمیں انتخابی مہم چلانے دیں گے، کسی اور کو چلانے نہیں دیں گے اور پھر ایسا ہی ہوا، خاں صاحب کے سبھی مخالف بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ کی زد میں آ گئے اور خاں صاحب الیکشن جیت گئے۔ اور آج تو افغان ہی خاں کی واحد پہچان ہیں، اور واحد سائبان بھی۔

ایک از حد معتبر ذریعے نے تو یہ خبر بھی نشر کر ڈالی ہے کہ خاں صاحب 9 مئی پر معافی مانگنے کو تیار ہو گئے ہیں لیکن شرط لگائی ہے کہ معافی پبلک میں نہیں مانگوں گا، عسکری قیادت کے روبرو مانگوں گا۔ اس شرط کا منظور ہونا مشکل ہے لیکن فرض کیجیے، منظور ہو جاتی ہے تو کیا ہوگا۔ عسکری قیادت اڈیالے حاضر ہوگی تاکہ خاں صاحب اس کے روبرو معافی مانگ سکیں یا خاں کو بڑے ہیڈکوارٹر لے جایا جائے گا۔

اس میں دقت ایک عدد یہ بھی ہے کہ ہرچند عسکری قیادت رازداری برقرار رکھے گی لیکن معافی مانگنے کی وڈیو لیک بھی تو ہو سکتی ہے۔ آج کل بڑے بڑوں کی وڈیو لیک ہو رہی ہے اور پھر پتا بھی نہیں چلتا کہ لیک کس نے کی، میر جعفر ہر جگہ گھسے ہوئے ہیں، فلم بنانے والے مخبر ان کی جیب میں بھی ہوتے ہیں، یہاں تک کہ چھت پر رینگتی چھپکلی بعد ازاں پتا چلتا ہے کہ چھپکلی نہیں تھی، کیموفلاج کیا گیا کیمرہ تھا۔ اسی لیے نیا محاورہ کچھ یوں ہے کہ خاموش، چھپکلیوں کے بھی کان ہوا کرتے ہیں بلکہ آنکھیں بھی۔

مخمصے ہی مخمصے ہیں۔ ادھر پی ٹی آئی کے رنگ ماسٹر جنرل فیض پر جب سے چارج شیٹ لگی ہے، پی ٹی آئی کے کھڑک سنگھ کا پورا قافلہ لرزہ براندام ہو کر کھڑک رہا ہے اور کھڑکے ہی چلا جا رہا ہے۔ فیض اور خان کے بیان کچھ اس طرح کے آئے ہیں کہ یہ ملاقاتیں معمول کے صلاح مشورے کے لیے ہوتی تھیں، کوئی سازش وغیرہ نہیں ہوتی تھی۔

یہ بالکل سچ کہا، بالکل سچا بیان دیا۔ کوئی سازش نہیں ہوئی تھی، البتہ کچھ بندوبستی پخت وپز ضروری ہوئی تھی کہ حافظ کی تقرری کیسے واپس کرائی ہے۔ اس سلسلے میں ایک بڑے جج سے بات بھی 'ڈن' ہو گئی تھی۔ ایک رٹ دائر ہونی تھی جس کے نتیجے میں 'مکمل انصاف' کرتے ہوئے یہ تقرری خلاف قانون قرار دے کر کالعدم کر دی جاتی اور فیض کے استعفے کو یہ کہہ کر مسترد کر دیا جاتا کہ دباؤ میں دیا گیا ہے۔ پھر خان فیض کی جوڑی کوس لمن الملکی بجاتی اور دس سال تک بجاتی رہتی لیکن بدقسمتی سے ہوا یوں کہ آخری لمحات میں جج صاحب ڈر کر بدک گئے، ازاں بعد بصد عالم مجبوری 9 مئی برپا کرنا پڑا۔ مزید بدقسمتی سے یہ ایڈونچر ناکام ہو کر گلے کا تسمہ بن گیا اور اب 9 مئی کا پھندا ہے اور ہم ہیں دوستو!

اویس قرنی اور عشق رسول ﷺ

عشق رسول ﷺ کے آسمان پر اربوں چاند ستارے روز اول سے روز محشر تک اسی طرح چمکتے دمکتے رہیں گے۔ ان چاند ستاروں کی اپنی اپنی اہمیت اور نرالی ہی شان ہے لیکن ان چاند ستاروں کے جھرمٹ میں ایک ایسا روشن چاند بھی ہے کہ اس کے سامنے باقی سب کی چمک ماند پڑ جاتی ہے۔ جو اعزاز اور مقام مرتبہ اس روشن چاند کو ملا وہ اور کسی کے مقدر میں نہیں ہے کیونکہ سید الانبیا تاجدار عرب وعجم افضل البشر رحمۃ للعالمین خاتم النبیین و المرسلین نبی کریم ﷺ نے بار بار اس عاشق صادق کے عشق کا اعتراف اور برملا اظہار کیا ہے ساقی کوثر ﷺ نے کئی بار اس چاند حضرت اویس قرنی کی مدح سرائی کی ہے۔ خالق ارض و سما کی یہ کائنات پر اسرار بھیدوں اور رازوں سے بھری ہوئی ہے سرور کونین ﷺ ساری عمر حضرت اویس قرنی سے محبت کا اظہار کرتے رہے اور حضرت اویس قرنی بھی ہر لمحے عشق رسول ﷺ گزارتے رہے لیکن اللہ تعالیٰ کی بڑی حکمت کے تحت حضرت اویس قرنی کی آقائے دو جہاں ﷺ سے ملاقات نہ ہو سکی حضرت اویس اپنی نابینا اور ضعیفہ والدہ ماجدہ کی خدمت میں ہر وقت حاضر رہتے آپ ہمیشہ والدہ سے اجازت مانگا کرتے مگر وہ اجازت نہیں دیتیں تھیں بال آخر ایک دن آپ کی والدہ نے آپ کو اس شرط پر جانے کی اجازت دی کہ اگر نبی کریم ﷺ گھر پر موجود نہ ہوں تو رکنا نہیں واپس چلے آنا فخر دو عالم حضور پرنور ﷺ نے حضرت عائشہ سے فرما دیا تھا کہ خاصان خدا میں سے ایک شخص ہمارے گھر آئے گا اگر اتفاقاً میں گھر پر موجود نہ ہوں تو اس نیک مہمان کا بہت زیادہ احترام کرنا اور ان کا حلیہ ضرور یاد رکھنا کیونکہ ان کا حلیہ اور زیارت کرنا سعادت کی بات ہے ماں نے جب دیوانے کو مدینہ جانے کی اجازت دی تو ننگے پاں چاک گریبان سوئے مدینہ بھاگ کھڑے ہوئے خوشی کا یہ عالم کہ پاں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو محبت سے در و دیوار کو بوسے دیتے اور راہ گیروں سے پوچھتے اے لوگو میرے محبوب آقائے دو عالم ﷺ کا گھر مبارک کدھر ہے عالم وارفتگی و عشق میں حجرہ حضرت عائشہ پہنچے اور درد فراق میں ڈوبی آواز سے عرض کی میرے آقا ﷺ کدھر ہیں اس وقت نبی کریم ﷺ گھر پر تشریف فرما نہیں تھے ہماری ماں حضرت عائشہ نے عزت و احترام کرتے ہوئے فرمایا آپ اندر تشریف لے آئیں تو عاشق رسول ﷺ نے فرمایا میں اندر نہیں آ سکتا ماں سے آٹھ پہر کی اجازت لے کر آیا تھا چار پہر گزر گئے واپسی میں چار لگ جائیں گے اور الٹے پاں واپس لوٹ گئے اب ہجر و فراق کے زخم اور بھی گہرے ہو گئے۔ حضرت اویس کے جانے کے تھوڑی دیر بعد محسن انسانیت محبوب خدا ﷺ گھر تشریف لائے اور فرمایا عائشہ یہ نور کیسا ہے تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ قرن سے اس حلیہ کا آپ ﷺ کا دیوانہ آیا تھا سلام کہہ کر واپس چلا گیا آقا ﷺ نے فرمایا یہ نور اویس کا ہے یہ وہی دیوانہ آیا ہوگا حضور ﷺ پرنور کی چشمان مبارک نم آلود ہو گئیں۔ آقا دو جہاں ﷺ کے وصال کے بعد جب حضرت اویس قرنی کو آپ ﷺ کے روضہ مقدسہ کی زیارت کا شوق کا غلبہ چڑھا اور اس وقت آپ کی والدہ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

ماجدہ بھی وفات پا چکیں تھیں تو آپ مدینہ منورہ تشریف لائے اور مسجد نبوی کے دروازے پر کھڑے ہو گئے تو لوگوں نے کہا یہ نبی کریم ﷺ کا مزار شریف ہے تو یہ سن کر آپ بے ہوش ہو گئے جب ہوش آیا تو فرمایا مجھے اس شہر سے باہر لے چلو کیونکہ جس زمین میں میرے آقا ﷺ آسودہ خاک ہیں وہاں میرا رہنا مناسب نہیں ایسی مقدس ومطہر جگہ قدم رکھنا بے ادبی ہے۔ اس عاشق کی شان دیکھیے جب سرور دو عالم ﷺ کے وصال کا زمانہ قریب آیا تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کا جبہ مبارک کس کو دیا جائے سرور دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا اویس قرنی کو ایک روایت میں آتا ہے حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں ایک دن رسول کریم ﷺ نے مجھ کو آواز دی اے عمر میں بولا یا رسول اللہ ﷺ میں حاضر ہوں جو حکم ہو بجا لانے کو تیار ہوں حضرت عمر فرماتے ہیں کہ مجھے گمان ہوا کہ آقا نبی کریم ﷺ مجھے کسی کام سے کہیں بھیجیں گے لیکن پیارے آقا ﷺ نے مجھ سے یوں فرمایا اے عمر میری امت میں ایک شخص ہوگا جس کا نام اویس ہوگا اگر تم اس سے ملو تو تمہیں خدا کی یاد آئے گی تم جب بھی اس سے ملنا تو اس کو میرا اسلام کہنا اور اس سے اپنے لیے دعائے مغفرت کی درخواست کرنا کیونکہ وہ اللہ کے نزدیک ایسا معزز ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر کسی بات پر قسم کھا بیٹھے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو سچ کر دیتا ہے۔ حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد سنتے ہی میں نے اس شخص کو تلاش کیا نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر کا دور ختم ہوا میں مسلسل اسی تلاش میں لگا رہا۔ ایک دن حضرت عمر کوفہ میں آئے اور خطبہ دیا اور کہا اہل نجد کھڑے ہو جاؤ کھڑے ہو گئے پھر فرمایا تم میں کوئی قرن کا رہنے والا ہے تو قرن والوں کو امیر المومنین کے سامنے پیش کر دیا گیا حضرت عمر نے اویس قرنی کے بارے میں دریافت کیا تو زیادہ تر لوگوں نے انکار کیا لیکن ایک شخص بولا میں ایک دیوانے اور حقیر فقیر کو جانتا ہوں وہ لوگوں سے دور بھاگتا ہے وادی میں اونٹ چراتا ہے نہ آبادی میں آتا ہے اور نہ ہی کسی سے میل جول رکھتا ہے جب لوگ ہنستے ہیں تو وہ روتا ہے اور جب لوگ روتے ہیں تو وہ ہنستا ہے یہ باتیں سنتے ہیں حضرت عمر فاروق اور حضرت علی اس وادی کی طرف روانہ ہوئے جب یہ دونوں عظیم حضرات حضرت اویس قرنی کے پاس پہنچے تو وہ اس وقت نماز میں مشغول تھے اور اونٹوں کی حفاظت ایک فرشتہ کر رہا تھا۔ حضرت اویس قرنی نے نماز ختم کی تو حضرت عمر فاروق نے سلام کہا تو انہوں نے سلام کا جواب دیا پھر حضرت عمر نے نام پوچھا تو انہوں نے کہا عبداللہ تو حضرت عمر نے جواب دیا کہ ہم سب بھی اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں اپنا خاص نام بتائیں تو حضرت اویس نے جواب دیا اویس تو حضرت عمر نے فرمایا اپنا سیدھا ہاتھ دکھائیں جب حضرت اویس نے ہاتھ دکھایا تو حضرت عمر نے وہ نشانی موجود پائی جو نبی کریم ﷺ نے اشارہ کیا تھا حضرت عمر نے اس نشانی کو بوسہ دیا اور فرمایا رسول خدا ﷺ نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور فرمایا کہ میری امت کے لیے دعا کریں حضرت اویس قرنی بولے اچھا تو لاؤ اور مجھے رسول کریم ﷺ کا مرقع دو تاکہ میں دعا کروں حضرت عمر نے مرقع رسول ﷺ حضرت اویس قرنی کو دیا اور کہا اب اس کو پہن کر دعا کریں۔ حضرت اویس قرنی نے کہا کہ صبر کریں ان سے دور جا کر مرقع کسی گوشہ میں رکھا اور پیشانی کو خاک پر رگڑ کر عرض کہ یا الٰہی جب تم تمام امت محمدی ﷺ کو نہ بخش دے گا اس مرقع کو جو تیرے محبوب ﷺ نے مجھے بھیجا ہے نہیں پہنوں گا۔ غیب سے آواز آئی کہ کچھ امت کو بخش دیا لباس پہن لیں عرض کیا کہ جب تک تمام امت کو بخشوا نہیں لوں گا اس وقت تک یہ لباس نہیں پہنوں گا یہ تکرار بڑھتی چلتی گئی اور امت کی بخشش میں اضافہ ہوتا چلا گیا یہاں تک کہ حضرت عمر اور حضرت علی آپ کے پاس آتے ہیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔ جب حضرت عمر اور حضرت علی قریب آئے تو بولے ہائے افسوس تم لوگ یہاں کیوں آ گئے اگر نہ آتے تو میں جب تک ساری امت محمدی ﷺ کو بخشوا نہ لیتا یہ لباس نہ پہنتا۔ پھر حضرت اویس قرنی نے آقائے دو جہاں ﷺ کا لباس مبارک پہن لیا اور کہا اللہ تعالیٰ نے ربیعہ اور مضر کی تعداد کے برابر امت محمدی ﷺ کو اس لباس شریف کی برکت سے بخش دیا ہے۔

انیقہ شوکت کا سانحہ: کیا انسانیت کا نام باقی ہے؟

بیٹی ایک ایسا نایاب پھول ہے جو ہر گھر میں نہیں کھلتا ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کسی نے پوچھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ بندے سے کب خوش ہوتا ہے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب اللہ پاک بیٹی عطا فرماتا ہے اسی سوال کو دوسری مرتبہ دہرایا گیا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی فرمان کہ اللہ پاک جب راضی ہوتا ہے تو انسان کو بیٹی عطا فرماتا ہے تیسری مرتبہ بھی یہی سوال کیا گیا جب اللہ پاک بہت راضی ہوتا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اللہ پاک بیٹی عطا فرماتا ہے والدین ساری زندگی بیٹی کو نازوں سے پالتے ہیں بیٹی کی چھوٹی چھوٹی خواہشوں کو پورا کرنے کے لیے محنت کرتے ہیں بیٹی کی ایک مسکراہٹ پر جی اٹھتے ہیں بیٹیاں تو والدین کی جان ہوتی ہیں جب بیٹی مسکراتی ہے تو والد کی عمر بڑھ جاتی ہے لیکن ہم جس معاشرے میں جی رہے ہیں یہاں بیٹیوں کے ساتھ جتنی زیادتیاں ہو رہی ہیں بیان سے باہر ہیں بیٹیوں کو زندہ جلایا جا رہا ہے سر کاٹے جا رہے ہیں اور حیرت کی بات ہے ہمارا قانون جو ہے نا وہ جاگتا بھی اس وقت ہے جب کسی بیچارے باپ کی بیٹی کی زندگی ختم ہو جاتی ہے اس سے پہلے باپ تھانوں کے چکر لگاتا رہے چیختا رہے چلاتا رہے کہ میری بیٹی کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اس کا شوہر مارتا ہے اس کی ساس سسر دیور ظلم کرتے ہیں مگر تھانوں میں کیا ہوتا ہے صلح کروا کے واپس بھیج دیا جاتا ہے کہ یہ آپس کا معاملہ ہے اور اسی دوزخ میں واپس بھیج دیا جاتا ہے جہاں اس کو اذیت ناک موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا ہے جیسا کہ انیقہ شوکت کے ساتھ ہوا اور ہمارے ملک کا قانون بھی تو ایسے ہی ہے کہ یہ غریب کے لیے کچھ اور امیر کے لیے کچھ اور ہے تقریباً چار سال پہلے، انیقہ شوکت کی شادی ہوئی جو واقعہ پیش آیا، یہ صرف ایک فرد کی کہانی نہیں بلکہ ہمارے معاشرتی نظام کی ناکامی کا ایک واضح عکس ہے۔ انیقہ کی شادی ایک ایسے شخص

تخلیق نامہ
تخلیق صدیقی

سے ہوئی تھی جو نشے کا عادی تھا اور اس کے ساتھ زندگی گزارنا اس کے لیے کسی عذاب سے کم نہیں تھا۔ شوہر کی طرف سے کی جانے والی جسمانی اور ذہنی اذیت نے انیقہ کی زندگی کو اجیرن بنا دیا تھا۔ آخرکار، وہ ظلم اور تشدد برداشت کرتے کرتے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھی۔

میڈیکل رپورٹس کے مطابق انیقہ کی موت کی وجہ اس پر ہونے والا تشدد تھا جس کی بدولت دل کے ایک طرف خون جمنے کے باعث اس کے دل کی حالت خراب ہو گئی تھی۔ یہ واقعہ ایک سنگین حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ ہمارے معاشرے میں خواتین کے حقوق کا کس حد تک استحصال ہو رہا ہے۔ انیقہ جیسے کئی افراد ہیں جو معاشرتی خاموشی اور قانونی عدم مدد کی وجہ سے زندگی کی بنیادی حفاظت سے بھی محروم ہیں۔

انیقہ کے والد شیخ شوکت نے اپنی بیٹی کی حالت بہتر بنانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ وہ ایک شریف انسان ہیں اور اپنی بیٹی کے بارے میں جاننے کی کوششیں کبھی بھی ختم نہیں کی یہاں تک کہ پیسوں کے ذریعے بھی مدد کرتا رہا تاکہ اس کی بیٹی محفوظ رہے مگر اس کا نتیجہ کچھ نہیں نکلا۔ بعض اوقات تو اس گھٹیا انسان کی طرف سے شیخ شوکت پر بھی تشدد ہوا، ان کے داماد کی طرف سے فائرنگ کی گئی، پستول دکھایا گیا اور ان کے ساتھ حراساں کرنے کے واقعات پیش آئے۔ لیکن ان سب کے باوجود، انیقہ اپنے دو بچوں کی خاطر خاموشی سے اس ساری اذیت کو برداشت کرتی رہی۔ ایک ماں کی بے بسی اور ایک والد کی کوششیں، دونوں اس واقعے میں افسوسناک طور پر ناکام ہو گئیں۔ شعر

!!بیٹی کی مسکراہٹ میں چھپی ہوتی ہے دعا
وہ دل کی خوشبو ہے جو ہر پل ساتھ چلے!!

یہ واقعہ نہ صرف انیقہ کی ذاتی کہانی ہے، بلکہ ہمارے معاشرے میں خواتین کے خلاف تشدد کی بڑھتی ہوئی لہر کی حقیقت کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ کیا ہم اس قدر انسانیت سے گرے ہوئے ہیں کہ اپنے رشتہ داروں کی تکالیف پر خاموشی اختیار کر لیں؟ کیا ہم اپنی بیٹیوں کی حفاظت کے لیے ضروری اقدامات نہیں اٹھا سکتے؟ یہ سوالات نہ صرف اس کہانی کی بنیاد پر بلکہ ہمارے معاشرتی رویے پر بھی سنگین سوالات اٹھاتے ہیں۔

ہمیں اس بات کو سمجھنا ہوگا کہ ایک بیٹی کی زندگی کی قدر کرنا ہمارا اخلاقی اور سماجی فرض ہے۔ والدین کو اپنی بیٹیوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون اور حمایت فراہم کرنی چاہیے تاکہ وہ کسی بھی قسم کے تشدد اور اذیت کا شکار نہ ہوں۔ اگر ہمیں یہ معاشرتی مسائل حل کرنے ہیں تو ہمیں اپنے خاندانوں میں روایات اور ذمہ داریوں کی اہمیت کو سمجھنا ہوگا۔ بیٹیوں کی حفاظت اور ان کے حقوق کا تحفظ، ایک فرد کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی ذمہ داری ہے۔

انیقہ کی کہانی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ہم اپنی بیٹیوں کی خبرگیری میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں برت سکتے۔ ہمیں انہیں محبت، تحفظ اور احترام فراہم کرنا ہوگا تاکہ وہ اپنی زندگیوں میں کسی بھی قسم کے تشدد یا ناانصافی کا سامنا نہ کریں۔ اگر ہم اپنے خاندانوں میں اس طرح کی تبدیلی نہیں لا سکتے تو پھر ہم کس طرح ایک بہتر معاشرتی تبدیلی کی امید کر سکتے ہیں؟

اس سانحے سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں اپنی بیٹیوں کی حفاظت کے لیے سختی سے قدم اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں ان کی حفاظت کے لیے قوانین کی حمایت کرنی چاہیے، ان کے حقوق کا احترام کرنا چاہیے اور ان کے ساتھ ہر قدم پر کھڑے ہونا چاہیے۔ ہمیں انسانیت کے نام پر اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنا ہوگا اور اپنی بیٹیوں کے لیے ایک محفوظ، خوشحال اور عزت دار زندگی فراہم کرنا ہوگی۔

افغانستان اور شام میں پیدا ہونے والی ہلچل

نقشے پر نگاہ ڈالیں تو افغانستان شام سے بہت دور نظر آتا ہے۔ ان دو ممالک کی ثقافت میں اسلام کے علاوہ مشترک باتیں ڈھونڈنا بھی بہت مشکل ہے۔ 1980ء کی دہائی نے مگر جغرافیائی اور ثقافتی شناختیں بھلا کر عرب دنیا کے تقریباً ہر ملک کے نوجوانوں کی اکثریت کو 'افغان جہاد' کی جانب متوجہ کیا۔ لطیفہ یہ بھی ہوا کہ مذکورہ 'جہاد' کو سرکاری سطح پر سب سے زیادہ مصر کی حکومت نے پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کیا۔ بنیادی وجہ اس کی یہ تھی کہ مصر کے صدر سادات نے اسرائیل کے ساتھ امریکہ کے ایما پر کیمپ ڈیوڈ معاہدہ پر دستخط کیے تھے۔ اس کی جانب سے اسرائیل کو باقاعدہ ریاست کے طور پر تسلیم کیے جانے کو مسلم امہ کی بے پناہ اکثریت نے اسلام سے غداری کا مترادف ٹھہرایا۔

مصر میں کئی دہائیوں سے 'احیائے اسلام' کے لیے اخوان المسلمین نامی تنظیم بھی کام کر رہی تھی۔ یہ نہایت منظم جماعت تھی جو قدامت پرست حلقوں میں بہت مقبول تھی۔ سادات کی جانب سے اسرائیل کے ساتھ صلح کے معاہدے کے بعد اس کا اثر بہت تیزی سے مصر کے شہری متوسط طبقے میں بھی ردعمل کے طور پر پھیلنا شروع ہوا۔ مصری اشرافیہ کا اہم حصہ بھی اخوانی سوچ سے متاثر ہونا شروع ہو گیا۔ خود کو اخوان المسلمین کے بڑھتے اثر سے 'محفوظ' رکھنے کے لیے سادات افغان جہاد کا کٹر حامی بن گیا۔ اس نے اپنی فوج کے لیے خریدی روسی کلاشنکوف کی کثیر تعداد بھی افغان مجاہدین کو تحفتاً بھجوانا شروع کر دی۔ افغان مجاہد مصر سے ملی ان بندوقوں کو ان کے ملک میں در آئی کمیونسٹ فوجوں سے چھینی بندوقیں بتاتے ہوئے اپنے جہادی کارناموں کی تشہیر کے لیے استعمال کرتے۔

سادات نے اس کے علاوہ نہایت مکاری سے مصر کے کئی دانشوروں اور جہاد کو بے چین نوجوانوں کو بھی افغانستان بھجوانے کے لیے اکسانا شروع کر دیا۔ اسے گماں تھا کہ جذباتی نوجوانوں کو افغان جہاد کی نذر کرنے کے بعد وہ اور اس کی حکومت محفوظ و مستحکم رہے گی۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ سادات کو ایک فوجی پریڈ میں اس کے سپاہیوں ہی نے قتل کر دیا۔ اس کے بعد آئے



nusrat.javeed@gmail.com

حسنی مبارک کی حکومت کو کئی برسوں تک افغان جہاد کی بدولت 'انقلابی' ہوئے مسلم انتہا پسندوں پر قابو پانے کے لیے جابرانہ ہتھکنڈے استعمال کرنا پڑے۔

مصر کے علاوہ شام کے بے شمار نوجوان بھی افغان جہاد میں شریک ہونے کو بے تاب رہے۔ مجھے خبر نہیں کہ حال ہی میں اسد راج کا خاتمہ کرنے والی تنظیم - ہیئت تحریر الشام - کا سربراہ ابو محمد الجولانی جہاد میں حصہ لینے کے لیے افغانستان آیا تھا یا نہیں۔ عراق پر امریکا کے قبضے کے بعد وہ مگر اپنے ملک سے وہاں چلا گیا تھا۔ عراق میں اس نے القاعدہ سے منسلک زرقاوی کی بنائی تنظیم میں شمولیت اختیار کی۔ اسامہ بن لادن کی ہلاکت کے بعد مصر سے ابھرے ڈاکٹر ایمن الظواہری سے بھی رابطے میں رہا۔ عراق ہی میں وہ امریکا کی قید میں چلا گیا۔ امریکا کی قید میں پانچ برس گزارنے کے بعد وہ 'معتدل مزاج' ہو گیا۔ اب پگڑی اور عبا نہیں فوجی کمانڈوز کی وردی پہنتا ہے اور شام کے عوام کو یقین دلانے کی کوشش میں مصروف کہ اس کی نگہبانی میں چلائی حکومت خواتین کے ساتھ افغان طالبان والا رویہ اختیار نہیں کرے گی۔

کالم کا آغاز شام اور افغانستان کے مابین اسلام کے علاوہ چند مشترکہ باتیں ڈھونڈنے سے ہوا تھا۔ ان کی نشاندہی مقصود نہ تھی۔ سچی بات یہ ہے کہ جب سے شام میں اسد راج کا خاتمہ ہوا ہے میرا وسوسوں بھرا دل نجانے کیوں جبلی طور پر یہ سوچنا شروع ہو گیا کہ اب افغانستان میں بھی کوئی 'بڑا واقعہ' ہوگا۔ بدقسمتی سے بدھ کے روز میرے دل میں اٹھے خدشات درست ثابت ہوئے۔ افغانستان کے مشہور زمانہ حقانی نیٹ ورک کے خلیل الرحمن حقانی جو مجاہدین کے معاملات دیکھنے والی وزارت کے مدارالمہام تھے اپنے دفتر میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بم دھماکے کے ذریعے جاں بحق ہو گئے۔

سوشل میڈیا کی وجہ سے کنوئیں کے مینڈک ہوئے پاکستانیوں کی اکثریت کے لیے یہ سوچنا بہت دشوار ہوگا کہ خلیل الرحمن حقانی کا قتل افغانستان کے لیے بھونچال ثابت ہوگا۔ افغان طالبان نظر بظاہر کٹر اسلامی ہونے کی وجہ سے ہمیں متحد اکائی کی صورت نظر آتے ہیں۔ 'نظریات' مگر افغانوں کو متحد اکائی کی صورت دینے میں اکثر ناکام رہے ہیں۔ طالبان سے پہلے وہاں کمیونسٹ ابھرے تھے۔ 'کٹر کمیونسٹ' بھی لیکن خلق اور پرچم دھڑوں میں منقسم رہے۔ اپریل 1978ء کا نام نہاد انقلاب ثور خلق دھڑے نے اپنے کھاتے میں ڈال لیا۔ اس کے سربراہ کا تعلق قندھار سے تھا۔ پرچم دھڑے والوں نے مگر اس کی 'انقلابی' سوچ پر سوال اٹھانا شروع کر دیے۔ اس دھڑے میں شامل بیشتر افراد کابل کے معتدل طبقے سے تعلق رکھتے تھے۔ وہاں کی مشہور یونیورسٹیوں کے طالب علم رہے تھے۔ ایک حوالے سے وہ افغان اشرافیہ کے نمائندے بھی تھے۔ ان کے برعکس نور محمد ترکی جیسے 'خلقی' قندھار کی دیہاتی سوچ کے نمائندہ سمجھے جاتے تھے۔ خلق اور پرچم دھڑوں کے مابین جاری رہی کش مکش نے بالآخر سوویت یونین کو مجبور کیا کہ وہ اپنے ہمسائے میں آئے 'انقلاب' کو بچانے کے لیے اپنی افواج دسمبر 1979ء میں کابل پر قابض فوج کی صورت بھیج دے۔

کٹر اسلام پسند ہونے کے باوجود طالبان بھی قندھار اور افغانستان کے مشرق سے ابھرے حقانی جیسے گروہوں میں تقسیم ہیں۔ حقانی پاکستان کے بے شمار وجوہات کی بدولت قریب شمار ہوتے ہیں۔ اس دھڑے کی حقیقی قیادت خلیل الرحمن کے پاس تھی جو ایک مشہور مجاہد جلال الدین حقانی کے برادر خورد ہیں۔ حقانی دھڑے کو پس منظر میں رہتے ہوئے منظم رکھنا ان کی ذمہ داری تھی۔ موصوف ایک کائیاں سفارت کار بھی تھے جو عالمی دنیا کو یہ سمجھانے میں مصروف رہتے کہ طالبان کو 'معتدل مزاج' ہونے کے لیے وقت درکار ہے۔ ان کے قتل کے بعد کابل میں انتہا پسند دھڑے توانا تر محسوس کریں گے جو افغانستان کے پاکستان جیسے ہمسایوں کے لیے اچھی خبر نہیں ہے۔

معاف کرنا اور آگے بڑھنا ہے!

اہل سیاست مذاکرات کی باتیں تو بہت کرتے رہتے ہیں، مگر جب مذاکرت کرنے کی بات آتی ہے تو ادھر اُدھر دیکھنے لگتے ہیں، جبکہ مذاکرات ہی سیاسی مسائل کے حل اور درپیش بحران کے خاتمے کا واحد راستہ ہے، پچھلے تین برس سے جاری بحران میں جتنا زور مل بیٹھ کر مسائل کے حل پر دیا گیا' کسی اور معاملے پر نہیں دیا گیا، حکومت اور حزب اختلاف ایک دوسرے پر ہی ڈالتے چلے آ رہے ہیں، اب جبکہ پی ٹی آئی مذاکرات کیلئے آمادگی دکھائی ہے تو حکومت کی جانب سے سرد مہری کا تاثر دیا جا رہا ہے، یوں ایک بار پھر مذاکرات کے ذریعے سیاسی مسائل کے حل کی خواہش پر اوس پڑتی دکھائی دے رہی ہے، اگر یہ صورتحال ایسے ہی برقرار رہی تو سیاسی مسائل' جو پہلے ہی شدت اختیار کرتے جا رہے ہیں' آنے والے دنوں میں مزید شدت اختیار کر جائیں گے۔

اگر دیکھا جائے تو اس وقت ملک کو ایک نہیں کئی چیلنجز درپیش ہیں۔ ایک طرف سیاسی انتشار بڑھتا جا رہا ہے تو دوسری جانب دہشت گردی کا عفریت بار بار سر اٹھا رہا ہے، اس دہشت گردی میں جوانوں کی شہادتیں بھی ہو رہی ہیں، اگر ملک میں سیاسی طور پر بے چینی نہیں ہوگی، کاروبار مملکت تمام سیاسی جماعتوں کی شمولیت سے بخیر و خوبی چل رہا ہوگا تو پھر دہشت گردی کے ایشو سے نمٹنا بھی آسان ہوگا۔ اس مسئلے سے مستقل نجات کے لیے آپریشن کے ساتھ کوئی دوسرا مختلف طریق کار بھی اختیار کیا جائے تو اس کی کامیابی کے امکانات زیادہ روشن ہو سکتے ہیں، لیکن سب سے پہلے سیاسی انتشار کا خاتمہ ڈیلاگ کے ذریعے بہت ضروری ہے۔

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

اس حکومت پر لازم ہے کہ مذاکرات کی پیشکش پر سنجیدگی دکھائے، یہ سیاست اور معیشت کیلئے ہی نہیں، قیام امن کیلئے بھی انتہائی ضروری ہے، لیکن یہ سب کچھ تب ہی ممکن ہوگا، جبکہ مذاکرات کیلئے فضا سازگار بنائی جائے گی، کیونکہ مذاکرات کی کامیابی کے لیے سازگار فضا ایک بنیادی تقاضا ہے، اس کیلئے دونوں ہی بڑی پارٹیوں پی ٹی آئی اور مسلم لیگ (ن) کو اپنے سوشل میڈیا کو فوری طور پر بریک لگانا ہوگی، اس کے علاوہ مسلم لیگ (ن) کے عطا تارڑ اور طلال چودھری' کی دوران مذاکرات زبان بندی کرنا ہوگی تو ہی سیاسی ماحول خوشگوار ہو سکتا ہے اور مذاکراتی عمل کامیابی سے ہمکنار ہو سکتا ہے، سیاسی مسائل ترجیحی بنیادوں پر جلد از جلد اور پرامن طریقے سے حل ہونے چاہئیں، قومی اتحاد اور سیاسی استحکام کی ضرورت یوں تو ہمیشہ سے ہی رہی ہے، مگر موجودہ حالات میں قومی یکجہتی کی کہیں زیادہ ضرورت ہے۔

اس میں اہل سیاست کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، سیاسی انتقام و انتشار کی سیاست کو خیرباد کہہ کر جمہوری اصولوں سے رجوع کرنا ہوگا، ایک دوسرے کو قبول کرنا ہوگا اور ایک دوسرے کو راستہ دینا ہوگا، اگر ہم ماضی کو ہی کھنگالتے رہیں گے اور ایک دوسرے کو راستے سے ہٹانے میں ہی لگے رہیں گے تو یہ زخم کبھی مندمل نہیں ہو پائیں گے، اگر ہم نے کوئی نئی شروعات کرنی ہے تو پھر ماضی کو بھلانا ہی پڑے گا، ایک دوسرے کو معاف کر کے بات کو آگے بڑھانا ہی پڑے گا، اس ملک کے حالات بھی معاف کرنے اور مل جل کر آگے بڑھنے کا ہی تقاضا کر رہے ہیں۔

اگر ہم نے ماضی کو بھلانے اور آگے بڑھنے کا ارادہ کر ہی لیا ہے تو اس کا راستہ بات چیت سے ہی نکلے گا، لیکن بات چیت خلا میں نہیں ہو سکتی' اس کیلئے زمین ہموار کرنا پڑتی ہے، یہ اب حکومت اور اپوزیشن کی ذمہ داری ہے کہ بات چیت کو عملی شکل دینے کیلئے مناسب ماحول بنائے، اس کیلئے جس فریق کے ذمہ جو کچھ ہے، وہ خلوص دل سے انجام دے، حزب اختلاف کو ایسا تاثر رد کرنا ہوگا کہ اس کے سیاسی دباؤ کے آگے بے بس ہو کر حکومت مذاکرات قبول کرنے پر مجبور ہے، حکومت کو بھی چاہیے کہ لیت ولعل سے کام لینے اور مذاکرات کی آفر کو فریق مخالف کی کمزوری ثابت کرنے کی کوشش سے گریز کرے، سیاسی تصادم سے کچھ حاصل ہونے والا نہیں، بلکہ دونوں فریق کا مزید نقصان ہی ہوگا۔

اس کا ادراک جتنا جلد کر لیا جائے، اُتنا ہی سب کیلئے بہتر ہے، دوسری صورت میں بے اعتمادی بڑھتی چلی جائے گی، اس مذاکراتی عمل میں بے اعتمادی ہی آڑے آ رہی ہے، حکومت کو بے یقینی ہے کہ اس مذاکرات کو بانی تحریک انصاف کسی بھی دن سبوتاژ کر سکتے ہیں اور مذاکراتی کمیٹی کو کسی وقت چارج شیٹ کر سکتے ہیں، دوسری جانب تحریک انصاف کو بھی مکمل یقین نہیں ہے کہ ان مذاکرات کے نتیجے میں اسے کوئی ریلیف ملے گا، تحریک انصاف قائد تو چاہتے تھے کہ طاقت ور حلقوں سے براہ راست مذاکرات ہوں، مگر مقتدرہ کے مسلسل انکار سے تحریک انصاف کی مایوسی میں اضافہ ہوا ہے، تحریک انصاف کو اعتبار قائم کرنا ہوگا اور حکومت کو اعتماد دینا ہوگا، وگرنہ ہر مذاکرات کا نتیجہ صفر جمع صفر ہی نکلے گا۔

صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے

فیض حمید کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی۔ ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے۔ 12 اگست 2024ء کو پاکستان آرمی ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کی کارروائی شروع کی گئی۔ فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے اگلے مرحلے میں فیض حمید کو باضابطہ طور پر چارج شیٹ کر دیا گیا ہے، ان چارجز میں سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونا، آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی خلاف ورزیاں کرتے ہوئے ریاست کے تحفظ اور مفاد کو نقصان پہنچانا، اختیارات اور سرکاری وسائل کا غلط استعمال اور افراد کو ناجائز نقصان پہنچانا شامل ہیں، آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے عمل کے دوران ملک میں انتشار اور بدامنی سے متعلق پرتشدد واقعات میں لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید (ر) کے ملوث ہونے سے متعلق علیحدہ تفتیش بھی کی جا رہی ہے، ان پرتشدد اور بدامنی کے متعدد واقعات میں 9 مئی سے جڑے واقعات بھی شامل تفتیش ہیں، ان متعدد پرتشدد واقعات میں مذموم سیاسی عناصر کے ساتھ ملی بھگت کا الزام بھی شامل ہے۔ فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے عمل کے دوران فیض حمید کو قانون کے مطابق تمام قانونی حقوق فراہم کیے جا رہے ہیں۔ عمران خان نے مشرف سے لے کر جنرل قمر جاوید باجوہ تک سب کے خوب بوٹ پالش کیے۔ اور جب ان کی دس سالہ منصوبہ بندی کا بھانڈہ بیچ چوراہے پھوٹ گیا تو اداروں کے لیے وہ شرمناک زبان اور رویہ اپنایا کہ ایسی سوچ سے شیطان بھی پناہ مانگ رہا ہے۔ اس سے بڑا خود غرض احسان فراموش بے مروت تاریخ نے کوئی سیاستدان نہیں دیکھا۔ تکبر اور انا پرستی نے اسے وہاں پہنچا دیا ہے جہاں سے شاید ہی کوئی بچ پایا ہو۔ کنٹینر پر کھڑے امیرزادوں کو کئی گولیاں لگیں لیکن سب محفوظ رہے؟ نیچے کھڑے ایک غریب ورکر کو صرف ایک گولی لگی اور وہ چل بسا۔ مگر یہ حقائق ہوشمندوں کے لئے ہیں۔ جہاں شخصیت پرستی آ جائے وہاں شعور رخصت ہو جاتا ہے اور برین واشنگ جگہ لے لیتی ہے۔

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

عمران خان صاحب کے مشیران اور چیلوں وظائف سے قطع نظر، کانوں کے کچے اور مقبولیت کے زعم میں گرفتار تمام کارڈز استعمال کر چکے ہیں۔ اب فقط شناختی کارڈ بچا ہے۔ پی ٹی آئی کی حکومت میں خان نے سیاست، طارق جمیل نے تبلیغ، بیوی نے چلہ، فیض حمید نے فوج، ثاقب نثار نے عدلیہ اور بول اے آر وائی ٹی وی چینلز اور سوشل میڈیا نے مورچے سنبھال رکھے تھے مگر تبدیلی، انقلاب، نیا پاکستان، ریاست مدینہ، حقیقی آزادی، کچھ بھی نصیب نہ ہو سکا۔۔۔؟ بڑوں نے جس ملک کو اگر تباہ کرنے میں چالیس برس لگائے اس ایک نے صرف ساڑھے تین سال میں وہ کام کر دکھایا کہ دوسری باری لینے کے لئے مقبولیت بھی ساتھ نہیں دے رہی۔ اس دیوار اس کی پارٹی نے کہا توڑ دو بس اس نے اپنی ٹانگ توڑ دی، اسمبلی توڑ دی مگر مقبولیت کا دیوداس آج جیل میں پڑا ہے۔ بھلے لاکھ ایاک نعبدو ایاک نستعین پڑھتے رہو، اگلی آیت مبارکہ بھی پڑھ لیا کرو کہ رب ہدایت بھی دے۔ نوجوانوں اور عورتوں کی جو کھیپ رنگیلے نے تیار کر دی ہے اس ملک کو اب دشمن کی ضرورت نہیں رہی۔ نواز شریف کو مدت پوری نہ کرنے دی اور غیر آئینی طریقے سے نکلوا دیا۔ تب اس نے سوچا تھا کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے؟ نواز شریف کہتے رہے مجھے کیوں نکالا کیوں نکالا؟ پھر رنگیلا بھی جب نکالا گیا تو جیل سے بھی چیخوں کی بازگشت سنائی دے رہی ہے کہ مجھے کیوں نکالا۔ وہ محسن جو کل آپ کے مائی باپ تھے آج ان کے خلاف غلیظ مہم چلا رہا ہے؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے برحق فرمایا ""جس کم ظرف پر احسان کرو اس کے شر سے بچو"۔ جو کھچڑی اندر پک رہی تھی اس پر بروقت قابو پانے کے لئے سابق آرمی چیف کو آپ کی نظروں میں برا تو بننا پڑا مگر انہوں نے ملک اندرونی سازش سے بچا لیا۔ جب نواز شریف نے جنرل قمر جاوید باجوہ کو آرمی چیف بنایا تو اس وقت ایک سابق مقتدر شخصیت کے دستخط سے منظور شدہ عمران خان پراجیکٹ آخری مراحل میں تھا جسے مقدس ڈاکٹرائن سمجھ کر آگے بڑھایا گیا۔ پانامہ میں نواز شریف اور ان کی بیٹی کو الیکشن سے پہلے جیل میں ڈال کر عمران خان کو وزیر اعظم بنانے کا فائنل راؤنڈ شروع ہوا۔ بیساکھیاں مہیا کی گئیں اور عمران خان وزیر اعظم بن گئے۔ سب کچھ ٹھیک چل رہا تھا لیکن 2019ء میں جب عمران خان نے جنرل باجوہ سے کہا کہ ڈی جی آئی ایس آئی جنرل عاصم منیر کو ہٹایا جائے۔ جس پر جنرل باجوہ صاحب نے پہلی مرتبہ خطرے کی لائن کراس ہوتے دیکھی مگر خاموشی اختیار کر لی۔ عمران خان بضد رہے اور جنرل باجوہ کو نہ چاہتے ہوئے بھی ان کا فیصلہ ماننا پڑا۔ عمران خان نے اس کے چند ہفتوں کے اندر ساری پی ڈی ایم قیادت کو جیل میں ڈال دیا۔ ملک میں سیاسی بحران پیدا ہو گیا اپوزیشن پر عرصہ حیات تنگ کر دیا گیا ملک کی ساری انتظامی مشینری اور دولت اپوزیشن کو دیوار سے لگانے پر صرف ہو گئی جس کے نتیجے میں ملک کی معیشت بیٹھ گئی۔ فروری 2021ء میں فیصلہ ہوا کہ پاک فوج کا سیاست سے پیچھے ہٹ جانا ہی ملک کے مفاد میں ہے۔ تمام آفیسرز کو ہدایات جاری کر دی گئیں کہ ہم نیوٹرل ہو رہے ہیں لیکن عمران خان کچھ اور ہی پلان بنا رہے تھے۔ آرمی چیف کو وزیراعظم عمران خان کی اگلے دس سال کی پلاننگ کی سمری بطور تحفہ پیش کی گئی۔ اسی دوران جنرل ندیم انجم کو ڈی جی آئی ایس آئی بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ عمران خان درست فرمایا کرتے تھے کہ آرمی چیف جنرل قمر باجوہ میں بہت برداشت اور صبر ہے۔ جب خان کے دس سالہ پلان پر پانی پھر گیا تو وہ جنرل باجوہ سے بگڑ گئے جس سے اس مقولہ کی حقانیت سامنے آ گئی کہ "جس پر احسان کرو اس کے شر سے بچو"...... خدارا، اپنی افواج کی قدر کرنا سیکھیے، آج فلسطین، لیبیا، لبنان اور اب شام میں جو کچھ ہو رہا ہے کیا وہ ہماری آنکھیں کھولنے کے لئے کافی نہیں ہے؟؟؟ اندرونی اور بیرونی دشمن مگر اس وقت پاکستان پر حملہ آور ہیں۔ ہمارا حال بھی ان ملکوں سے مختلف نہ ہوگا اگر ہم نے ہوش کے ناخن نہ لئے تو۔ اپنی اور اپنے ملک کی حفاظت کے لئے اپنی روزانہ کی بنیادوں پر قربانیاں دینے والی افواج کو کمزور مت کریں کیونکہ اس میں نقصان صرف پاکستان کا ہے۔

قائداعظم بین الصوبائی گیمز میں خواتین سوئمنگ کا ٹائٹل پنجاب نے جیت لیا

دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی کھلاڑیوں کو بالترتیب 15، 15 ہزار اور 10، 10 ہزار روپے بمعہ میڈلز حاصل کئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام جاری قائد اعظم بین الصوبائی گیمز میں خواتین سوئمنگ کا ٹائٹل پنجاب نے جیت لیا جبکہ اسلام آباد نے دوسری اور سندھ نے تیسری پوزیشن حاصل کی، خیبر پختونخوا کے کھلاڑی چوتھے نمبر پر رہے۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی پنجاب سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل خضر افضال چوہدری نے پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ڈی جی شاہد اسلام کے ہمراہ کھلاڑیوں کو انعامات تقسیم کئے۔ اس موقع پر پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر ایڈمن احتشام الحق اور ایونٹ ڈائریکٹر چوہدری سعید اختر کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ چیمپئن شپ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی کھلاڑیوں کو 20، 20 ہزار روپے جبکہ دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی کھلاڑیوں کو بالترتیب 15،15 ہزار اور 10،10 ہزار روپے بمعہ میڈلز حاصل کئے۔ رپورٹ کے مطابق چیمپئن شپ میں پنجاب نے 335 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن جبکہ اسلام آباد نے 169 پوزیشن کے ساتھ دوسری اور سندھ نے 43 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ خیبر پختونخوا کے کھلاڑی چار پوائنٹس کے حاصل کرنے کے بعد چوتھے نمبر پر رہے۔ ان مقابلوں میں ملک بھر سے سات خواتین ٹیموں کے کھلاڑی نے حصہ لیا۔ جن میں پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد کے کھلاڑی شامل تھیں۔ مردوں کے سوئمنگ کے مقابلے شامل ہیں۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام جاری قائد اعظم بین الصوبائی گیمز میں خواتین سوئمنگ کا ٹائٹل پنجاب نے جیت لیا جبکہ اسلام آباد نے دوسری اور سندھ نے تیسری پوزیشن حاصل کی، خیبر پختونخوا کے کھلاڑی چوتھے نمبر پر رہے۔ چیمپئن شپ پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی کھلاڑیوں کو 20،20 ہزار روپے جبکہ دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی کھلاڑیوں کو بالترتیب 15،15 ہزار اور 10، 10 ہزار روپے بمعہ میڈلز حاصل کئے۔

اسلام آباد: بین الصوبائی قائداعظم گیمز کے موقع پر پنجاب اور اسلام آباد گرلز فٹ بال میچ کا منظر۔

ای لائٹس بند ہونے کے ذمہ دار ناتھن لائن قرار

وقفے میں 2 مرتبہ فلڈ لائٹس بند ہوئیں جس پر پلیئرز اور شائقین سب حیران ہوگئے

ایڈیلیڈ (این این آئی) ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں 2 مرتبہ اسٹیڈیم کی لائٹس بند ہونے کے ذمہ دار آسٹریلوی اسپنر ناتھن لائن قرار پائے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈے اینڈ نائٹ فارمیٹ میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ کے ابتدائی روز تیسرے سیشن میں تھوڑے سے وقفے میں 2 مرتبہ فلڈ لائٹس بند ہوئیں جس پر پلیئرز اور شائقین سب حیران ہوگئے۔ اس بارے میں قیاس آرائیاں ہوئیں کہ شاید بجلی بند ہوگئی، کسی نے مذاق میں کہا کہ شاید بل ادا نہیں کیا اس لیے بجلی کاٹ دی گئی۔ اب گابا میں شروع ہونے والے تیسرے ٹیسٹ میں بارش کی وجہ سے کھیل رکنے کے دوران چینل سیون سے بات چیت میں میزبان اسپنر ناتھن لائن نے لائٹس آف ہونے کی ذمہ داری قبول کرلی۔ انھوں نے بتایا کہ نائٹ سیشن کے دوران میں اور نائب کوچ آندرے بوروویک اندھیرے میں بیٹھے ہوئے تھے، جب ایک گارڈ نے وجہ پوچھی تو ہم نے کہا کہ اگر آپ پریکٹس ایریا کی لائٹس آن کردیں تو ہم کچھ بولنگ کرپائیں گے۔

پاکستان کا دبئی کے ساتھ کولمبو پر بھی غور

جہاں سے اچھی ڈیل ملی وہاں معاملات فائنل کرلیے جائیں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی میچز کیلئے پاکستان یو اے ای کے ساتھ سری لنکا پر بھی غور کرنے لگا، پی سی بی ذرائع کے مطابق دبئی فیورٹ ہے البتہ ہم کولمبو کے آپشن کو بھی ذہن میں رکھے ہوئے ہیں۔ دوسری جانب آئی سی سی اچانک سری لنکن انٹری سے واقف نہیں ہے، ایونٹ کی تفصیلات کا اعلان اتوار یا پیر کو متوقع ہے۔ پی سی بی کی بعض اعلیٰ شخصیات ان دنوں عمرے کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب میں موجود ہیں، ذرائع نے بتایا کہ پاکستان اور بھارتی بورڈز کے درمیان معاملات پر اتفاق ہوچکا اور گیند اب آئی سی سی کے کورٹ میں ہے، تمام معاملات کو معاہدے کی شکل دے کر دستخط کرائے جائیں گے، اب عالمی کونسل ہی اس حوالے سے اعلان کرے گی۔

چیمپئنز ٹرافی، پاک بھارت کرکٹ بورڈز میں تمام معاملات پر انڈر اسٹینڈنگ طے پاگئی

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے پاکستان اور بھارت کے کرکٹ بورڈز کے درمیان تمام معاملات پر انڈراسٹینڈنگ طے پاگئی۔ ذرائع کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کے معاملے پر اب کسی قسم کی کوئی پیچیدگی نہیں رہی۔ چیمپئنز ٹرافی کے معاملات پر معاہدوں کا کام حتمی مرحلے میں پہنچ چکا ہے۔ آئی سی سی نے چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے اعلان کرنا ہے، اتوار کو چھٹی کی وجہ سے اعلان نہ ہوسکا تو پیر تک اعلان ہونے کا امکان ہے۔

قائداعظم بین الصوبائی گیمز، پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل یاسر پیرزادہ کا کھیلوں کے مختلف مقامات کا دورہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) قائد اعظم بین الصوبائی گیمز، پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل یاسر پیرزادہ نے ڈپٹی ڈی جی شاہد اسلام نے کھیلوں کے مختلف مقامات کا دورہ کیا ہے۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام قائد اعظم بین الصوبائی گیمز پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہو چکی ہیں۔ گیمز میں 15 کھیلوں کے مقابلوں رکھے گئے ہیں جن میں اتھلیٹکس، بیڈمنٹن، باکسنگ، فٹ بال، ہاکی، جوڈو، کبڈی، کراٹے، اسکواش، تیراکی، ٹیبل ٹینس، تائیکوانڈو، والی بال، ویٹ لفٹنگ اور ریسلنگ شامل ہیں۔ ان مقابلوں میں ملک بھر سے سات مرد اور خواتین ٹیموں کے کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں جن میں پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد کے کھلاڑی شامل ہیں۔ یہ مقابلے 14 سے 19 دسمبر تک جاری رہیں گے۔

کیئر کے آخری ٹیسٹ میں ساؤدی کو کھلاڑیوں کا گارڈ آف آنر

تیسرے ٹیسٹ کے بعد طویل طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر رکھا ہے

ہیملٹن (این این آئی) نیوزی لینڈ کے فاسٹ بولر ٹم ساؤدی کو الوداعی میچ میں کھلاڑیوں نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ساؤدی نے انگلینڈ سے ہیملٹن میں جاری تیسرے ٹیسٹ کے بعد طویل طرز کی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر رکھا ہے۔ میچ کے ابتدائی روز انھوں نے صرف 10 بالز پر 23 رنز بنائے جس میں ایک چوکا اور 3 چھکے شامل تھے، اس طرح انھوں نے ٹیسٹ کرکٹ میں اپنے چھکوں کی تعداد سابق ویسٹ انڈین اسٹار کرس گیل کے برابر 98 کردی۔ گیل نے یہ چھکے 103 ٹیسٹ میچز پر محیط کیریئر میں جڑے تھے۔ ساؤدی اب اس فہرست میں چوتھے نمبر پر موجود ہیں۔ وہ اگلی باری میں مزید 2 چھکے جڑ کر ٹیسٹ کرکٹ میں چھکوں کی سنچری مکمل کرنے والے چوتھے کرکٹر بن سکتے ہیں۔

شاہد آفریدی آف روڈ ریلی کیلئے جھل مگسی ٹریک پر آگئے



جھل مگسی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد خان آفریدی آف روڈ ریلی دیکھنے جھل مگسی کے ٹریک پر آگئے۔ شاہد آفریدی کے ٹریک پر پہنچنے پر سابق کپتان کے سیکڑوں مداحوں اور روڈ ریلی کے شائقین نے انہیں گھیر لیا۔ کیا سابق کپتان نے ایک اور کھیل کے کھلاڑی بننے کیلئے تیاری پکڑلی؟ اس حوالے سے پوچھے گئے سوال پر شاہد آفریدی نے کہا کہ کل ٹریک دیکھیں گے، اگر لگا کہ وہ اس پر گاڑی چلا سکتے ہیں تو ریس میں حصہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جھل مگسی میں ہونے والی ریس کیلئے وہ پرجوش ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد خان آفریدی آف روڈ ریلی دیکھنے جھل مگسی کے ٹریک پر آگئے۔

بھارت کی خاتون بیڈمنٹن کھلاڑی پسرلا وینکٹا سندھو نے منگنی کرلی

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی خاتون بیڈمنٹن کھلاڑی پسرلا وینکٹا سندھو نے منگنی کرلی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 29 سالہ پسرلا وینکٹا سندھو نے وینکٹا دتا سائی سے منگنی کی ہے جوکہ آئی ٹی ماہر ہیں اور ان کا تعلق بھی حیدرآباد سے ہے۔ پسرلا وینکٹا سندھو نے اپنی منگنی کی تصاویر سوشل میڈیا پر بھی شیئر کی ہیں جس کے بعد انہیں مبارکباد دینے کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پسرلا وینکٹا سندھو اور وینکٹا دتا سائی کی شادی کی تقریبات کا آغاز 20 دسمبر سے ہوگا جبکہ 22 دسمبر کو ادے پور میں شادی ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پسرلا وینکٹا سندھو شادی کے کچھ وقت بعد اپنی ٹریننگ کا دوبارہ آغاز کریں گی۔

پی ایس ایل 10 پلاٹینم کیٹیگری کیلیے بڑے ناموں پر غور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 سے متعلق روزانہ کی بنیاد پر اجلاس اور مشاورت شروع کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق پی ایس ایل 10 کی کیٹیگریز کو حتمی شکل دینے کے اجلاس ہوا، پہلے مرحلے میں پلاٹینم کیٹیگری کے لیے کھلاڑیوں کے ناموں پر غور کیا گیا۔

اپنے کیریئر کو طویل کرنا چاہتے ہیں تو ٹیسٹ کرکٹ کے مقابلے میں محدود اوور کی کرکٹ کو فوقیت دینا ہوگی، شعیب اختر کو بمراہ کو مشورہ

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمراہ کو مشورہ دیا ہے کہ اپنے کیریئر کو طویل کرنا چاہتے ہیں تو انہیں ٹیسٹ کرکٹ کے مقابلے میں محدود اوورز کی کرکٹ کو فوقیت دینا ہوگی۔ ایک انٹرویو میں شعیب اختر نے کہا کہ جسپریت بمراہ کی لائن ولینتھ اچھی ہے لیکن ٹیسٹ کرکٹ میں طویل اسپیل ہوتے ہیں اور وکٹیں لینے کے لیے آپ کو اسپیڈ کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ بیٹر کو جلدی نہیں ہوتی اور وہ رسک نہیں لیتا۔ شعیب اختر نے کہا کہ بمراہ کو ٹیسٹ کھیلنا ہے تو وکٹیں لینے کے لیے اسپیڈ بڑھانے اور برقرار رکھنے کی ضرورت ہوگی لیکن اس میں انجری کا خدشہ بھی بڑھ جاتا ہے، اگر میں بمراہ کی جگہ ہوتا تو خود کو وائٹ بال کرکٹ تک محدود کرلیتا۔ راولپنڈی ایکسپریس نے کہا کہ مجھے خوشی ہوگی اگر بمراہ زیادہ کرکٹ سے پرہیز کرے، بمراہ کو خود کو دیکھنا ہوگا کیونکہ اس نے تمام فارمیٹس کے ساتھ آئی پی ایل بھی کھیلنا ہے۔ شعیب اختر نے کہا کہ بمراہ دنیائے کرکٹ کا اثاثہ ہے اور ہمیں اس کی حفاظت کرنی چاہیے۔

پی سی بی گورننگ بورڈ بدھ کو چیمپئنز ٹرافی پر بات کرے گا

ایجنڈے کے مطابق 9 نومبر کو منعقدہ 75 ویں میٹنگ کے منٹس کی تصدیق ہوگی

ڈپارٹمنٹس اور ریجنز کا اہم کردار برقرار رہے گا، آئینی اور مالی تفصیلات طے کرنے کیلئے ابھی مزید کام ہونا باقی ہے، پی سی بی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کی 76 ویں میٹنگ 18 دسمبر کو اسلام آباد میں ہوگی، وفاقی دارالحکومت کے مقامی ہوٹل میں اہم معاملات پر تبادلہ خیال کرنے کیساتھ مختلف امور پر فیصلے بھی کیے جائیں گے۔ ایجنڈے کے مطابق 9 نومبر کو منعقدہ 75 ویں میٹنگ کے منٹس کی تصدیق ہوگی، آئندہ سال ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے حوالے سے پیش رفت اور تیاریوں پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور، نیشنل اسٹیڈیم کراچی اور راولپنڈی اسٹیڈیم کے اپ گریڈیشن منصوبوں کا جائزہ بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔ پی سی بی ورک ریگولیشنز 2024 میں مجوزہ ترامیم پر غور کرتے ہوئے ممکنہ تبدیلیوں کا فیصلہ کیا جائے گا۔ اجلاس میں کسی بھی اضافی امور کو شامل کیا جا سکتا ہے، پاکستان کرکٹ کے انفرااسٹرکچر کو بہتر بنانے اور چیمپئنز ٹرافی جیسے بڑے ایونٹ کے انعقاد کیلئے اس میٹنگ کو اہم قرار دیا جارہا ہے۔

قوّت
SHOWBIZ

جنید خان نے کیارہ ایڈوانی کو پسندیدہ اداکارہ قرار دیدیا

مائننگ کی کبھی ملازمت نہیں کی اور نہ ہی مائننگ کے شعبے میں کام کرنے کی خواہش ہے

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی اداکار جنید خان نے کیارہ ایڈوانی کو پسندیدہ اداکارہ قرار دے دیا۔ حال ہی میں جنید خان نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شریک ہوئے جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا اور مختلف سوالات کے دلچسپ جوابات دیئے۔ نجی زندگی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے جنید خان نے بتایا کہ انہوں نے بیرون ملک سے مائننگ انجینئرنگ کی ڈگری لے رکھی ہے لیکن انہوں نے مائننگ کی کبھی ملازمت نہیں کی اور نہ ہی انہیں مائننگ کے شعبے میں کام کرنے کی خواہش ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ انہیں ایکشن اور کامیڈی فلمیں اور کہانیاں پسند ہیں، اس لیے انہیں ہریتیک روشن، سلمان خان اور شاہ رخ خان جیسے اداکار پسند ہیں جبکہ بالی ووڈ اداکاراؤں میں کیارہ ایڈوانی ان کی پسندیدہ اداکارہ ہیں۔ جنید خان کا کہنا تھا کہ اگر کبھی موقع ملا تو بھارتی گلوکار واداکار دلجیت دوسانجھ اور گلوکار ارجیت سنگھ کے ساتھ کام کرنا چاہوں گا، دونوں بہترین کام کر رہے ہیں جب کہ باقی فنکار بھی اچھا کام کر رہے۔

عمران اشرف اور طلحہ انجم کی نئی فلم 'کٹر کراچی' کا ٹریلر جاری

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار اور دنیا نیوز کے پروگرام مذاق رات کے میزبان عمران اشرف اور ریپر طلحہ انجم کی ڈیبیو فلم 'کٹر کراچی' کا ٹریلر جاری کردیا گیا۔ اس فلم میں اداکارہ کنزہ ہاشمی اور سید جمیل بھی اہم کرداروں میں نظر آئیں گے، مداحوں کو اس پروجیکٹ کی ریلیز کا شدت سے انتظار ہے۔ کٹر کراچی کے ٹریلر کو دیکھ کر اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ ایک سنسنی خیز کرائم تھرلر ہے جس کی کہانی کراچی کے تاریک اور حقیقت پسندانہ ماحول کے گرد گھومتی ہے، فلم کے مناظر میں کراچی کی ثقافت کی ایک کی جھلک نظر آتی ہے۔ عمران اشرف اس فلم میں ایک 'مافیا باس' کے روپ میں دکھائی دے رہے ہیں جو روشنیوں کے شہر پر حکمرانی کے لیے پوری طرح تیار ہے، دوسری طرف طلحہ انجم اپنے مقام کے دفاع کے لیے آخری حد تک لڑنے کو تیار دکھائی دیتے ہیں، فلم میں کنزہ ہاشمی کا انداز بھی روایتی کرداروں سے بالکل مختلف ہے۔ ٹریلر دیکھ کر شائقین کا کہنا ہے کہ انہیں فلم کی کہانی کی شدت، کرداروں کی گہرائی اور کراچی کے گلی کوچوں کی عکاسی نے متاثر کیا ہے، فلم 20 دسمبر 2024 کو پاکستان بھر کے سینما گھروں میں ریلیز ہوگی۔

سوشل میڈیا پر اپنا دکھ بیان کردیں تو لوگ جج کرنا شروع کردیتے ہیں، اداکارہ نمرہ خان

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نمرہ خان نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر اپنا دکھ بیان کردیں تو لوگ جج کرنا شروع کردیتے ہیں۔ اداکارہ نمرہ خان نے حال ہی میں ایک ٹی وی پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے سوشل میڈیا پر دکھائے جانے والے دھوکے سے متعلق رائے کا کھل کر اظہار کیا۔ نمرہ خان نے کہا ہے کہ عام طور پر لوگ سوشل میڈیا پر خوشی کی چیزیں شیئر کرتے ہیں۔ انہوں کا کہنا تھا کہ ہر شخص کی زندگی میں مشکلات ہیں لیکن اس کے باوجود اگر صرف جھوٹی خوشیاں دکھائی جائیں تو تعریف ملتی ہے اگر اپنا دکھ بیان کردیا جائے تو لوگ آپ کو جج کرنا شروع کردیتے ہیں۔

خاقان شاہنواز نے کرینہ کپور کے بیٹے کا کردار نبھانے کی خواہش ظاہر کردی

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی نوجوان اداکار خاقان شاہنواز نے بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور کے بیٹے کا کردار نبھانے کی خواہش ظاہر کردی۔ اے آر وائی ڈیجیٹل کے ڈرامہ سیریل 'سکون' میں 'رضا' کا کردار نبھانے والے اداکار خاقان شاہنواز نے نجی ٹی وی کے مزاحیہ شو میں شرکت کی اور اس دوران مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ میزبان نے سوال کیا کہ آپ کی کس اداکارہ کے ساتھ اداکاری کرنے کی خواہش ہے۔ خاقان شاہنواز نے جواب دینے کے بجائے ناظرین سے پوچھا کہ آپ بتائیں کہ کس اداکارہ کے ساتھ اداکاری کرنی چاہیے، ناظرین نے کہا کہ وہ انہیں کرینہ کپور کے ساتھ اسکرین پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ جواب میں اداکار نے مسکراتے ہوئے کہا کہ میں ایک پروجیکٹ میں کرینہ کپور کے بیٹے کا کردار ادا کرسکتا ہوں۔

میری شادی 2024 میں نہیں بلکہ دسمبر 2023 میں ہوئی تھی، اداکارہ تاپسی پنو

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ تاپسی پنو نے انکشاف کیا ہے کہ انکی شادی 2024 میں نہیں بلکہ دسمبر 2023 میں ہوئی تھی۔ تاپسی پنو نے اپنے بوائے فرینڈ اور بیڈمنٹن پلیئر میتھیاس بو سے شادی کی۔ انکی شادی کی تقریبات رواں برس مارچ میں ادے پور میں منعقد ہوئی تھیں۔ تاہم اپنے ایک تازہ انٹرویو کے دوران تاپسی کا کہنا تھا کہ لوگ رواں برس ہونے والی میری شادی کے بارے میں نہیں جانتے کیونکہ ہم نے باضابطہ طور پر اسکا اعلان نہیں کیا تھا۔ حالانکہ ہم نے گزشتہ برس دسمبر میں شادی کی تھی اور ہماری شادی کی سالگرہ جلد آنے والی ہے۔ انکا یہ بھی کہنا تھا کہ گزشتہ برس دسمبر میں ہم نے شادی کے کاغذات پر دستخط کیے تھے۔

میں خلیل الرحمان کے ساتھ کام نہیں کروں گی، نادیہ افگن

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نادیہ افگن نے ڈرامہ نگار، مصنف اور شاعر خلیل الرحمان قمر سے اپنی پہلی ملاقات کا احوال بیان کیا اور کہا ہے کہ انہوں نے کچھ ایسی حرکتیں کی جس کی وجہ سے میں ان کے ساتھ کام نہیں کروں گی۔ نادیہ افگن نے حالیہ پوڈ کاسٹ میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ میں خلیل الرحمان کے ساتھ کام نہیں کروں گی کیونکہ وہ بہت عجیب سی شخصیت کے مالک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی 25 سال پہلے 1997ء یا 1998ء کی بات ہوگی، اس وقت میں نئی نئی آئی اور ایک روز ثمینہ آپا کے ساتھ اسٹوڈیو گئی جہاں وہ مجھے بیٹھا کر کسی کام سے چلی گئیں تھیں۔ نادیہ افگن کے مطابق وہاں پر ایک شخص بیٹھا تھا جس نے اپنے پاؤں صوفے پر رکھے ہوئے تھے اور سگریٹ نوشی کر رہا تھا، میں نے سلام کیا تو اس نے جواب میں مجھ سے پوچھا کون ہو تم لڑکی؟ کام کرنے آئی ہو؟ اداکارہ کے مطابق پھر میں نے ثمینہ آپا سے اُس شخص کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ یہ رائٹر ہیں، پھر میں نے سوچ لیا تھا کہ جسے سلیقہ اور تہذیب نہیں وہ کیسے رائٹر ہوسکتا ہے اور میں ایسے شخص کے ساتھ کبھی کام نہیں کروں گی۔ نادیہ افگن نے کہا کہ خلیل الرحمان قمر معمولی رائٹر ہیں وہ ایسے کوئی لکھاری بھی نہیں جو بہت ہی کچھ لاجواب تحریر کرتے ہوں۔

میری اور فیصل کی پہلی ملاقات کافی ڈرامائی تھی، ثناء فیصل

دوران عدت فیصل کا رشتہ میرے لیے آیا اور پھر خالہ نے مجھے اور گھر والوں کو فیصل کے رشتے کیلئے راضی کرلیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سپر اسٹار فیصل قریشی کی تیسری اہلیہ ثنا فیصل نے انکشاف کیا ہے کہ فیصل قریشی سے ان کی دوسری شادی ہے۔ ثنا فیصل حال ہی میں فیصل قریشی کے پوڈکاسٹ میں بطور مہمان شریک ہوئیں جس دوران فیصل نے اہلیہ ثنا سے اپنی پہلی ملاقات اور شادی کا سوال کیا؟ جس کے جواب میں ثنا فیصل نے بتایا کہ میری اور فیصل کی پہلی ملاقات کافی ڈرامائی تھی جس پر ڈرامہ بھی بنایا جاسکتا ہے۔ دوران گفتگو ثنا نے انکشاف کیا کہ فیصل سے شادی سے قبل میں طلاق یافتہ تھی، دوران عدت فیصل کا رشتہ میرے لیے آیا اور پھر خالہ نے مجھے اور گھر والوں کو فیصل کے رشتے کیلئے راضی کرلیا، وہ وقت میرے لیے ایک مشکل وقت تھا میں کچھ بھی نہیں کرنا چاہتی تھی، مجھ پر الزام لگایا جارہا تھا کہ میں نے فیصل قریشی سے شادی کیلئے طلاق لی اور پھر یہ سوچا کہ فیصل سے شادی ہی ان سب چیزوں سے فرار ہے۔

اداکارہ ریکھا کی شادی نہ کرنے کی حیران کن وجہ سامنے آگئی

ممبئی (این این آئی) اپنی اداؤں، دلکشی اور صلاحیتوں سے ہزاروں دل جیتنے والی اداکارہ ریکھا کی شادی نہ کرنے کی حیران کن وجہ سامنے آئی ہے اور یہ دعویٰ بھارتی میڈیا کی ایک رپورٹ میں کیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ ک مطابق ریکھا نے شوبز سفر کا آغاز 1960 کی دہائی کے آخر سے کیا اور سامعین کو مسحور کر کے رکھ دیا تھا۔ انہوں نے اداکاری کا آغاز تیلگو سے کیا اور پھر 1970 میں بالی ووڈ انڈسٹری میں ساون بھادوں فلم سے ڈیبیو کیا۔ ریکھا کی پہلی ہی فلم باکس آفس پر چھا گئی اور پھر اس کے بعد سے اداکارہ نے بلندیوں کی نئی منازل طے کیں۔ انہوں نے بالی ووڈ کو کئی سپر ہٹ فلمیں دیں۔ اداکارہ کے امیتابھ بچن سے رومانوی تعلقات کے علاوہ نجی زندگی کے حوالے سے خبریں وائرل ہوئیں اس کے بعد ریکھا نے معروف کاروباری شخصیت مکیش اگروال سے شادی کی تاہم کچھ عرصے میں اُن کے شوہر نے خودکشی کرلی اُس کے بعد سے ریکھا نے شادی نہیں کی۔ شوہر کی زندگی میں اداکارہ نے خاتون مینیجر فرزانہ کو اپنے ساتھ رکھا جس مرنے کے بعد اُن کے بہت قریب ہوگئی اور بھارتی میڈیا کا دعویٰ ہے کہ دونوں کے درمیان بہت 'خاص تعلقات' ہیں، جب یہ منظر عام پر آئے تو سب حیران رہ گئے تھے۔ ریکھا کی مینجر فرزانہ اداکارہ کی زندگی میں ایک خاص مقام رکھتی ہیں۔ فرزانہ کو اکثر ریکھا کے سائے کے طور پر دیکھا جاتا ہے، وہ اس کے ساتھ رہتی ہیں، بالخصوص اداکارہ جب خاص حالت میں خاص مواقعوں پر مخصوص لباس میں زندگی کا لطف اٹھا رہی ہوتی ہیں تو مینیجر اُن کے ساتھ ہی ہوتی ہیں۔ فرزانہ کا بلواسطہ تعلق شوبز انڈسٹری سے تو نہیں ہے تاہم اُن کے والد پروڈکشن کنٹرولر تھے اور وہ خود ہدایت کار بننے کی خواہش مند بھی تھیں۔ ایک سیٹ پر اُن کی ریکھا سے ملاقات ہوئی جس کے بعد اداکارہ نے اُن کی خدمات حاصل کی اور 30 سال سے زائد عرصہ ہونے کے باوجود فرزانہ آج بھی ریکھا کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک موقع پر فرزانہ کی والدہ بیمار ہوئیں تو وہ دن میں اُن کی تیمارداری کرتی مگر رات ریکھا کے ساتھ ہی گزارتی تھیں۔ فرزانہ کے قریبی لوگوں کا کہنا ہے کہ وہ ریکھا سے بہت زیادہ متاثر ہیں اور اپنی زندگی کو اُن کے لیے وقف کرچکی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

فیس لیس اسیسمنٹ سسٹم (FAS) 15 دسمبر 2024 سے لاگو ہوگا، جمیل ناصر

فیس لیس اسیسمنٹ FBR کے کسٹمز ریفارمز کا حصہ ہے، چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ کراچی

لاہور (شہروز میاں سے) کسٹم ہاؤس کراچی میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ریفارمز کے منصوبہ کے تحت کسٹم ڈیپارٹمنٹ میں ہونے والی اصلاحات کے حوالے سے ایک پریس بریفنگ کا اہتمام کیا گیا۔ اس پریس بریفنگ میں چیف کلکٹر کسٹمز اپریزمنٹ کراچی جمیل ناصر نے فیس لیس اسیسمنٹ سسٹم (FAS) جو 15 دسمبر 2024 سے لاگو کیا جا رہا ہے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ FAS کا اطلاق 14 دسمبر 2024 رات 00:12 بجے کے بعد داخل کی جانے والی تمام گڈز ڈیکلیریشن (GDs) سنٹرل اپریزنگ یونٹ (CAU) جس کا قیام ساؤتھ ایشیا پورٹ ٹرمنل (SAPT) پر سنٹرل بورڈ آف ریونیو کے جاری کردہ سی جی او (CGO) 6/2024 کے تناظر میں کیا گیا ہے میں بھیجی جائیں گی۔ چیف کلکٹر جمیل ناصر نے بتایا کہ فیس لیس اسیسمنٹ FBR کے کسٹمز ریفارمز کا حصہ ہے اور اس پر عمل درآمد کا مقصد زیادہ سہل، آسان اور شفاف طریقے سے تجارتی سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس سے ٹیکس دہندہ اور ٹیکس افسران کے درمیان ملاقات اور رابطہ میں بھی کمی آئے گی توقع ہے کہ FAS کے متعارف ہونے سے محکمہ کسٹم کے کلچر اور کام میں ایک مثالی تبدیلی آئے گی۔ انہوں نے زور دے کر کہا اس سسٹم سے محصولات کی وصولی میں اضافہ ہوگا کراچی میں پائلٹ پراجیکٹ کے کامیاب ہونے کے بعد اسے پورے ملک میں متعارف کرایا جائے گا اور کسٹم کلکٹریٹس کے اپریزمنٹ فنکشن کو ایک کارپوریٹ ماحول میں تبدیل کیا جائے گا جہاں اسسٹنٹ اور ڈپٹی کلکٹرز بھی ریویو کے لئے تعینات کیے جائیں گے جو تاجر یا اس کے نمائندے کے دفتر آئے بغیر الیکٹرانک ذریعے سے کیس کی شنوائی کرینگے۔ نتیجتاً تاجروں کا وقت سرکاری دفاتر کے چکر لگانے سے بچ جائے گا اور کسٹمز بھی اپنے قلیل انسانی وسائل کو احسن طریقے سے استعمال کرسکے گا۔ یہ کسٹمز کے ساتھ ساتھ تجارت کے فروغ میں مددگار ہوگا۔ اس سلسلہ میں صاف ستھرے ماحول میں اپریزرز اور پرنسپل اپریزرز کے بیٹھنے کے لئے تمام انتظامات کو پہلے ہی حتمی شکل دے دی گئی ہے اور ڈی سی (ایم آئی ایس) سمیت 55 افسران کو تعینات کر دیا گیا ہے۔ CAU میں تعینات افسران پیر سے صبح 9:00 بجے SAPT میں رپورٹ کریں گے۔ کسٹم GDs کی جانچ پڑتال اور اسیسمنٹ کرنے والے افسران کی صلاحیت بڑھانے جانچنے اور جواب دہی کے لئے FAS کے طریقہ کار میں ایک مخصوص خود کار سسٹم شامل کیا گیا ہے۔ جو افسران تندہی اور دیانتداری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں گے انکو سسٹم کی طرف سے انعام بھی دیا جائے گا اور انعام کی رقم کے تعین میں سینئر سپروائزری افسران کو بھی کوئی صوابدیدی اختیار حاصل نہیں ہوگا۔ مزید برآں اپریزنگ آفیسر کی کارکردگی اور اسیسمنٹ کا ڈیٹا انکے کیریئر کی ترقی کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ کسٹمز میں اصلاحات کے ایک نئے مرحلے کا آغاز ہے اور جلد ہی کئی دیگر اصلاحات کی جائیں گی۔

حلقہ ارباب ذوق فیصل آباد کے سالانہ انتخابات کا اعلان کر دیا گیا

انتخابات 27 دسمبر کو منعقد ہونگے کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ 13 دسمبر تھی



سیکرٹری محمد اشفاق بابر

جائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر میمونہ سبحانی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے معروف ادبی تنظیم حلقہ ارباب ذوق فیصل آباد کے سالانہ انتخابات جوکہ 27 دسمبر 2024 کو منعقد ہونے تھے۔ اس انتخابات میں حصہ لینے والوں کے کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی آخری تاریخ 13 دسمبر تھی۔ اس انتخاب میں سیکرٹری کے لئے محمد اشفاق بابر اور جائنٹ سیکرٹری کے لئے ڈاکٹر میمونہ سبحانی کے علاوہ کسی نے بھی کاغذات نامزدگی داخل نہیں کروائے لہذا الیکشن کمیشن کے چیئرمین میاں بشیر احمد اعجاز اور ان کے ساتھ معاون قمر عباس قمر اور طارق محمود خان نے کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد محمد اشفاق بابر کو سیکرٹری اور ڈاکٹر میمونہ سبحانی کو جائنٹ سیکرٹری برائے 2025 کے لئے بلا مقابلہ منتخب قرار دے کر ان کی کامیابی کا اعلان کر دیا۔

پیٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑہ کیجانب سے گمشدہ افراد کی تلاش

دوران گشت لاپتہ 80 سالہ ذہنی مریضہ ضعیف خاتون اور 07 سالہ بچے کو بازیاب کرلیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پیٹرولنگ پولیس ضلع اوکاڑا کیجانب سے گمشدہ افراد کی تلاش اور وارثان کو حوالگی کا عظیم انسانیت دوست عمل جاری۔ دوران گشت لاپتہ 80 سالہ ذہنی مریضہ ضعیف خاتون اور 07 سالہ بچے کو بازیاب کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرولنگ پولیس چوکی چک نمبر 48 ٹو ایل دیپالپور سے گشت آفیسر اے۔ ایس۔ آئی الطاف حسین نے ہمراہ ٹیم 32 ٹو ایل کے مقام سے راستہ بھٹکے ایک بچے کو حفاظتی تحویل میں لے لیا۔ جبکہ پیٹرولنگ پولیس چوکی کھوکھر کوٹھی سے گشت آفیسر اے۔ ایس۔ آئی احمد فراز نے ہمراہ ٹیم چوچک روڈ کے مقام سے بیار و مددگار ضعیف العمر خاتون کو اپنی حفاظتی تحویل میں لے لیا۔ پیٹرولنگ پولیس ٹیمز کیجانب سے ہنگامی بنیادوں پر جدید ذرائع ابلاغ و مواصلات اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے بعد وارثان کا پتہ چل گیا۔ گمشدہ بچے کا نام علی احمد ولد رافع علی عمر 07 سال اور چک نمبر 38 ڈی کا رہائشی تھا جبکہ خاتون کی شناخت شہادت بی بی عمر 80 سال سکنہ موضع مجھیانہ تحصیل رینالہ خورد سے ہوئی۔ پیٹرولنگ آفیسران نے علاقہ معززین کی موجودگی میں علی احمد کو حقیقی ماموں حافظ جہانزیب جبکہ شہادت بی بی کو پورے عزت اور احترام کیساتھ حقیقی بھانجے محمد آصف کے حوالے کر دیا۔ ریجنل آفیسر پیٹرولنگ پولیس اور ڈسٹرکٹ آفیسر کیجانب سے پیٹرولنگ سٹاف کو بچھڑوں کو اپنوں سے ملوانے کی اس روایت کو جاری رکھنے پر شاباش۔

چناب کالج جھنگ میں آل پاکستان

تقریری مقابلہ جات کا انعقاد

جھنگ (بیورو رپورٹ): چناب کالج جھنگ میں آل پاکستان تقریری مقابلہ جات کا شاندار و پروقار انعقاد کیا گیا جس میں ملک بھر کے نامور تعلیمی اداروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر وطن عزیز کے نامور مصنف، محقق، دانشور، ادیب مہمان خصوصی ڈاکٹر انعام الحق جاوید نے ادارے کے تعلیمی معیار اور سرگرمیوں کو سراہا۔ آل پاکستان مقابلہ اردو تقاریر میں سید کمال احمد (پنجاب یونیورسٹی لاہور) نے اول انعام جیتا، جبکہ انگریزی تقاریر میں حسن شہریار (جی سی یونیورسٹی لاہور) نے میدان مارا۔ پروقار ایونٹ کی مجموعی ٹرافی گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور کے نام رہی۔

ڈکیتی، چوری اور رہزنی کی درجنوں وارداتوں پر تاجر تلملا اٹھے

وزیرآباد (نامہ نگار) ڈکیتی، چوری اور رہزنی کی درجنوں وارداتوں پر تاجر تلملا اٹھے، تاجر تنظیموں کا شہر میں رینجرز کی تعیناتی کا مطالبہ، پولیس عملی کارکردگی دکھانے میں ناکام، وارداتوں میں تاجر قتل اور زخمی ہونے کے ساتھ ساتھ کروڑوں سے محروم ہو چکے، شہر کے حالات کراچی سے بھی بدتر ہو گئے، ڈاکو روزانہ سرعام لوٹ مار میں مصروف، پولیس روایتی حربے استعمال کر رہی، عملی اقدامات نہ ہونے پر شٹر ڈاؤن ہڑتال سمیت ہر آپشن استعمال کرنے کا اعلان، تاجر تنظیموں کے عہدیداران کا جماعت اسلامی کی کال پر احتجاجی اجلاس میں شدید غم و غصے کا اظہار، وزیرآباد شہر اور گردونواح میں مسلسل ہونے والی چوری ڈکیتی و رہزنی کی وارداتوں کے پیش نظر جماعت اسلامی کی کال پر احتجاجی اجلاس میں تمام تاجر تنظیموں کے عہدیداران نے شرکت کی، تاجروں نے پولیس کی کارکردگی کو مایوس کن قرار دیا، ضلعی امیر جماعت اسلامی ناصر گلیر اور ضلعی نائب امیر صابر حسین بٹ نے کہا کہ انتظامیہ کی بے حسی حیران کن ہے پولیس کی جانب سے عملی اقدامات نہ ہونے کے باعث ڈاکو دیدہ دلیری سے دکانوں، گھروں اور شاہراہوں پر عوام کو لوٹ رہے ہیں۔

میاں ناصر کے ایصال ثواب کیلئے ان کی رہائشگاہ پر محفل کا انعقاد

معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی مرحوم کیلئے قرآن خوانی کی گئی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ممبر امن کمیٹی میاں شفاعت علی اور پاکستان عوامی تحریک پی پی 136 کے صدر میاں شرافت علی کے بھائی میاں ناصر کے ایصال ثواب کیلئے ان کی رہائشگاہ پر محفل ایصال ثواب کا انعقاد کیا گیا جس میں سرپرست اعلی امن کمیٹی چوہدری سخاوت علی ڈوگرا ممبران شہباز احمد کڑھائی والے اعظم علی باجوہ چوہدری آصف علی نمبردار عامر جمیل بٹ اور یاسین بھٹی سمیت تحریک منہاج القرآن اور پاکستان عوامی تحریک سمیت معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی مرحوم کیلئے قرآن خوانی کی گئی قاری محمد زرین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اللہ تعالی کی بندگی کیلئے پیدا کیا گیا ہے موت برحق ہے اس سے پہلے تک اعمال کا سلسلہ جاری رہتا ہے مگر افسوس کہ ہم دنیا کی رنگینیوں میں کھو کر خالق مطلق سے دور ہو چکے ہیں ہمارے ارد گرد ہونے والی اموات ہمارے لیے سبق اور پیغام ہے کہ ہم نے بھی موت کا ذائقہ چکھنا ہے اپنی موت سے قبل آخرت کیلئے سامان پیدا کرسکیں دعاگو ہیں کہ اللہ کریم مرحوم میاں ناصر کی مغفرت فرمائے اور ہم سب کو اپنی آخرت کی تیاری کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ممبر صوبائی اسمبلی کی مسیحی رہنماؤں کے ہمراہ کیک کٹنگ تقریب میں شرکت

سابق مشیر اور ممبر اسمبلی نے محمد منشاءاللہ بٹ نے مسیحی وفد کو اپنے ہاتھوں سے کیک بھی کھلایا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ممبر صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے مسیحی رہنماؤں کے ہمراہ کرسمس کیک کاٹا کرسچن مسلم اتحاد کے فروغ کے لیے انہوں نے مسیحی وفد کو اپنے ہاتھوں سے کیک بھی کھلایا مسیحی وفد میں جرنلسٹ جاوید گل، ناصر نیر، پاسٹر ندھب اور دیگر شامل تھے قبل ازیں مسیحیوں کو درپیش مسائل کی نشاندہی پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ ن کے ممبر صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ مریم نواز نے نواز شریف کے وژن کی پاسداری کرتے ہوئے مسیحوں کے لیے مینارٹی کارڈ کا اجراء کر کے احسن اقدام کیا ہے مینارٹی کارڈ سے غریب متوسط مسیحیوں کو معقول آمدن حاصل ہوگی اور وہ اپنے چھوٹے چھوٹے مسائل کو بہتر طور پر حل کرسکیں گے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن نے ہر دور میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے اقدام کیے جس کے عوضانہ میں اقلیتی حلقے میاں نواز شریف سے اپنی والہانہ محبت رکھتے ہیں مسیحیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدام کیے جائیں گے

دینی مدارس ہماری ریڈلائن اسلام کے قلعے ہیں، علامہ پیر محمد زبیر عابد قادری

حکومت دینی مدارس کی رجسٹریشن بل کی منظوری سے راہِ فرار اختیار کر رہی ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹ) دینی مدارس ہماری ریڈلائن اسلام کے قلعے ہیں حکومت دانستہ طور مدارس کی رجسٹریشن کو متنازعہ بنا رہی ہے۔ 75 سال سے سوسائٹی ایکٹ کے تحت مدارس کی رجسٹریشن کا سلسلہ بحال ہونا چاہیے۔ وزارت تعلیم سے الحاق کا ”لالی پاپ“ مدارس کی آزادی ختم کرنے کی سازش ہے۔ وفاق المدارس، اتحاد تنظیمات مدارس کا موقف ہی مدارس کی آواز ہے۔ دینی مدارس کی آزادی و خودمختیاری پر آنچ نہیں آنے دیں گے۔ دینی مدارس اسلام کے قلعے اور قومی وحدت و یکجہتی کی علامت ہیں ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین پاکستان علماء کونسل مولانا علامہ پیر محمد زبیر عابد قادری محمد ظفر عباس نیکوکارہ نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا حکومت دینی مدارس کی رجسٹریشن بل کی منظوری سے راہِ فرار اختیار کر رہی ہے۔

پاک فوج کو ڈیجیٹل دہشت گردی سمیت بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے، ڈاکٹر محمد امجد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان مسلم لیگ ق کے مرکزی چیف آرگنائزر و سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر محمد امجد نے کہا کہ پاک فوج کو ڈیجیٹل دہشت گردی سمیت، بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے مگر پاکستان کی غیور عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ساتھ کھڑی ہے۔ پاک فوج پاکستان کے دفاع، ملکی سلامتی اور پائیدار امن کی ضامن ہے۔ مسلم لیگ کو سربراہ چوہدری شجاعت حسین، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور چودھری شافع حسین کی قیادت میں ملک بھر میں آرسرز نو منظم کریں گے اور عوام کی نمائندہ جماعت بنانے کے لیے چاروں صوبوں سمیت جی بی، کشمیر میں بھی اس کو فعال کرنے کے لیے جنرل ورکرز کنونشن منعقد کریں گے۔

طاغوتی حرکتوں سے دنیا کا امن قائم نہیں رہ سکتا، کیپٹن (ر) ڈاکٹر محمد رفیق فضل

وزیرآباد (نامہ نگار) چیئرمین الفضل سوسائٹی کیپٹن (ر) ڈاکٹر محمد رفیق فضل نے کہا ہے کہ طاغوتی حرکتوں سے دنیا کا امن قائم نہیں رہ سکتا، اسلام اور مسلمان ہمیشہ سے امن کا داعی رہا ہے اور امن و سلامتی سفیر ہے، مسلمانوں کیخلاف دشمنان اسلام کی مذموم کاروائیاں دن رات جاری ہیں۔ جن کا ڈٹ کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری امت مسلمہ کو سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑا ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم قرآنی تعلیمات اور فرامین رسولؐ سے دوری کی وجہ سے انحطاط کا شکار ہیں کیونکہ نبی رحمتؐ نے واضح ارشاد فرمایا کہ قرآن اور احادیث کو تھامنے والے گمراہ نہ ہوں گے اور زمانے میں عزت پائیں گے۔

نیو جوڈیشل کمپلیکس کے قریب نامعلوم مسلح ملزمان کی جیپ پر اندھا دھند فائرنگ، سردار اقبال جمیل ڈوگر جاں بحق

چونیاں (تحصیل رپورٹر) نیو جوڈیشل کمپلیکس کے قریب نامعلوم مسلح ملزمان کی جیپ پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں سردار اقبال جمیل ڈوگر جاں بحق جبکہ ایک ساتھی شدید زخمی ہوگیا چونیاں چھانگا مانگا روڈ نیو جوڈیشل کمپلیکس کے قریب چونیاں بار کے وکیل سردار اقبال جمیل ڈوگر کی گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد نے نے اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں اقبال جمیل ڈوگر جاں بحق ہوگیا جب کہ اس ایک ساتھی شدید زخمی ہوگیا۔ زخمی۔ جسے تشویشناک حالت میں لاہور ریفر کر دیا ہے۔ اطلاع ملتے ہی تھانہ سٹی کی پولیس نے موقع پر پہنچ شواہد اکٹھے کر کے لاش پوسٹ مارٹم کے لئے چونیاں ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا۔ تاحال قتل کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے۔ چونیاں بار ایسوسی ایشن کی جانب سے ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

مصطفی آباد کی تاریخ میں پہلی میراتھن واک 25 دسمبر کو ہوگی

واک میں پچاس سال سے زائد عمر کے افراد شرکت کرسکیں گے

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد کی تاریخ میں پہلی میراتھن واک 25 دسمبر کو ہوگی، جس میں پچاس سال سے زائد عمر کے بزرگ حصہ لے سکیں گے، انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی، تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد کی تاریخ کی پہلی میراتھن واک 25 دسمبر کو صبح نو بجے شروع ہوگی، گرین اینڈ کلین اور پریس کلب مصطفی آباد کی طرف سے ہونے والی واک میں پچاس سال سے زائد عمر کے افراد شرکت کرسکیں گے، سرپرست اعلی گرین اینڈ کلین منظور شاہین روپال اور صدر پریس کلب مصطفی آباد محمد عمران سلفی نے دیگر نمائندہ افراد کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ واک کے اختتام پر پوزیشن ہولڈرز افراد کو انعامات بھی دیئے جائیں گے، جبکہ قائداعظم محمد علی جناح کے یوم پیدائش کے حوالے سے آستانہ عالیہ چشت نگر پر کیک بھی کاٹا جائے گا، واک کا مقصد عوام میں مثبت سرگرمیوں میں حصہ لینے والے افراد کی حوصلہ افزائی کرنا ہے، گرین اینڈ کلین اور پریس کلب مصطفی آباد آئندہ بھی مصطفی آباد میں ایسی ہی مثبت سرگرمیوں میں حصہ لیتا رہے گا، کلاس فیلوز گروپ نے اپنا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے پہلے گرین اینڈ کلین مہم کا آغاز کیا جس میں ہزاروں پھل، پھول اور سایہ دار پودے لگائے گئے، اب 25 دسمبر قائداعظم ڈے کے موقع پر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ کے خصوصی تعاون سے مصطفی آباد کی تاریخ کی پہلی میراتھن واک کا اہتمام کیا جا رہا ہے، جو مصطفی آباد سے شروع ہو کر پانچ کلو میٹر کا فاصلہ طے کرتے ہوئے پکی حویلی کے قریب اختتام پذیر ہوگی، جس میں پچاس سال سے زائد عمر کے افراد حصہ لے سکیں گے، جس میں سجادہ نشین آستانہ عالیہ چشت نگر شریف صاحبزادہ پیر سید تقدیس الرحمان رضوی سیکری بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے اور پوزیشن ہولڈر افراد کو انعامات دیں گے۔

ڈی ایچ کیو ہسپتال جھنگ: ایم ایس/ ڈی ایم ایس کا دورہ

مریضوں اور لواحقین سے طبی سہولیات بارے دریافت کیا، سہولیات کا جائزہ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی ایچ کیو ہسپتال جھنگ کی ایم ایس ڈاکٹر صدف نقوی اور ڈی ایم ایس ملیحہ خان کا گائنی وارڈ اور چلڈرن وارڈ کا دورہ۔ مریضوں اور لواحقین سے طبی سہولیات بارے دریافت کیا۔ وارڈز میں مریضوں کو ادویات کی فراہمی و دیگر سہولیات کے حوالے سے جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں ارلی کیئر سنٹر کے قیام کے حوالے سے جائزہ لیا۔ اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ، سینئر ڈاکٹرز اور دیگر ملازمین بھی ہمراہ تھے۔ ایم ایس ڈاکٹر صدف نقوی نے کہا کہ ارلی کیئر سنٹر میں 200 بچوں کو مفت تعلیم اور صحت کی سہولیات میسر ہوں گی۔ انہوں نے مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ و بریفنگ لی جبکہ ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری سمیت فارمیسی میں ادویات کی دستیابی، مریضوں کا ریکارڈ، صفائی ستھرائی اور ہسپتال کی مشینری کی ورکنگ کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا۔

الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم نے سلور میڈل کا اعزاز حاصل کرلیا

کپتان رانا محمد نواز اور دیگر کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ پیش کیا

MASTERS HOCKEY WORLD CUP
HOCKEY WORLD CUP

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ماسٹر ہاکی ورلڈ کپ 2024ء کے فائنل میچ میں الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم نے سلور میڈل کا اعزاز حاصل کرلیا تفصیلات کے مطابق نیوزی لینڈ کے شہر آکلینڈ میں ہونے والے ماسٹر ہاکی ورلڈ کپ 2024ء کے فائنل میچ میں آسٹریلیا ہاکی ٹیم نے الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم مین 45 آئی ایم سی کو ہرا کر فائنل میچ جیت لیا اور گولڈ میڈل کا اعزاز حاصل کیا الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم سلور میڈل حاصل کرسکی الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کے کپتان رانا محمد نواز اور دیگر کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ پیش کیا جبکہ الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کی کوچنگ کے فرائض دنیائے ہاکی کے عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی سابق کپتان شہباز احمد نے سرانجام دیئے الائنس انٹرنیشنل ٹیم کے کپتان رانا محمد نواز نے ہمارے نمائندہ سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ماسٹر ہاکی ورلڈ کپ 2024 کے دوران ہماری ٹیم کے کھلاڑیوں کی کارکردگی تسلی بخش رہی ٹیم کے کھلاڑیوں نے بڑی ہمت اور لگن کے ساتھ ہاکی کھیلی اور ورلڈ کپ کے فائنل میچ میں سلور میڈل کا اعزاز حاصل کیا۔

CRIME & COURT
جرم و سزا

چوہدری سحران کی چوہدری نبی احمد کو چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد، شیلڈ بھی پیش کی

بلیک میلنگ پر مبنی صحافت کا خاتمہ ہوگا اور صحافیوں کی تنظیم و ترتیب کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، گفتگو

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مشہور قانون دان چوہدری سحران سیف ڈھلو نے چیئرمین پریس کلب ڈسکہ، درے خان گروپ کے چوہدری نبی احمد باجوہ ایڈووکیٹ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر چوہدری سحران نے چوہدری نبی احمد کو چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ چوہدری سحران سیف نے امید ظاہر کی کہ ان کے دور میں بلیک میلنگ پر مبنی صحافت کا خاتمہ ہوگا اور صحافیوں کی تنظیم و ترتیب کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ مزید برآں، انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شہر کی ترقی کے لیے بھرپور جدوجہد کی جائے گی اور درپیش مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے کام کیا جائے گا۔ انہوں نے نبی احمد باجوہ ایڈووکیٹ کو چیئرمین منتخب ہونے کی خوشی میں شیلڈ بھی پیش کی

موسم سرما کی آمد کیساتھ ہی مچھلی کی فروخت میں اضافہ

،ڈسکہ کے مختلف مقامات پر انواع واقسام کی تلی ہوئی مچھلیوں کی دکانیں سج گئیں

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) موسم سرما کی آمد کیساتھ ہی مچھلی کی فروخت میں اضافہ، ڈسکہ کے مختلف مقامات پر انواع و اقسام کی تلی ہوئی مچھلیوں کی دکانیں سج گئیں، دکانداروں نے من مانے ریٹ مقرر کر دیے، متوسط طبقے کو مچھلی کی خریداری میں مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق ملک کے دیگر شہروں کی طرح ڈسکہ شہر اور اسکے گردونواح کے مختلف علاقوں میں بھی سردی کی شدت بڑھنے کے ساتھ ہی مچھلی کا استعمال بڑھنا شروع ہوگیا ہے، جبکہ صبح کے اوقات میں شہر کی گلی محلوں میں تازہ مچھلی فروخت کرنے والوں کی صدائیں بھی سنائی دیتی ہیں اسی طرح مختلف علاقوں میں تلی ہوئی مچھلیوں کی دکانوں پر شہریوں کا رش دیکھنے میں آرہا ہے موسم کی شدت کے ساتھ تازہ اور تلی ہوئی مچھلی کا کاروبار بھی عروج پر پہنچ جاتا ہے ہوٹلوں اور فوڈ پوائنٹ پر بھی تلی ہوئی مچھلی کی نت نئی

انسپیکٹنگ آفیسرز سول ڈیفنس سیالکوٹ کا غیرقانونی مشینوں کیخلاف آپریشن

سی ڈی او عبداللہ شاکر وحافظ زکریا اقبال نے ڈسپنسرز ضبط کرکے مقدمے درج کرائے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ بھر میں غیر قانونی منی پٹرول مشینوں اور ایل پی جی گیس ریفلنگ اسٹیشنوں کے خلاف ضلع بھر میں بلا امتیاز کاروائیاں جاری ہیں جس کے بعد ابتک سینکڑوں منی پٹرول مشین اور گیس ریفلنگ کے الاجات قبضہ میں لے مالکان پر بھاری جرمانوں کے ساتھ مقدمات بھی درج کر لیے گئے ہیں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے خصوصی احکامات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے محکمہ سول ڈیفنس کے افیسر عبداللہ شاکر اور حافظ زکریا اقبال نے کاروائی عمل میں لاتے ہوئے ضلع بھر کے مختلف مقامات سے منی پٹرول مشینوں کے خلاف کاروائی کی جس میں درجنوں مشینیں ضبط کی گئی اور زمہ داران کے خلاف مقدمات بھی درج کروائے دوسری جانب کاروائی کرتے ہوئے گیس ریفلنگ اسٹیشنز کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے ریفلنگ سلنڈر اور الاجات سمیت زمہ داران کے خلاف درجنوں کاروائیاں کی اور مقدمات درج کروائے اپنے خصوصی بیان میں سول۔ سول ڈیفنس آفیسران حافظ زکریا اقبال و عبداللہ شاکر کا میڈیا ٹاک میں کہنا ہے کہ غیر قانونی منی پٹرول مشینوں اور گیس ریفلنگ اسٹیشنوں کے قائم کرنے کی کسی کو اجازت نہیں اس مافیا کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ ایسے ہی نان سٹاپ چلتا رہے گا پٹرول اور گیس مافیا کی صورت میں چلنے والے اس دھندے کے خلاف سیالکوٹ محکمہ سول ڈیفنس ایسے ہی کاروائیاں عمل میں لاتی رہے گی۔

چور بکریاں، بلب، سپیکر اور موبائل فون چوری کر کے لے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم چور بکریاں، بلب، سپیکر اور موبائل فون چوری کر کے لے گئے گلہ شیلر والا ڈسکہ کی خاتون رضیہ بی بی کے گھر سے نامعلوم چور ایک عدد بلب اور ایک عدد سپیکر مالیتی 13 سو روپے چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کے سلیم کے ڈیرہ سے نامعلوم چور دو بکریاں چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کا لقمان مین بازار میں خریداری کرنے گیا تو نامعلوم چور اسکی جیب سے موبائل فون چوری کر کے لے گیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

سنتالیس لاکھ کے بوگس چیک دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سنتالیس لاکھ کے بوگس چیک دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج ڈسکہ کے عثمان نے حافظ شاہد کو 33 لاکھ روپے اور عارف نے محمد اکمل کو 14 لاکھ روپے دیئے کافی عرصہ گزرنے پر جب انہوں نے ملزمان سے اپنی دی ہوئی رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو ملزمان نے ٹال مٹول کے بعد مقامی بینک کے بوگس چیک دے دیئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

چوروں نے دو مختلف وارداتوں میں لاکھوں کی نقدی اور جانور چرا لئے

مصطفی آباد (نامہ نگار) چوروں نے دو مختلف وارداتوں میں لاکھوں کی نقدی، طلائی زیورات اور 8 لاکھ مالیت کی دو بھینسیں چوری کرلیں، مدینہ چوک کا رہائشی ذوالفقار اپنی فیملی کے ہمراہ گھر میں سو رہا تھا، اس دوران چور اس کے گھر کی دیوار پھلانگ کر اندر داخل ہوگئے اور ساتھ والے کمرے کا تالہ توڑ کر ڈیڑھ لاکھ نقدی رقم، 2 تولہ طلائی زیورات اور 5 سوٹ چوری کر کے فرار ہوگئے، علاوہ ازیں چور سرہالی خورد کے رہائشی حسن سلیم کی حویلی میں دیوار کو نقب لگا کر 2 بھینسیں چوری کر کے فرار ہوگئے، پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

ایس ایچ او تھانہ کلیانہ عبدالرزاق سلوترا کی دبنگ کاروائی متعدد مقدمات میں مطلوب 2 ملزمان گرفتار

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ) ایس ایچ او تھانہ کلیانہ عبدالرزاق سلوترا کی دبنگ کاروائی متعدد مقدمات میں مطلوب 2 ملزمان گرفتار تھانہ کلیانہ کے ایس ایچ او عبدالرزاق سلوترا نے ڈی پی او پاکپتن طارق ولایت کے احکامات کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے متعدد مقدمات میں مطلوب 2 ملزمان بلال اور شہروز کو گرفتار کرلیا ہے دونوں ملزمان پر متعدد مقدمات درج ہیں اور کئی تھانوں میں یہ دونوں مطلوب ہیں ایس ایچ او تھانہ کلیانہ عبدالرزاق سلوترا نے مزید کاروائی کا آغاز کردیا

نارنگ کا علاقہ لوٹ مار کرنے والوں کیلئے جنت بن گیا

ڈاکو شہریوں سے لاکھوں روپے نقدی موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین لیے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ کا علاقہ لوٹ مار کرنے والوں کیلئے جنت بن گیا اندھا دھند وارداتیں ڈاکوؤں نے مختلف افراد سے لاکھوں روپے نقدی موٹر سائیکل اور موبائل فون چھین لیے اہلخانہ کی غیر موجودگی میں چور 3 مختلف گھروں کا صفایا کر گئے نقدی اور زیورات سمیت قیمتی سامان چوری پولیس شہر میں امن قائم کرنے میں بری طرح ناکام ہوگئی تفصیل کے مطابق نواحی گاؤں آہدیاں کے رہائشی ارسلان کے اہلخانہ رشتہ داروں کے ہاں ایصال ثواب کی محفل پر گئے ہوئے تھے چور لاکھوں روپے مالیت کے زیور ایل ای ڈی استری اوون جوسر اور سلائی میشن چوری کر کے لے گئے گریڈ روڈ میں اصغر کے گھر سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے نقدی اور طلائی زیورات چوری نواحی گاؤں جے سنگھ والا میں عاشق علی کی فیملی گھر پر نہ تھی چور فریج پنکھے کچن کا سامان 30 من گندم 10 توڑے چاول رضائیاں کھیس گدے سمیت لاکھوں روپے مالیت کا قیمتی سامان چوری کر کے لے گئے چک بھلہ کے قریب ڈاکوؤں نے رمضان سے 1 لاکھ 40 ہزار روپے نقدی چھین لی کرتو کے قریب ڈاکوؤں نے مرید کے کے رہائشی بابر سے ہنڈا 125 موٹر سائیکل چھین لی مہتہ سوجا کے قریب ڈاکوؤں نے فرید علی سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا گجر چوک کے قریب ڈاکوؤں نے عدنان سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

اقلیتی برادری کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او ساہیوال

ضلع بھر کے 136 گرجا گھروں میں 300 سے زائد پولیس افسران واہلکاران فرائض سرانجام دینگے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پیرا سے) وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں، اقلیتی برادری کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈی پی او ساہیوال۔ ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کے احکامات پر ضلع بھر میں اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے ساہیوال پولیس کی جانب سے فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں اس سلسلہ میں ضلع بھر کے 136 گرجا گھروں میں 300 سے زائد پولیس افسران واہلکاران سیکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔

مصطفی آباد: سول سوسائٹی نے سو کے قریب مبینہ پولیس مقابلوں کی سچائی پر سوالات اٹھادیئے

ضلع بھر میں ہونے والے مبینہ پولیس مقابلوں کی شفاف انکوائری کروائی جائے، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے اپیل

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) سول سوسائٹی اراکین نے ضلع بھر میں ہونے والے مبینہ پولیس مقابلوں کی سچائی پر سوالات اٹھا دیئے، سو سے زائد پولیس مقابلوں میں ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی اور ہلاک ہوئے، تفصیلات کے مطابق گزشتہ ایک سال میں ضلع بھر میں سو سے زائد مبینہ پولیس مقابلے ہوئے جن میں زخمی ہونے والے سو سے زائد ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی یا ہلاک ہوئے، ان مبینہ پولیس مقابلوں میں زخمی ہونے والے ہر ڈاکو کی دائیں ٹانگ پر فائر مارا گیا جس سے وہ شدید زخمی ہوا، سول سوسائٹی اراکین نے مبینہ پولیس مقابلوں کی صحت پر شدید سوالات اٹھا دیئے، انکا کہنا ہے کہ عجیب اتفاق ہے کہ ہر مبینہ پولیس مقابلے میں ہر ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو رہا ہے، دوسرا سوال یہ اٹھایا کہ ہر ڈاکو کی دائیں ٹانگ پر ہی آکے ساتھی فائر مارتے ہیں، تیسرا سب سے اہم سوال یہ کہ ہلاک ہونے والے ڈاکو کو تین روز میں دس سے پندرہ مختلف مقدمات میں نامزد کیا جاتا ہے اور اسکے بعد ایک مبینہ پولیس مقابلے میں وہ اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو جاتا ہے، ضلع بھر کے سیاسی و سماجی حلقوں نے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے اپیل کی ہے کہ ضلع بھر میں ہونے والے مبینہ پولیس مقابلوں کی شفاف انکوائری کروائی جائے تاکہ ماورائے عدالت قتل ہونے والے شہریوں کو انصاف مل سکے۔

شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے پر چار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے پر چار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج تھانہ صدر پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ سمبڑیال روڈ ڈسکہ پر واقع صادق میرج ہال میں ملزمان آصف، سلیم، علی اصغر اور وقاص پابندی کے باوجود ابوبکر کی شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کر رہے ہیں پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو ملزمان رش زیادہ ہونے کی بناء پر پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

دیپالپور کے نواحی علاقے نوید کوٹ کے پاس نامعلوم ٹرک نے پیدل سڑک کراس کرتے شخص کو ٹکر ماردی 50 سالہ شخص جاں بحق

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کے نواحی علاقے نوید کوٹ کے پاس نامعلوم ٹرک نے پیدل سڑک کراس کرتے شخص کو ٹکر ماردی 50 سالہ شخص جاں بحق، نعش لواحقین حوالے ریسکیو 1122 دیپالپور کالر کے مطابق دیپالپور کے نواحی علاقے نوید کوٹ میں تیز رفتار ٹرک نے پیدل سڑک کراس کرتے ہوئے شخص کو کچل دیا اپر ریسکیو 1122 دیپالپور حادثہ میں 50 سالہ شخص ہیڈ انجری اور ملٹی فریکچرز کی وجہ سے جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو 1122 دیپالپور اطلاع ملنے پر ایمبولینس فوراً جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو 1122 دیپالپور ریسکیو ٹیم نے نعش کو ضروری کارروائی کرنے کے بعد لواحقین کے حوالے کر دیا۔ ریسکیو 1122 دیپالپور جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت محمد اسلم ولد محمد دین (50 سال تقریباً) سکنہ نوید کوٹ کے نام سے ہوئی

طالب علموں اور بس عملہ کے درمیان جھگڑا طول پکڑ گیا سٹوڈنٹس نے جی ٹی روڈ پر بس ڈرائیور کی پٹائی کر دی

وزیرآباد (نامہ نگار) طالب علموں اور بس عملہ کے درمیان جھگڑا طول پکڑ گیا سٹوڈنٹس نے جی ٹی روڈ پر بس ڈرائیور کی پٹائی کر دی واقعات کے مطابق وزیرآباد کے علاقے گکھڑ منڈی میں جی ٹی روڈ گکھڑ منڈی بلمقابل غلہ منڈی سٹاپ طالب علموں اور بس عملہ میں معمولی تو تکرار ہوئی بعد ازاں جھگڑا طول پکڑنے پر طالب علموں نے بس ڈرائیور کو زخمی کر دیا جبکہ سٹوڈنٹس پارٹی کا ایک نوجوان بس عملہ کے ہتھے چڑھ گیا درگت بنا کر تھانہ گکھڑ پولیس کے حوالے کر دیا۔

ڈسکہ شہر اور گردونواح میں منشیات فروشی عام

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر اور گردونواح میں منشیات فروشی عام، پولیس منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد کے سامنے بے بس نظر آنے لگی ڈسکہ شہر اور اس کے مختلف علاقوں میں منشیات فروشوں نے پنجے گاڑ لئے ہیں جس سے نوجوانوں میں آئس، ہیروئن، چرس کا استعمال عام ہو چکا ہے اور منشیات کا استعمال کرنے والوں کو اس کے حصول میں کوئی دشواری نہیں ہوتی نشہ کے عادی افراد کا کہنا ہے کہ پولیس دھندے میں برابر کی شریک ہوتی ہے پولیس کی مرضی کے بغیر منشیات فروخت نہیں ہوسکتی دوسری جانب پولیس حکام یہ کہ کر خود کو بری الذمہ قرار دے دیتے ہیں کہ ہمیں شکایت ملے تو ہم کاروائی کرتے ہیں شہریوں نے اعلی حکام سے اپیل کی ہے کہ ڈسکہ شہر اور گردونواح میں منشیات فروشوں کے خلاف فوری کاروائی کی جائے اور گھناؤنے کاروبار میں ملوث پولیس کی کالی بھیڑوں کو بھی کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

سابقہ شوہر نے اپنی بیوی اور نامعلوم ملزمان نے ماں کو چار بچوں سمیت اغوا کرلیا

ہمشیرہ کو اس کے سابقہ شوہر زاہد نے اغوا کرلیا ہے، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اغوا کے دو مختلف واقعات میں سابقہ شوہر نے اپنی بیوی اور نامعلوم ملزمان نے ماں کو چار بچوں سمیت اغوا کرلیا تھانہ موترہ کے علاقہ آڈھا کا رمضان گزشتہ روز ڈیوٹی سے گھر واپس آیا تو اس کی بیوی اور بچے گھر میں موجود نہ تھے اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کی بیوی اور بچوں کو نامعلوم ملزمان اغوا کر کے لے گئے ہیں جبکہ موضع ترسیکہ کے صابر کی ہمشیرہ کی شادی زاہد کیساتھ ہوئی تھی جس نے طلاق دے دی تھی گزشتہ روز وہ بجوات گیا ہوا تھا کہ اس کو اس کی والدہ نے کال کر کے بتایا کہ اس کی ہمشیرہ گھر سے غائب ہے اور پانچ ہزار روپے نقدی بھی موجود نہیں اس نے پولیس کو درخواست دی کہ اس کو قوی شک ہے اس کہ ہمشیرہ کو اس کے سابقہ شوہر زاہد نے اغوا کیا ہے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

نارنگ پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف آپریشن: 3 کلو منشیات برآمد کرلی

ان شاءاللہ بہت جلد علاقے کو کرائم فری بنادیں گے، ظہیر عالم شاہ (ایس ایچ او) کی گفتگو

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن 3 کلو کے قریب منشیات برآمد تفصیل کے مطابق ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی ہدایت اور ایس ڈی پی او سرکل مرید کے غلام مرتضی ڈوگر کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ نارنگ ظہیر عالم شاہ نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اختر قریشی سے 1600 گرام چرس اور جمیل احمد سے 1100 گرام ہیروئین برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا سٹی پریس کلب نارنگ سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر ظہیر عالم شاہ کا کہنا تھا کہ جرائم کے خاتمے کیلئے اہل علاقہ کا تعاون ناگزیر ہے مجھے قیام امن کیلئے یہاں تعینات کیا گیا ہے ان شاءاللہ بہت جلد علاقے کو کرائم فری بنادیں گے منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری ہے دو ملزمان سے پونے تین کلو منشیات برآمد کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

ایس ایچ او اکرم شہباز کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

دوران کاروائی 10 کلو 500 گرام چرس و وٹک برآمد، ملزم گرفتار، مقدمہ درج

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق کے کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا کرائم فائٹر ایس ایچ او تھانہ صدر انسپکٹر اکرم شہباز گجر کا منشیات فروشوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری۔ ایس ایچ او تھانہ صدر سیالکوٹ نے کاروائی کرتے ہوئے 10 کلو 500 گرام چرس بلا لائسنس پسٹل 30 بور اور 6300 روپے رقم وٹک برآمد کر کے ملزم کبیر احمد کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار بدنام زمانہ منشیات فروش اس سے قبل 19 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ انسپکٹر اکرم شہباز کا کہنا ہے کہ ڈی پی او سیالکوٹ کی ہدایات کے مطابق موت کے سوداگر منشیات فروشوں کیخلاف کاروائیاں جاری ہیں اور اس میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں قانون شکن، قبضہ گروپ یا منشیات فروش و عادی ملزم ہوں یالاء بریکرز علاقہ تھانہ صدر میں نقص امن کا سبب بننے والوں کیخلاف ہر صورت قانون حرکت میں آئے گا۔ جرائم پیشہ کسی رعائیت کے مستحق نہیں تھانہ صدر کے علاقے سے منشیات کو جڑ سے ختم کر کے دم لیں گے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ جات 1

ہے۔انہوں نے کہا کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق یونان کشتی حادثے میں 47 پاکستانیوں کو ریسکیو کیا گیا ہے اور اب تک ایک پاکستانی شہری کی جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوئی ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق کشتی پر سوار تمام لاپتا اور مرنے والے پاکستانیوں کی تصدیق نہیں ہوئی ہے، پاکستانی سفارتخانہ سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کرنے والے حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا کہ پاکستانی سفارتخانے کے حکام ریسکیو ہونے والے پاکستانیوں سے ملاقات کے لیے پہنچ چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے دفتر خارجہ میں ایک کرائسز مینجمنٹ سیل کو فعال کردیا گیا ہے اور متاثرہ خاندان دیے گئے نمبروں پر رابطہ کرسکتے ہیں۔یونان میں پاکستانی سفارتخانے نے کشتی ڈوبنے کے افسوسناک واقعے میں پاکستانیوں کی شناخت کیلئے واٹس ایپ نمبر 00306943850188 کی سہولت فراہم کر دی ہے۔دوسری جانب، وزیراعظم کی ہدایت پر یونان میں پاکستانی سفارتخانے میں خصوصی سیل قائم کیا گیا ہے، سیل پاکستانیوں کی شناخت اور ورثا کی اپنے پیاروں تک رسائی یقینی بنائے گا۔ترجمان نے کہا کہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار تمام سرگرمیوں کی خودنگرانی کررہے ہیں جبکہ پاکستانی سفارتخانے نے یونانی حکومت کے متعلقہ اداروں کو خط بھی لکھا ہے۔صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے یونان کشتی حادثے میں پاکستانی شہری کی اموات پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ پوری قوم کی ہمدردیاں متاثرہ پاکستانیوں اور ان کے اہلخانہ کے ساتھ ہیں، معصوم شہریوں کو ورغلا کر انسانی اسمگلنگ مذموم فعل ہے، شریک عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کشتی حادثے میں پاکستانی شہریوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا اور افسوسناک واقعہ کی تحقیقات کا حکم دے دیا۔محسن نقوی نے ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ رفعت مختار راجا کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی، کمیٹی تحقیقات کرکے 5 روز میں رپورٹ وزیر داخلہ کو پیش کرے گی۔

بقیہ جات 2

سے متعلق سوالات اور توجہ دلاؤ نوٹسز کے جوابات دیے جائیں گے۔ ایجنڈے کے مطابق سرکاری بزنس بھی نمٹایا جائے گا جس میں اراکین اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافے کا بل متعارف کرایا جائے گا اور اسی روز غور کے بعد منظور کرایا جائے گا۔اجلاس میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کی آڈٹ رپورٹس 2016-17، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور اور فیصل آباد اور بھکر کی آڈٹ رپورٹس 2021-22، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور اور فیصل آباد بھکر کی آڈٹ رپورٹس 2021-22 پیش کی جائیں گی۔امن وامان پر عام بحث بھی ایجنڈے میں شامل کی گئی ہے۔

بقیہ جات 3

۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ صدیق الفاروق کی پاکستان مسلم لیگ (ن) کے لیے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ان کے انتقال سے پارٹی ایک مخلص اور زیرک سیاستدان سے محروم ہو گئی۔اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔

بقیہ جات 4

سے گئے تھے،ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے ضروری ہے کہ انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کو کڑی سزائیں دی جائیں۔

بقیہ جات 5

لیگ (ن) کے رہنما صدیق الفاروق کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے صدیق الفاروق کی سیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سوگوار خاندان سے اظہار ہمدردی وتعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ جات 6

داخلہ نے کہا کہ انسانی اسمگلنگ جرم ہے، مافیا کئی گھر اجاڑ چکا ہے، انسانی اسمگلنگ مافیا کیخلاف ایف آئی اے ملک گیر کارروائیاں کرے۔واضح رہے کہ یونانی کوسٹ گارڈ کے مطابق بحیرہ روم میں جنوبی جزیرے گیوڈوس کے قریب کشتی الٹنے کے واقعے میں 39 تارکین وطن کو بچا لیا گیا جبکہ حادثے میں 40 افراد لاپتہ ہو گئے۔

بقیہ جات 7

افسوس کیا ہے۔صدر آصف زرداری نے اپنے بیان میں کشتی الٹنے کے واقعے میں قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ انسانی اسمگلنگ قبیح عمل ہے، لوگ اپنے پیاروں کو کھو دیتے ہیں۔انہوں نے انسانی اسمگلنگ کے تدارک کے لیے اقدامات تیز کرنے پر بھی زور دیا۔

بقیہ جات 8

پیش کرے گی۔ان کا کہنا ہے کہ انسانی سمگلنگ ناقابل برداشت جرم ہے، ملوث مافیا اب تک کئی گھر اجاڑ چکا ہے، اس مافیا کی سرکوبی کیلئے ایف آئی اے بلا امتیاز ملک گیر ایکشن لے۔

بقیہ جات 9

عبداللہ الجعال سے ملاقات کی۔ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور پاک سعودیہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے 2034 کی فیفا ورلڈ کپ کی میزبانی سعودی عرب کو ملنے پر سعودی قیادت اور عوام کو مبارکباد دی۔انہوں نے فٹبال ورلڈ کپ 2034 کے حوالے سے سعودی عرب کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ سعودی عرب ہمارا سب سے بااعتماد دوست اسلامی ملک ہے، ہر پاکستانی کو اس دوستی پر ناز ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب میں ہمیشہ بہت پیار اور خلوص ملتا ہے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان کے وژن 2030 نے ترقی وخوشحالی کی تاریخ رقم کی ہے۔سعودی وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ انتہائی قریبی تعلقات ہیں، دورہ سعودی عرب کے دوران آپ کی اہم ملاقاتوں کے حوالے سے باہمی تعلقات میں مزید آگے کی طرف دیکھ رہے ہیں۔

بقیہ جات 10

آئی میں کوئی فرق نہیں، بانی پی ٹی آئی بھی وعدے کرکے دھوکا کرتے تھے۔انہوں نے کہا کہ اب حکومت پر یقین کون کرے گا۔ایمل ولی خان سے سوال کیا گیا کہ کیا مولانا فضل الرحمن کے ساتھ صدر زرداری نے دھوکا کیا؟ اس پر ایمل ولی خان نے کہا کہ دھوکا تو سسٹم کر رہا ہے، زرداری صاحب تو کرسی پر بیٹھے ہیں، اس نے زرداری صاحب کو استعمال کیا۔

بقیہ جات 11

زرداری اس بل کی راہ میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دینی مدارس کی رجسٹریشن ڈائریکٹوریٹ آف ریلیجس ایجوکیشن میں ہونی چاہیے۔پی پی پی سینیٹر نے کہا کہ حکومت نیک نیتی کے ساتھ تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر حقیقتاً قانون لانا چاہتی ہے۔

بقیہ جات 12

وزیراعظم شہباز شریف کی کال پر لبنان کے وزیراعظم نے فوری ایکشن لیتے ہوئے شام میں پھنسے پاکستانیوں کو فوری سہولت فراہم کی جس سے ہمارے تعلقات کی مضبوطی ظاہر ہوتی ہے، پاکستان لبنان کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔استنبول میں لبنان کے وزیر اطلاعات زیاد مکیری سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے لبنان کی علاقائی سالمیت اور امن کے قیام کے حوالے سے حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے وزرائے اعظم کے درمیان ہونے والی بات چیت نے شام میں پھنسے پاکستانیوں کی وطن واپسی کا راستہ ہموار کیا جس پر لبنان کی حکومت کے شکر گزار ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور لبنان کے درمیان برادرانہ اور گرم جوشی پر مبنی تعلقات ہیں، پاکستان لبنان کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم اس مشکل وقت میں لبنان کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔اس موقع پر لبنان کے وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان نے ہر مشکل وقت میں لبنان کا ساتھ دیا۔انہوں نے کہا کہ جنگ سے متاثرہ لبنان کے عوام کے لئے امدادی سامان بھجوانے پر وزیراعظم شہباز شریف اور پاکستان کی حکومت کے شکر گزار ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے تعلقات کی مضبوطی اس بات سے ظاہر ہوتی ہے کہ مشکل وقت میں پاکستان نے لبنان کے عوام کی امداد کی۔انہوں نے کہا کہ بیروت کے ایئرپورٹ پر پاکستانیوں کی بڑی تعداد دیکھ کر خوشی ہوئی کہ وہ وطن واپس لوٹ رہے ہیں۔لبنان کے وزیر اطلاعات نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ جات 13

متروکہ وقف املاک بھی رہے۔صدیق الفاروق نے 3 سال جیل بھی کاٹی اور وہ ایک کتاب کے بھی مصنف تھے۔وزیراعظم شہباز شریف نے صدیق الفاروق کے انتقال پر اظہار افسوس کیا اور مرحوم کے بلندی درجات کی دعا کی۔شہباز شریف نے کہا کہ مرحوم صدیق الفاروق کی پاکستان مسلم لیگ (ن) کیلئے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ان کے انتقال سے پارٹی ایک مخلص اور زیرک سیاستدان سے محروم ہوگئی۔وزیراعظم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، امین۔

بقیہ جات 14

عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ والدین انسداد پولیو مہم میں ورکرز کے ساتھ تعاون یقینی بنائیں تاکہ ان بچوں کا مستقبل محفوظ ہو اور وہ توانا ہو کر ملک کے روشن مستقبل میں کردار ادا کرسکیں۔انسداد پولیو مہم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ پولیو کے خاتمہ کی مہم میں شراکت داری پر بل گیٹس فاؤنڈیشن، عالمی ادارہ صحت اور سعودی عرب سمیت عالمی اداروں کے مشکور ہیں، پاکستان سمیت دیگر ممالک کی بھرپور معاونت کرنے پر سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر مختار بھرتھ اور عائشہ رضا فاروق کی نگرانی میں صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر پولیو کے خاتمہ کی یہ جنگ ہم جیتیں گے، ماضی میں مشکلات کی وجہ سے پاکستان میں پولیو کے 60 نئے کیسز سامنے آئے ہیں جو ہمارے لیے ایک چیلنج ہے، یہ ہمارا عزم ہے کہ پولیو کے مرض کو پاکستان سے ختم کرکے دم لیں گے، پاکستان بھر کے والدین سے یہ استدعا کرتے ہیں کہ وہ اس مہم میں مکمل تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر انہیں اس مرض سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محفوظ کریں اور کروڑوں بچوں کے مستقبل کو توانا بنائیں تاکہ وہ پڑھ لکھ کر پاکستان کے بہترین معمار بنیں۔انہوں نے پولیو کی فیلڈ ٹیموں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ عزم اور بہادری کے ساتھ پاکستان سے پولیو کے خاتمہ کیلئے شبانہ روز محنت کر رہی ہیں، اس سلسلہ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھی ستائش کرتے ہیں کہ وہ شمالی وزیرستان سمیت خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے علاقوں سمیت جہاں جہاں سکیورٹی کے چیلنجز درپیش ہیں، وہ بھرپور طور پر وہاں معاونت کر رہے ہیں۔

بقیہ جات 15

اگر ملک میں خدمت کا سفر جاری رہتا تو پاکستان بڑی معیشتوں میں شامل ہوتا۔انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو مخالف سیاست دانوں کو گالیاں نکالنا سکھایا گیا، ملک سے نفرت کی سیاست کا خاتمہ کرنا ہو گا، اوئے توئے، گالی گلوچ، افراتفری کی سیاست کی کوئی گنجائش نہیں، فیک نیوز سے نوجوانوں کو گمراہ کیا گیا۔رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ سیاست میں صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے، خیبر پختونخوا حکومت نے تین دفعہ اسلام آباد پر حملہ کیا، ڈی چوک پر پٹھان کھڑے تھے، علی امین گنڈا، بشریٰ بی بی بھاگ گئے، کارکنوں کے قتل عام کے حوالے سے پروپیگنڈا کیا جارہا ہے۔مشیر وزیراعظم نے کہا کہ علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی نے کارکنوں کو بے یارومددگار چھوڑ دیا، 2017 کے بعد ملک میں گالم گلوچ کی سیاست کو فروغ دیا گیا، یہ آج بھی احتجاج اور افراتفری کی سیاست جاری رکھے ہوئے ہیں۔ان کا مزید کہنا تھا کہ جھوٹ اور مکاری کی سیاست کا انجام یہی ہونا تھا، پنجاب میں تحریک انصاف 10 بندے بھی جمع نہ کرسکی، پرتشدد، احتجاج، فساد اور توڑ پھوڑ کی سیاست پی ٹی آئی کا وتیرہ ہے، وزیراعظم کی قیادت میں ملک میں معاشی استحکام آ رہا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز عوام کی ترقی کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔

بقیہ جات 16

نشاندہی کرکے انہیں ریسکیو کرلیا گیا۔یونان میں پاکستانی سفارتخانہ ریسکیو کیے گئے افراد اور ان کے اہل خانہ کے مابین روابط اور انکی مدد کیلئے سرگرم ہیں، وزیراعظم کی ہدایت پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار واقعے میں متاثرہ پاکستانیوں کی نشاندہی و مدد کی سرگرمیوں کی خودنگرانی کر رہے ہیں۔وزیراعظم کے فوری نوٹس پر پاکستانی سفارتخانے نے یونانی حکومت کے متعلقہ اداروں کو خط لکھ دیا، خصوصی سیل یونانی جزیرے کے قریب کشتی ڈوبنے کے واقعے میں پاکستانیوں کی شناخت اور ورثاء کی اپنے پیاروں تک رسائی یقینی بنائیگا یونان میں پاکستانی سفارتخانے نے کشتی ڈوبنے کے افسوسناک واقعے میں پاکستانیوں کی شناخت کیلئے 6943850188-30+ پر واٹس ایپ کی سہولت فراہم کردی۔وزیراعظم نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں مجھ سمیت پوری قوم کی ہمدردیاں حادثے کا شکار پاکستانیوں اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔شہباز شریف نے کہا کہ معصوم شہریوں کو ورغلا کر انسانی اسمگلنگ کے مذموم فعل میں شریک عناصر کو کیفرکردار تک پہنچایا جائے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ واقعے میں متاثرہ افراد اور انکے اہل خانہ کی حکومت پاکستان اور یونان میں پاکستانی سفارتخانہ ہر ممکن معاونت کرے گا۔

بقیہ جات 17

گئیں۔تحریک انصاف کے دور میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کیلئے 310 گاڑیوں کی خریداری کا فیصلہ کس نے کیا اس حوالے سے تحقیقات شروع کر دی گئیں۔لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی 2020-21 کی آڈٹ رپورٹ کی دستاویزات کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کوڑا کرکٹ اٹھانے کیلئے مختلف کنٹریکٹرز کی 916 میونسپل ڈمپکو کی خریداری کے لئے 78.4747 ملین روپے کی منظوری دی۔تاہم ریکارڈ کی سکروٹنی کے مطابق ایل ڈبلیو ایم سی کے لئے 310 گاڑیاں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بغیر خریدی گئیں جس پر 753.2123 ملین روپے خرچ کئے گئے۔مزید انکشاف ہوا کہ ایل ڈبلیو ایم سی کے لئے گاڑیوں کی خریداری میں وینڈرز کو بلیو پرنٹس کی خلاف ورزی کرتے ہوئے 20.2086 ملین روپے کی براہ راست ادائیگیاں بھی کی گئیں۔دستاویزات کے لئے بغیر منظوری خریدی گئی 310 گاڑیوں میں 68 منی شیزو فوسو ٹرک، 114 منی ٹرک لارج، 80 منی ٹرک سال اور 48 رکشے شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے دور میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے لئے 310 گاڑیوں کی خریداری کا فیصلہ کس نے کیا اس کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں اور اس سلسلہ میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی غیرقانونی طور خریدی گئی گاڑیوں کی تحقیقات کے لئے متعلقہ افسران کو طلب کرے گی۔

بقیہ جات 18

گیا تھا۔اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں تقریبات منعقد کی جائیں گی جس میں اس سانحہ کو موضوع بنایا جائے گا، شمعیں روشن کی جائیں گی اور شہداء کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی جائے گی۔زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے شہید بچوں اور اساتذہ کو ان کی قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

بقیہ جات 19

والا یہ دلخراش سانحہ قومی تاریخ کا سیاہ باب ہے جو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، اس افسوسناک واقعہ نے پوری قوم کو کرب اور دکھ میں مبتلا کیا۔اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ آرمی پبلک اسکول کے معصوم طلبہ اور اساتذہ کی قربانیاں نہ صرف دہشت گردی کے خلاف قوم کے عزم کی مضبوطی کا باعث بنیں بلکہ اس ناسور کے خاتمے کے لیے پوری قوم کو متحد کیا۔انہوں نے کہا کہ آرمی پبلک اسکول کے معصوم شہداء دہشت گردی کے خلاف ہمارے قومی اتحاد اور پختہ عزم کی علامت ہیں۔اسپیکر نے آرمی پبلک اسکول کے معصوم شہداء کے والدین کے صبر وحوصلے کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے اپنے جگر کے ٹکڑوں کو کھو دیا لیکن اپنے عزم اور حوصلے کو برقرار رکھا۔انہوں نے کہا کہ پارلیمان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قانون سازی کے ذریعے بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ 16 دسمبر اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ ہم اپنے بچوں کے محفوظ اور روشن مستقبل کے لیے امن وامان کو یقینی بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے بھی اس موقع پر آرمی پبلک اسکول کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ آرمی پبلک اسکول کے شہداء کی یادیں آج بھی ہمارے دلوں میں تازہ ہیں۔انہوں نے ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پاکستان مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں اور افسران کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء قوم کے حقیقی ہیروز ہیں ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ جات 20

کر رہے ہیں۔اپنے بیان میں علی امین گنڈاپور نے واضح کیا کہ سول نافرمانی تحریک کا اعلان انہوں نے نہیں بلکہ پارٹی نے کیا تاہم وفاقی حکومت اب بھی سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کیخلاف لڑ رہے ہیں اور قربانیاں بھی دے رہے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فورسز اور عوام قربانیاں دے رہے ہیں، امن وامان کے لیے پولیس بھی فرنٹ لائن کا کردار ادا کر رہی ہے۔وزیراعلیٰ نے دعویٰ کیا کہ دہشت گردی کو کنٹرول کرلیں گے تاہم امن وامان کنٹرول کرنا وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے، صوبے کا نقصان ہو رہا ہے اس لیے افغانستان سے مذاکرات کی بات کی تھی اور افغانستان سے مذاکرات کے بغیر امن قائم نہیں ہوسکتا۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی کارکردگی بہتر ہے، آئی ایم ایف نے بھی تعریف کی ہے، صوبے کے عوام کے مسائل حل کیے جا رہے ہیں لیکن ہمیں وفاق سے صوبے کے پیسے لینے میں مشکلات ہیں۔انہوں نے کہا کہ عدالتوں میں کیسز کی وجہ سے عوامی مسائل میں تاخیر ہو رہی ہے۔

بقیہ جات 21

سود میں 150 سے 200 بیسز پوائنٹس کی کرسکتا ہے۔نومبر میں افراط زر کی شرح 6 سال کی کم ترین سطح 9.4 فیصد تک آ گئی ہے۔

بقیہ جات 22

کچے کے علاقے میں بیکری مالک عثمان مقبول اور چند شہری بادشاہ جی کو بحفاظت بازیاب کرایا۔ڈاکوؤں نے مغوی شہریوں کو ہاتھ پاؤں باندھ کر رکھا ہوا تھا۔ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق اغوا کار مغوی افراد کو ایک سے دوسری جگہ منتقل کر رہے تھے۔پولیس نے کشمور سندھ کے سرحدی علاقے میں ڈاکوؤں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔پولیس آپریشن کے نتیجے میں اغوا کار مغوی افراد کو چھوڑ کر کچے کی طرف فرار ہو گئے، رحیم یار خان پولیس کا ملزمان کی گرفتاری کے لئے کچہ ایریا میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ جات 23

حوالے سے حکومت کو بھاگنے نہیں دیں گے، جماعت اسلامی اور حکومت کے معاہدے کا فالو اپ کیا جارہا ہے، آئی پی پیز سے اب تک ختم کیے گئے معاہدوں کا ریلیف عوام کو دیا جائے، عوام کو حقیقی ریلیف نہ ملا تو دوبارہ احتجاج اور بھرپور تحریک شروع کریں گے، ملک میں ایک طرف اصولی سیاست کے نام پر وصولی سیاست چل رہی ہے اور دوسری جانب انتخابات میں جیتنے والوں کو جیتنے نہ دینے کی غلط روش چل پڑی ہے جو جمہوریت اور عوامی رائے کی توہین ہے، پیپلز پارٹی کی جانب سے عوامی انتخابات میں تبدیلی کی بدترین دھاندلی اور شپ پر قبضے سے ملک بھر میں اس کی جمہوریت دشمنی بے نقاب ہوئی اور جماعت اسلامی کی ساکھ میں بہتری اور عوامی حمایت میں اضافہ ہوا، جماعت اسلامی کو کراچی میں بلدیاتی انتخابات کے مقابلے میں عام انتخابات میں 50 سے 60 فیصد زیادہ ووٹ ملے لیکن فارم 47 کے ذریعے کراچی میں ایم کیو ایم کو مسلط کردیا گیا، جماعت اسلامی آج بھی عوام کی مضبوط اور توانا آواز ہے، جماعت اسلامی نے ہمیشہ حق وانصاف، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کی بات کی ہے، احتجاج ہر پارٹی کا بنیادی حق ہے، احتجاج کے راستے مسدود کرنے اور عوامی رائے کو دبانے کے عمل سے ملک درست سمت میں آگے نہیں بڑھ سکتا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ادارہ نورحق میں جماعت اسلامی کراچی کے اجتماع ارکان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجتماع ارکان سے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، سکریٹری کراچی توفیق الدین صدیقی نے بھی خطاب کیا جب کہ نائب امیر جماعت اسلامی کراچی ڈاکٹر واسع شاکر نے درس حدیث پیش کیا، نائب امیر کراچی، شہری و بلدیاتی امور کے نگراں و اپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف الدین ایڈووکیٹ نے جماعت اسلامی کے 9 ٹاؤنز اور یونین کونسلوں کی بلدیاتی کارکردگی اور عوامی خدمات پر مشتمل تفصیلی رپورٹ پیش کی اور شہر میں تعمیر وترقی کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل اور اہداف سے آگاہ کیا۔

بقیہ جات 24

پر گاڑی لینڈ سلائیڈنگ کی زد میں آ گئی۔گاڑی میں سوار 5 افراد پہاڑی تودے کے نیچے دب کر جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔پولیس ذرائع کے مطابق ملبے سے لاشیں نکالنے کے لیے ریسکیو کی ٹیم جائے حادثہ کی طرف روانہ ہوچکی ہے۔حادثے میں جاں بحق افراد کا تعلق شگوس گاؤں سے ہے۔گاڑی اسکردو سے شگوس جارہی تھی۔

بقیہ جات 25

پنجاب کے بعض مقامات پر ہلکی دھند چھائے رہنے کا امکان ہے تاہم شمال مغربی بلوچستان میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ ہلکی بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی توقع ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سب سے کم درجہ حرارت لیہ میں منفی 13 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، اسکردو اور استور میں منفی 11 جبکہ گلگت، ہنزہ میں پارہ منفی 06 رہا۔اس کے علاوہ کالام، قلات، کوئٹہ میں منفی 5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، اسلام آباد، مری صفر پر رہے جبکہ موہنجو ڈارو 1، پشاور، مظفر آباد 2، سرگودھا، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد 4، سکھر، ڈیرہ اسماعیل خان 5، ملتان، نوابشاہ 6، لاہور، ساہیوال 7 اور کراچی میں کم سے کم درجہ حرارت 13 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ جات 26

گریڈ 19 کے پی ایس پی افسران کی 57 منظور شدہ آسامیاں ہیں۔گریڈ 18 کے 14 پی ایس پی افسران کی کمی کا سامنا ہے جبکہ گریڈ 18 کے پی ایس پی افسران کی منظور شدہ پوسٹوں کی تعداد 131 ہے۔پولیس کے مطابق گریڈ 17 کے 7 پی ایس پی افسران کی بھی کمی کا سامنا ہے، گریڈ 17 کے پی ایس پی افسران کی 15 منظور شدہ پوسٹیں ہیں۔ذرائع کے مطابق افسران کی کمی سے متعلق محکمہ پولیس وفاقی حکومت کو 4 بار آگاہ کر چکا ہے۔

بقیہ جات 27

سکولوں پر فوری ہوگا، سردی کی شدت کے باعث طالبعلم کسی بھی رنگ کی جیکٹ، سویٹر، کوٹ، جرابیں اور جوتے پہن سکتے ہیں۔جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ یونیفارم پالیسی کا اطلاق 28 فروری 2025 تک ہوگا، یونیفارم پالیسی میں نرمی طلبہ کو سردی سے محفوظ رکھنے کیلئے کی گئی ہے۔

بقیہ جات 28

کے جج امجد علی شاہ کے سامنے پیش ہوں گی۔مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ ایک واقعہ پر تین مختلف تھانوں میں 12 مقدمات کا اندراج کرنا ظلم کی انتہا ہے۔

بقیہ جات 29

یونیفارم ڈرائیو شروع کرتے ہوئے ذاتی حیثیت میں 5 ہزار بچوں کو یونیفارم اور جرسیاں دینے کا اعلان کردیا۔اپنے ویڈیو بیان میں صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ حقوق العباد سب سے اہم ہے، موسم کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے اور بہت سے والدین ایسے ہیں جو اپنے بچوں کو یونیفارم اور جرسی نہیں لے کر دے سکتے۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی شہری جو بلک ایک یونیفارم اور جرسی دینے کی استطاعت رکھتا ہے وہ اپنے شہر یا گاؤں کے کسی سرکاری سکول میں دے کر اپنا حصہ ڈالے۔صوبہ بھر کے صنعتکاروں سے اپیل ہے کہ وہ بھی اپنی مالی حیثیت کے مطابق اس میں اپنا کردار ادا کریں کیونکہ سرکاری سکولوں میں پڑھنے والے ہم سب کے بچے اور بچیاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت سرکاری سکولوں کا معیار بہتر کرنے کے لئے دن رات کام کر رہی ہے، ہم نے چھ مہینے پالیسیاں بنانے پر کام کیا اب عملی پیشرفت کے لئے ضلع کی سطح پر نکل رہے ہیں۔مریم نواز کی قیادت میں ہمیں دو سال چاہئیں، ان شاء اللہ مہنگے مہنگے پرائیویٹ سکولوں میں پڑھنے والے بچے سرکاری سکولوں میں پڑھیں گے۔ہم نے سرکاری سکولوں میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا ہے میرے سمیت تمام لوگوں کے بچے سرکاری سکولوں میں پڑھنے کو ترجیح دیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم سکولوں میں کمرے پورے کر رہے ہیں، سکولوں کو اساتذہ دے رہے ہیں، ریشنلائزیشن، اپ گریڈیشن کر رہے ہیں، اساتذہ کے لئے کارڈ یک ہسپتال، ان کی انشورنس کے لئے محنت کر رہا ہوں، ہمارا اساتذہ سرکاری سکولوں میں ہمارے بچوں کو پڑھا رہے ہیں، اساتذہ وزیراعلیٰ کے سرکاری معیاری سکول کے وژن کو آگے بڑھائیں۔

بقیہ جات 30

33 لاکھ بچوں کو ویکسین کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کردیا گیا۔پولیو مہم کے سلسلہ میں سکیورٹی سمیت تمام انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 31

لے لیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ رجب بٹ کو اسلحے کی نمائش اور شیر کا بچہ رکھنے پر حراست میں لیا گیا۔خیال رہے کہ گزشتہ کئی روز سے معروف یوٹیوبر رجب بٹ کی شادی کی تقریبات جاری تھیں۔

بقیہ جات 32

آئینی ترمیم نے صوبوں کو صحت سے متعلق امور پر بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔چیئرمین سینیٹ نے ان خیالات کا اظہار اتوار کو اسلام آباد میں صحت سے متعلق آگاہی سیمینار میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ آئینی ترمیم کے تحت صوبے اپنی آبادی کی ضروریات کے مطابق مقامی حل نکالنے میں اقدامات اٹھا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اختیارات کی منتقلی نے صحت سے متعلق ایک جامع، شراکتی فریم ورک بنانے میں مدد کی ہے، وقت آ گیا ہے کہ پاکستان میں ہیلتھ کیئر کو بہتر بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں کی جائیں۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ عوام کو نہ صرف دوا و دیکھ بھال ملے جس کے وہ مستحق ہیں بلکہ ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کی جائے جو صحت کو ترقی کی بنیاد کے طور پر اہمیت دے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے طور پر اپنے دور میں ہیلتھ کیئر کے شعبے کو مضبوط بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے۔سید یوسف رضا گیلانی نے تجویز پیش کی کہ بنیادی صحت کے شعبے کو بہتر بنانے اور شہری و دیہی علاقوں کے درمیان رسائی کے فرق کو ختم کرنے پر توجہ دی جائے۔انہوں نے کہا ہم نے اپنی حکومت کے دوران وسائل کو متحرک کرنے کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو فروغ دیا، ہنرمند ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کی کمی کو پورا کرنے کے لیے انسانی وسائل کی ترقی میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں سب سے زیادہ تبدیلی لانے والے سنگ میلوں میں سے ایک 18 ویں آئینی ترمیم تھی۔سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ہیلتھ کیئر نظام تک رسائی نہ صرف بنیادی انسانی حق ہے بلکہ قومی ترقی کی بنیاد بھی ہے۔چیئرمین سینیٹ نے صحت کے اہم مسائل کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے اس اہم تقریب کے انعقاد پر ہیلتھ انٹرنیشنل پاکستان کی بھی تعریف کی۔انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ سینیٹ ہیلتھ کیئر کے نظام کو مضبوط بنانے اور معیاری دیکھ بھال تک رسائی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے موثر کردار ادا کرتا رہے گا۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ آج کا سیمینار صحت کے بارے میں بیداری اور فلاح وبہبود کو فروغ دینے کے ہمارے اجتماعی عزم کا ثبوت ہے۔

بقیہ جات 33

کے ساتھ مسلح جتھوں سے لیس ہوکر احتجاج کرنا پی ٹی آئی کا وتیرہ ہے۔اسلام آباد سے وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے علی امین گنڈاپور کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی نے ہمیشہ ریاست اور عوام کا نقصان چاہا ہے، تحریک انتشار نے پچھلی مرتبہ بھی جدید اسلحے، سٹن گنز، غلیلیں، گیس شیل اور گرینیڈ سے لیس مسلح جتھوں کے ساتھ وفاق پر لشکر کشی کی۔انہوں نے کہا کہ تحریک انتشار کے مسلح جتھوں نے بلا اشتعال فائرنگ کی، علی امین گنڈاپور کے گارڈز کو گولی چلاتے ہوئے دیکھا گیا، یہ لاشیں گرا کر ان پر سیاست کرنا چاہتے ہیں، ان کا کوئی احتجاج بھی پرامن نہیں ہوا، یہ ملک میں بدامنی چاہتے ہیں۔عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ انہوں نے ہمیشہ سیاسی مفاد پر ریاست کے مفاد کو قربان کیا ہے، 9 مئی اور 26 نومبر ملکی تاریخ کے سیاہ ترین دن ہیں، ملتان میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے جلسہ کے دوران بھگدڑ مچنے سے کئی ہلاکتیں ہوئیں لیکن عمران خان نے اپنی تقریر جاری رکھی۔

بقیہ جات 34

حمایت اور سرمایہ کاری کریں تو نہ صرف معیشت کو فروغ ملے گا بلکہ اس کے ذریعے روزگار کے اہم مواقع بھی پیدا ہوں گے۔حکومت کو اس صنعت کی اہمیت کا اعتراف ہے اور اسکی ترقی کے لیے وسائل فراہم کرنے پر زور دے رہی ہے۔مجھے امید ہے کہ پاکستان لائف اسٹائل فرنیچر ایکسپو جیسے اقدامات ہماری صنعت کو عالمی سطح پر سامنے لانے میں مدد فراہم کریں گے۔سی ای او پاکستان لائف اسٹائل فرنیچر ایکسپو، میاں فیصل نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ایکسپو میں 100 سے زائد بہترین فرنیچر برانڈز اپنی مصنوعات کی نمائش کریں گے۔اہم شرکاء میں ڈائمنڈ سپریم فوم پرائیویٹ لمیٹڈ (اس ایونٹ کے سرکاری اسپانسر)، ڈوسی ویٹا، یوسف فرنیچر، ہوم فرنیشرز، پی اینڈ ٹی فرنیچر، کوئنٹ کارپیٹ، فرنیچر پوائنٹ، ہیسٹ، گابا ہوم، جے سی کلیکشن، ٹوبی ہوم، سوہو انٹیریئرز بائے فائزہ، ووڈ اسٹار، ایمپیکبل، رواج فرنیچر، فرنیچر ایمپوریم، دریچے ہوم، عدیل فرنیچر، الوکھا ہوم ڈیکور، ایس ایچ ایف کلیکشن، کھلون فرنیچر گیلری، میک اپ فیکٹری، ارباب فرنیچر، عریش خان، مراد انٹیریئرز، سعد انٹیریئرز، واجد ہنڈی کرافٹس، رفلکٹ فرنیچر، عائشہ کلیکشن، ووڈ کرز، ایچ کے ایسٹرہ، عامر فرنیچر، گیلری ہوم، ایوٹیک زی ہومز، یونیک کلیکشن، میاں فرنیچر، ہوم فرنیچر، فرنیچر ریپبلک اور کئی دیگر اہم نمائش کنندگان شامل ہیں۔

بقیہ جات 35

ملزمان کو گرفتار کیا گیا اس کے علاوہ ڈکیتی، راہزنی معہ قتل کے 12 مقدمات کو ٹریس کیا گیا اقدام قتل کے 730 مقدمات کے ملزمان کو گرفتار کیا گیا ڈکیتی اور راہزنی کے 8022 مقدمات کے ملزمان کو گرفتار کیا گیا بچوں اور بڑوں کے اغوا برائے تاوان کے 10 مقدمات سمیت اغواء کے 5650 مقدمات کے ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے خواتین کے ریپ اور بچوں سے بدفعلی کے 1204 مقدمات کے ملزمان کو منطقی انجام تک پہنچایا گیا ای گیجٹ ایپ کے ذریعے تقریباً 6 کروڑ روپے مالیت کے 3 ہزار سے زائد موبائل فونز ریکور کرکے مالکان کے سپرد کیے گئے، 48 تبدیلی تفتیش فرسٹ بورڈز میں 1510 مقدمات کے شہریوں کو انصاف فراہم کیا گیا 4372 مقدمات میں جرائم پیشہ عناصر کو مختلف سزائیں دلوائی گئیں، شہریوں کے قتل میں ملوث 83 ملزمان میں سے 29 ملزمان کو سزائے موت جبکہ 54 ملزمان کو عمر قید کی سزا دلوائی گئی، کمپلینٹ سیل 1787 پر موصول ہونیوالی 2031 درخواستوں میں سے 1996 درخواستوں کو نمٹا دیا گیا رواں سال کاسٹ آف انویسٹی گیشن کی مد میں تقریباً 2 کروڑ 50 لاکھ روپے کی رقوم تفتیشی افسران میں تقسیم کی گئیں افسران کی کارکردگی جانچنے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر سرکل افسران سے میٹنگز کا انعقاد کیا جاتا ہے شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے روزانہ کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جاتا ہے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے شب و روز کوشاں ہیں، ایس ایس پی محمد نوید کا کہنا ہے کہ عوام الناس کے مسائل کے حل کے لیے میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان اصغر

بقیہ جات 36

حسان بن سلمان، مرزا عبد الرشید بھی شریک تھے۔اس موقع پر کونشن کے شرکاء سے امیر العظیم، محمد جاوید قصوری، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور اظہر بلال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سقوط ڈھاکہ امت مسلمہ کا آخری سقوط تھا۔البدروالشمس نے جانیں دینے کا حق استعمال کرکے امت کو پیغام دیا کہ اب سقوط مملکت کا ہوا اس کا انحصار اپنی فوج یا حکمرانوں پر نہیں بلکہ اس سقوط کو روکنے کیلئے اپنی مرضی سے لڑکر مرنے کا حق ادا کرنا ہے آج اہل فلسطین وغزہ 45 ہزار شہادتیں پیش کرنے کے باوجود غزہ کو چھوڑنے کے حق کی بجائے جانیں دینے کا حق استعمال کر رہے ہیں۔پاکستان میں جمہوریت کی تعریف یہ ہے کہ مقبول قیادت کو قبول نہ کرو اور اپنی مرضی کی قیادت قوم پر مسلط کردو۔1970 کے بعد 12 انتخابات کے بعد بے یقینی بڑھی سول ملٹری اسٹیبلشمنٹ نے استحصال اور بین الاقوامی استعماری قوتوں کے گماشتوں کو اقتدار سے نواز کر پاکستان کو برباد کرکے رکھ دیا ہے۔سقوط ڈھاکہ حکمرانوں کی اقتدار کی ہوس اور دشمنوں کی سازشوں کا نتیجہ ہے۔16 دسمبر 1971 کو مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بنا لیکن آج بھی سقوط ڈھاکہ کے زخم تازہ ہیں۔پاکستانی تاریخ میں سقوط ڈھاکہ ایک دردناک اور نہ بھولنے والا سانحہ جسے فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ جات 37

روپے کا جرمانہ عائد کیا۔ملتان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 23 کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ بہاولپور میں ٹیم نے 1 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 23 کنکشن منقطع کیے۔شیخوپورہ میں گیس چوری پر کارروائی کرتے ہوئے 13 لاکھ 40 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ گوجرانوالہ میں 1 غیر قانونی کنکشن منقطع کیا گیا اور 6 لاکھ 10 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ساہیوال میں 1 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا گیا، جبکہ گیس چوری کی مد میں 2 لاکھ 30 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔کرک میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے 541 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے اور گیس چوری کے خلاف 4 ایف آئی آرز بھی درج کی گئیں۔سوئی ناردرن اپنی خدمات کی بہتری اور گیس چوری کے خاتمے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ جات 38

آرگنائزر، مرکزی انجمن سیرت النبی ﷺ گلبہار کے تاحیات چیئرمین اور ممتاز قومی وسماجی رہنما محمد سلیم خان قادری ترابی، جے یو پی کراچی کے جنرل سیکریٹری ملک محمد شکیل قاسمی، انجمن نوجوانان اسلام پاکستان سندھ کے جنرل سیکریٹری عبدالوحید یونس، پاکستان اسلامک فورم کے رہنما ناصر حسین خان، بزم غلامان مصطفیٰ پاکستان ٹرسٹ کے صدر صاحبزادہ محمد صادق قریشی، مرکزی انجمن سیرت النبی ﷺ گلبہار کے صدر شیخ طاہر غلام مرشد، شہری حقوق کمیٹی کے جنرل سیکریٹری جمیل عباس قادری ودیگر نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ جات 39

عہدیداران، چیئرمین و وائس چیئرمین، یوتھ ونگ، خواتین ونگ کے ممبران اور پارٹی کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔تقریب کے دوران بہترین کارکردگی دکھانے والے ورکرز کو حسن کارکردگی ایوارڈ سے نوازا گیا۔تقریب کے دوران حلقے میں مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں اور عوام کی فلاح وبہبود کے لیے کیے گئے اقدامات پر مشتمل ایک ڈاکیومنٹری پیش کی گئی جسے شرکاء نے بے حد سراہا۔اس کے علاوہ، پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام کے حوالے سے بھی ایک خصوصی ڈاکیومنٹری دکھائی گئی جس میں نوجوانوں کے لیے مہیا کردہ مواقع اور اقدامات کو اجاگر کیا گیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خاں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے اجتماعی جدوجہد ضروری ہے، تاکہ پاکستان کو ترقی کی نئی بلندیوں پر لے جایا جاسکے۔

بقیہ جات 40

16 دسمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ ترین باب ہے۔سقوط ڈھاکہ نے پاکستان کو شدید سیاسی اور نفسیاتی طور پر متاثر کیا، جس کے زخم آج بھی تازہ ہیں، اس سانحے نے ہمیں یہ سبق دیا کہ کسی بھی قوم کے اتحاد کی مضبوطی اس کی بقاء کے لئے ضروری ہے۔پیرزادہ قاضی فیض رسول رضوی نے کہا کہ مشرقی پاکستان کی علیحدگی نے ہمارے قومی مفادات کو شدید نقصان پہنچایا، تاہم اس سانحے نے یہ بھی واضح کیا کہ دوقومی نظریہ کی اہمیت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ سقوط ڈھاکہ کے باوجود پاکستان کا بقاء اور اس کی اسلامی تشخص کی حفاظت کی ضرورت اجاگر ہوئی، جو آج بھی ہماری قومی پالیسی کا محور ہے۔پیرزادہ قاضی فیض رسول رضوی نے اس موقع پر پاکستانی عوام سے اپیل کی کہ وہ اس دن کو یاد کرتے ہوئے اپنے قومی مفادات کو مقدم رکھیں اور ملک میں اتحاد ویکجہتی کو فروغ دیں۔

بقیہ جات 41

افراد کو سخت سزا دی جانی چاہیے تاکہ اس طرح کے واقعات کا خاتمہ ہوسکے۔

بقیہ جات 42

فیصل آباد پولیس کو مطلوب تھا۔پنجاب پولیس نے پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ملزم کے کوائف درج کروائے، ریڈ نوٹس کیلئے انٹرپول سے رابطہ کیا۔سعودی عرب سے وطن واپسی پر اشتہاری مجرم کو سیالکوٹ ائیرپورٹ پر گرفتار کیا گیا اور اشتہاری محمد اسد کو پنجاب پولیس کی ٹیم نے تحویل میں لے لیا۔ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں برس بیرون ملک سے گرفتار اشتہاریوں کی مجموعی تعداد 98 ہوگئی ہے۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کامیاب کارروائی پر آر پی او، سی پی او فیصل آباد اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ قانونی کارروائی جلد مکمل کرتے ہوئے ملزم کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ ایف آئی اے اور انٹرپول کی مدد سے دیگر خطرناک اشتہاریوں کو گرفتار کرکے وطن واپس لایا جائے۔

بقیہ جات 43

عندیے سے عوام کو اطمینان ہوا تھا تاہم فریقین کی جانب سے بیان بازی اور مذاکرات نہ ہونے کی دھول اڑنے سے عوام میں ایک بار پھر تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاری اور معیشت کی بہتری سیاسی استحکام سے مشروط ہے جس کے لئے سیاسی فریقین کو عملی پیشرفت کرنی چاہیے۔میں نہ مانوں کی رٹ اور غیر مشروط شرائط سے مذاکرات کی بیل کبھی منڈھے نہیں چڑھ سکے گی۔اگر پاکستان کو معاشی طور پر مضبوط بنانا ہے تو بلا جواز احتجاج اور دھرنوں کی سیاست کو دفن کرنا ہوگا۔ملک جس نہج پر پہنچ چکا ہے ایسے حالات میں ابھی نہیں تو کبھی نہیں کے عزم کے ساتھ فیصلے کرنا ہوں گے۔اشرف بھٹی نے کہا کہ انارکلی سمیت دیگر تجارتی مراکز میں پارکنگ کے لئے جگہ نہ ہونے سے کاروبار تباہ ہو رہا ہے، پنجاب حکومت سے اپیل ہے کہ پارکنگ پلازوں کی تعمیر کیلئے عملی پیشرفت کی جائے۔

بقیہ جات 44

بروقت کارروائی کرتے ہوئے اسے بچالیا۔بچے کو نہر سے نکال کر بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا گیا

بقیہ جات 45

ہیں، عوام جان چکے ہیں کہ کون لوگ ان کے مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے دورہ کے موقع پر علاقہ عمائدین سے ملاقاتوں میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے حلقے میں انتقال کرجانے والوں کے گھروں میں جاکر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی بھی کی۔ہمایوں اختر خان نے کہا کہ یہاں کا کسان اور نوجوان مایوس ہیں، بچوں اور بچیوں کو تعلیم اور صحت کی معیاری سہولتیں میسر نہیں، اکثریتی علاقوں میں پینے کا صاف پانی دستیاب نہیں، سیوریج کے نظام کا برا حال ہے، ہم یہ سوال پوچھتے ہیں کہ علاقے کی پگ پہننے کے دعویداروں نے عوام کے لئے کیوں کچھ نہیں کیا؟ ہمارا وعدہ ہے ان شاءاللہ جب بھی موقع میسر آئے گا اس علاقے کو مثالی حلقہ بنا کر دکھائیں گے۔یہاں کے لوگ انتخابات کے بعد مسائل کے حل کے لئے ہماری محنت اور کوششوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں، مریدوالا انٹرچینج کی منظوری کے بعد ظفر چوک سے چک نمبر 516 تک سڑک کی تعمیر کا آغاز ہوگیا ہے، ان شاءاللہ آنے والے دنوں میں حلقے کے باسیوں کو مزید خوشخبریاں ملیں گی۔ہم نے سیاست میں عوام سے بلا تفریق رابطے رکھنے اور اپنی استطاعت سے بڑھ کر خدمت کرنے کا معیار متعارف کرایا ہے، ہم جہاں تک اپنی آواز پہنچا سکتے ہیں وہ پہنچا رہے ہیں۔

بقیہ جات 46

بہترین مظاہرہ ہوتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہولی ٹرینٹی چرچ میں کرسمس کے آغاز کی تقریب کے موقع پر کیا۔مسیحی برادری کے مذہبی تہوار کرسمس کی تقریبات کے آغاز پر ہولی ٹرینٹی چرچ فاطمہ جناح روڈ پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر بشپ آف کراچی بلوچستان فریڈرک جان نے سٹی یوینگ کراچی چیف مراد سوئی، ندیم شیخ ایڈووکیٹ، انور سردار خان، سید اسرار علی ایڈووکیٹ، سلیم مائیکل ایڈووکیٹ، سید ذوالفقار شاہ، خرم جمال کے ہمراہ کیک کاٹ کر تقریبات کا آغاز کیا۔اس موقع پر پولیس کے اعلیٰ افسران، سول سوسائٹی کے اراکین منصور چیک، صوفیہ ایڈووکیٹ، اسلم جٹ ایڈووکیٹ، بیرسٹر جمیل، مشتاق ایڈووکیٹ، عمران علی، اعجاس احمد، امانت کھوکھر، حارث امین بھٹی اور دیگر بھی موجود تھے۔شرکا نے مسیحی برادری کی ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے خدمات کو سراہا۔اور کرسمس کی تقریبات کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ جات 47

کہ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے اجلاس میں ججز کی تعیناتی کیلئے میرٹ کو پیش نظر رکھا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب بار کے ممبران سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل راؤ فضل الرحمان، ممبران اعجاز خان بلوچ، رانا محمد اکرم خان، میاں مراد بھٹی، غلام جوئی، بیرسٹر حق نواز، غلام عباس بھٹی، شہزاد ووگر، حسن طور، رانا شہباز احمد، چوہدری نثار علی خان، میاں محمد حنیف، عاطف مغل، شاف ذیشان ملک اور سید منظور علی شاہ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔وائس چیئرمین چوہدری بابر وحید نے کہا کہ جوڈیشل کمیشن میں پنجاب بار کونسل کے ممبر اسد عباسی کی میعاد پوری ہوچکی ہے، نئے نام کیلئے ابتدائی مشاورت ہوچکی ہے اور 18 دسمبر کو ہونے والے اجلاس میں پنجاب بار کونسل کی جانب سے اپنے امیدوار کی حتمی منظوری دی جائے گی جبکہ اس موقع پر جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کے حوالے سے مزید امور بھی زیرغور آئیں گے۔

بقیہ جات 48

میں اپیل کی گئی ہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی طویل عرصے سے امریکی جیل میں قید ہیں۔جج نے انتہائی کمزور، ناقص اور جھوٹے الزامات پر انہیں چھیاسی سال قید کی سزا سنائی جو قانون اور انصاف کے تمام اصولوں کی خلاف ورزی ہے۔امریکی عدالتوں میں قتل کی سزا بھی دس سال ہے لیکن عافیہ نے تو کسی کو قتل بھی نہیں کیا۔انہوں نے خط میں مزید کہا کہ عافیہ وہ ایک غریب ماں ہے جسے اپنے معصوم بچوں کے ساتھ اغوا کیا گیا۔افغانستان میں انسانی اسمگلنگ کی گئی اور غیر قانونی طور پر امریکہ منتقل ہونے سے پہلے غیر انسانی مظالم ڈھائے گئے۔اس کا ایک شیر خوار بچہ، جو اغوا کے دوران اس سے چھین لیا گیا تھا، ابھی تک لاپتہ ہے اور یہ تک معلوم نہیں ہے کہ وہ مردہ ہے یا زندہ۔عافیہ صدیقی دو دہائیوں سے اپنے بچوں اور فیملی سے دور ہے۔گذشتہ کئی سالوں سے اسے اپنی فیملی سے بات کرنے کی اجازت بھی نہیں دی گئی ہے۔اس کی بیمار ماں اپنی بیٹی کا منہ دیکھے بغیر ہی دم توڑ گئی۔الطاف شکور نے کہا کہ امریکی صدر کو عہدہ چھوڑنے سے قبل ایک موقع ملا ہے کہ وہ غریب ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر صدارتی معافی دے کر انصاف فراہم کرکے تاریخ رقم کریں۔صدر جو بائیڈن کے حسن سلوک سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ جات 49

پر سزا معاف کرکے رہا کرنے کا مطالبہ کیا۔ان کا کہنا تھا کہ عافیہ دہشت گردی کے خلاف نام نہاد جنگ کی ایک معصوم متاثرہ ہے اور اب اسے رہا کیا جانا چاہیے۔جبکہ پاکستان سے ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کے لیے جانے والے وفد کے ایک رکن سینیٹر محمد طلحہ محمود نے ڈیلاس میں دی میڈیا لائن سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عافیہ صدیقی سے ملاقات کو "حوصلہ افزا" قرار دیا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ امریکی صدر جو بائیڈن ان کی بقایا سزا معاف کر دیں گے۔کیونکہ امریکی روایت کے مطابق سبکدوش ہونے والا صدر قیدیوں کی سزائیں معاف کرتا ہے۔سینیٹر طلحہ نے میڈیا لائن کو بتایا کہ "صدر بائیڈن کے پاس 60 سے زیادہ معافی کی درخواستیں موجود ہیں، جس میں ڈاکٹر عافیہ کی درخواست بھی شامل ہے۔ہمیں امید ہے کہ عافیہ کی درخواست کو ترجیح دی جائے گی اور صدر اس پر ہمدردی کے ساتھ غور کریں گے"۔انہوں نے مزید کہا کہ وفد نے امریکی سینیٹرز، اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے اعلیٰ عہدیداروں اور مقامی کمیونٹی رہنماؤں سے متعدد ملاقاتیں کی ہیں۔ہمارے ساتھ اسلامک سرکل آف نارتھ امریکہ ICNA تنظیم نے اس معاملے میں اہم مدد فراہم کی ہے۔

بقیہ جات 50

مسافر محمد عثمان 4 دسمبر کو سیالکوٹ سے عمرہ ویزے پر سعودی عرب گیا تھا جہاں قیام اور عمرے کی ادائیگی کے دوران اس نے ایجنٹ سے جنوبی افریقا کا جعلی ویزہ حاصل کیا۔عثمان نے 11 دسمبر کو سعودی عرب سے جنوبی افریقا کا سفر کیا جہاں امیگریشن حکام نے ویزا جعلی ہونے پر مسافر کو جنوبی افریقا سے ملک بدر کردیا۔ہفتے کو سیالکوٹ پہنچنے پر عثمان کو گرفتار کرکے انسداد انسانی اسمگلنگ سیل گوجرانوالہ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ جات 51

عثمان کو 12 روز قبل اور الفیض نوجوان بادشاہ کو بگلائی گینگ نے اغوا کیا تھا۔پولیس ذرائع کے مطابق اغوا کاروں کی خواتین کو بھی حراست میں لیا تاہم انہیں رہا کر دیا گیا، مغویوں کی آمد پر شہریوں نے والہانہ استقبال کیا۔

بقیہ جات 52

علاقوں میں لوگوں کو سفر کا ذریعہ مہیا کرتی ہے۔وو نے کہا کہ بیجنگ کا ریل ٹرانزٹ نیٹ ورک 98 انٹرچینج اسٹیشنز سمیت 522 اسٹیشنز پر مشتمل ہے۔بیجنگ نے مزید سب وے لائنز کی تعمیر کرکے ٹریفک کا رش کم کرنے کے لئے اقدامات کئے ہیں جو وسیع وعریض شہر میں بڑے پیمانے پر تیز رفتار ٹرانزٹ سہولت مہیا کر رہے ہیں۔بیجنگ میٹرو لائن نمبر 1 نے باضابطہ طور پر یکم اکتوبر 1969 سے کام شروع کیا تھا، یہ چین کی پہلی شہری ریل ٹرانزٹ تھی جس کے بعد بیجنگ نے ملک کا طویل ترین عرصے سے فعال شہری ریل ٹرانزٹ نیٹ ورک تعمیر کیا ہے۔وو نے کہا کہ توسیع شدہ ریل ٹرانزٹ نیٹ ورک لوگوں کی بہتر خدمت کرنے اور شہر میں اعلیٰ معیار کی ترقی میں پیشرفت کو تیار ہے۔

بقیہ جات 53

انعقاد ہوا۔رواں سال کی نمائش میں 75 فن پارے پیش کئے گئے جو نومبر کے وسط میں چینی خلائی اسٹیشن بھیجے گئے تھے۔چین بھر کے نوجوانوں کے جمع کرائے گئے 20 ہزار سے زائد فن پاروں میں سے ان کا انتخاب کیا گیا تھا۔تھیان گونگ خلائی اسٹیشن پر موجود شین ژو-19 کے عملے نے ان فن پاروں کی نمائش کرتے ہوئے زمین پر ویڈیو پیغام بھیجے۔بیجنگ کے پیلس میوزیم کے نمائشی ہال اور مکاؤ سائنس مرکز میں بھی فن پاروں کی نمائش منعقد ہوئی۔اس نمائش کا اہتمام مکاؤ کی چین واپسی کی 25 ویں سالگرہ کے موقع پر کیا گیا تھا۔شین ژو-19 کے عملے نے مادر وطن کی خوشحالی، امن اور مکاؤ کے بہتر مستقبل کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ جات 54

پاکستانی انجینئر ایک میز پر پھیلے ایک بڑے نقشے کے گرد جمع تھے اور ہر معاملہ پر تفصیلی تبادلہ خیال کر رہے تھے۔ہوائی اڈے کے مختلف شعبوں میں بھرپور سرگرمیاں جاری تھیں۔پاکستانی اور چینی دونوں نے ٹرمینل کا بھرپور انداز میں حتمی جائزہ لیا۔کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے کاکڑ نے شنہوا کو بتایا کہ یہ پاکستان کا ایک بہت بڑا ہوائی اڈہ ہے جو جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس ہے اور اس کا تعمیراتی ڈیزائن حیرت انگیز ہے۔

بقیہ جات 55

سربراہان نے قریبی رابطہ برقرار رکھا ہے جس نے چین-فرانس اور چین-یورپ تعلقات کی ترقی کے لیے رہنمائی فراہم کی ہے۔وانگ نے کہا کہ چین فرانس کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے تاکہ چین-فرانس تعلقات کو چین-یورپ تعلقات کی ترقی اور عالمی امن واستحکام کے فروغ کے لیے ایک محرک قوت کے طور پر یقینی بنایا جاسکے۔وانگ یی نے اس مقصد کے حصول کے لیے 4 نکات تجویز کیے۔پہلا یہ کہ دونوں سربراہان مملکت کے اتفاق رائے کو رہنمائی کے طور پر استعمال کرتے ہوئے دوطرفہ ایجنڈے کو مزید مثبت بنایا جائے۔دوسرا یہ کہ عملی تعاون کو مستحکم کرتے ہوئے دونوں فریقوں کے روایتی فوائد کا بہتر استعمال کیا جائے اور نئے معیار کی پیداواری قوتوں میں تعاون کے نئے امکانات کو تلاش کیا جائے۔تیسرا یہ کہ چین-فرانس ثقافت اور سیاحت کے سال کے مثبت اثرات سے استفادہ جاری رکھتے ہوئے عوامی تبادلے کو فروغ دیا جائے اور چوتھا یہ کہ مل کر کثیر الجہتی کی حمایت کی جائے۔بون نے کہا کہ فرانس چین کے ساتھ اپنی روایتی دوستی اور باہمی اعتماد کو بہت اہمیت دیتا ہے اور ایک چین پالیسی پر قائم رہتے ہوئے چین کے ساتھ اعلیٰ سطح کے قریبی روابط کو برقرار رکھے گا اور مذاکرات کے لائحہ عمل کی کامیابی کو یقینی بنائے گا۔

بقیہ جات 56

ہے۔ہوانگ نے بتایا کہ یہ جنگی صلاحیت کا حامل روبوٹ ہے جو قریبی سطح کی کارروائیوں بشمول انسداد دہشت گردی کارروائیوں کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔یہ 5.2 سیکنڈ میں 30 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے پہنچنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔اس میں پولیس کے آلات بھی نصب کیے جاسکتے ہیں۔اس روبوٹ کے ڈیزائنرز نے ابتدا میں اسے مرکری سیارے کی سطح پر چلنے کے لیے ڈیزائن کیا تھا۔ژے جیانگ یونیورسٹی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر وانگ یوئے نے شنہوا کو بتایا کہ مرکری ایک ایسا سیارہ ہے جس میں سورج کے قریب ہونے کی وجہ سے انتہائی درجہ حرارت کی تبدیلیاں ہوتی ہیں۔

بقیہ جات 57

ہوئی تھی جس کی وجہ سے کانفرنس آخری روز کئی بار ملتوی ہوئی اور مقامی وقت کے مطابق ہفتہ کی علی الصبح 2 بجکر 5 منٹ (پاکستانی وقت کے مطابق ہفتہ کی صبح 4 بجے) تک جاری رہی۔آخرکار فریقین نے ایک طریقہ کار اپنایا جس کے تحت منگولیا میں 2026 میں ہونے والی کوپ 17 میں فیصلہ سازی کے لئے کوپ 16 میں ہونے والی پیشرفت کی بنیاد پر بات چیت آگے بڑھائی جائے گی۔دنیا بھر خاص طور پر کمزور ترین ممالک میں صحرائیت، زمینی انحطاط اور خشک سالی سے نمٹنے کے لئے 12 ارب امریکی ڈالر سے زائد کا وعدہ کیا گیا۔بڑے پیمانے پر زمین کی بحالی اور خشک سالی سے نمٹنے کے لئے ریاض عالمی خشک سالی لچک شراکت داری جیسے نئے وعدوں کا اعلان کیا گیا، اس سے دنیا کے 80 کمزور ترین ممالک کو خشک سالی کے خلاف لچک پیدا کرنے میں معاونت کے لئے 12 ارب 15 کروڑ ڈالر کی مدد ملے گی۔اختتامی اجلاس سے خطاب میں اقوام متحدہ کے کنونشن برائے انسداد صحرائیت (یو این سی سی ڈی) کے ایگزیکٹو سیکرٹری ابراہیم تھیاؤ نے کہا کہ اگرچہ فریقین کو خشک سالی جیسے اہم مسئلے سے نمٹنے کے بہترین طریقے پر اتفاق کے لئے مزید وقت درکار ہے تاہم وہ ریاض عالمی خشک سالی لچک شراکت داری کے آغاز سے پرامید ہیں کہ دور حاضر کے اہم ترین مسائل میں سے ایک سے نمٹنے کے لئے یہ ایک تاریخی اقدام ہے۔

بقیہ جات 58

مبنی حکمت عملیوں اور قانون کی حکمرانی کی حامل ریاست کے قیام کی ضرورت ہے تاکہ دیرپا استحکام کو یقینی بنایا جاسکے۔الشرح نے فوجی کارروائی کی قیادت کی جس کے نتیجے میں الاسد کی حکومت کا خاتمہ ہوا۔انہوں نے ریاست پر مبنی ذہنیت کے ساتھ حکمرانی کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور قانون وانصاف پر مبنی اداروں کی تعمیر کی درخواست کی۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں ریاست کی تعمیر کے کاموں کی طرف رخ موڑنا ہوگا جبکہ ملک کا مستقبل اجتماعی نظم وضبط اور پیشہ ورانہ، جوابدہ بیوروکریسی پر منحصر ہے۔

بقیہ جات 59

عالم علی کے ساتھ آئے ہوئے ایک 20 رکنی وفد سے دوران گفتگو انہوں نے بتایا کہ متحدہ جماعت اسلامی کی عوامی مقبولیت سے خوف زدہ ہے جبکہ شہر حق دو کراچی تحریک کی کامیابی ہے، خورشید اقبال نے گزشتہ دن یوسی چیئرمین جمشید کوارٹر ٹاؤن حدود مارٹن کوارٹر کے چیئرمین کلیم الحق عثمانی پر متحدہ دہشتگردوں کا حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم اپنی ماضی سیاست ایک بار پھر سے دہرانا چاہتی ہے، جو J.I کے کارکنان کرنے نہیں دیں، خورشید اقبال اور عالم علی نے حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ فوری طور پر متحدہ دہشتگردوں کے خلاف قانونی کارروائی کریں کیونکہ یہ شہر قائد کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے۔

بقیہ جات 60

کہا کہ علمائے کرام کی مشاورت سے بہت سے پیچیدہ مسائل حل ہوئے۔مفتی عبدالرحیم نے کہا کہ مدارس رجسٹریشن حساس معاملہ ہے اس میں اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اہم اقدام ہے۔

بقیہ جات 61

سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ 14 دسمبر سے 29 دسمبر 2024 تک پریمیئر لیگ جاری رہے گی۔اس پریمیئر لیگ میں کراچی نائٹ سمیت تمام ٹیموں کو سپورٹ کر رہا ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ تقریب بتا رہی ہے کہ شہر روشنیوں کی جانب بڑھ رہا ہے۔اس گراؤنڈ کی طرح اب اس شہر کو بھی سجائیں گے۔انہوں نے کہا کہ اس پریمیئر لیگ میں لکی ڈراز بھی ہوں گے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شہرہ آفاق قومی کرکٹر جاوید میانداد نے کہا کہ گورنر سندھ بھی کرکٹ کے شوقین ہیں۔کرکٹ میں ہار جیت ہوتی ہے لیکن لائحہ عمل ہونا چاہئے۔

بقیہ جات 62

ومینجنگ کمیٹی کے ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ وہ بار اور بنچ میں تعلق کو مضبوط کرنے کے ساتھ قانون کی حکمرانی، جمہوریت کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی اور مظلوم عوام کی دادرسی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے ملیر بار کے انتخاب میں ارشاد شر ایڈووکیٹ کو صدر، اکرم قریشی نائب صدر اور ایاز چانڈیو کو جنرل سیکریٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے۔

بقیہ جات 63

برادری نے حکومت کو سخت پیغام دیا کہ اگر ان کا مطالبہ نہ مانا گیا تو وہ احتجاجی حکمت عملی اختیار کریں گے، جس سے حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔میر شمس شاہوانی نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ معاملہ پرامن طریقے سے حل ہو مگر اگر حکومت نے ہمارا مطالبہ نہ سنا تو دمادم مست قلندر % جیسی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔شرکائے اجلاس نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈمپروں پر شہر میں آمد پر عائد پابندی فوری طور پر ختم کی جائے تاکہ ان کی آمد ورفت بحال ہوسکے اور ٹریفک کے مسائل حل ہوں۔آئل ٹینکرز مالکان نے ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے حکومت سے خصوصی اقدامات کی درخواست کی۔ان کا کہنا تھا کہ ڈمپروں کی آمد ورفت بند ہونے سے نہ صرف کنسٹرکشن میٹیریل کی سپلائی متاثر ہو رہی ہے بلکہ اس کے باعث کئی تجارتی سرگرمیاں بھی رکاوٹ کا شکار ہو گئی ہیں۔میر شمس شاہوانی نے کہا کہ ڈمپر مالکان کو اس پابندی سے شدید مالی نقصان ہو رہا ہے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز کو ان مشکلات کا ازالہ کرنے کے لیے فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔شرکاء اجلاس نے حکومت سے درخواست کی کہ وہ آئندہ اس نوعیت کی پابندیوں سے بچنے کے لیے ایک مشترکہ کمیٹی تشکیل دے تاکہ آئل ٹینکرز کی آمد ورفت کے مسائل پر باہمی مشاورت سے حل نکالا جاسکے۔

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ھرل صاحب تحصیلدار / ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع سالم

متوفی: عمر حیات ولد سچی محمد (غیر شادی شدہ کنوارہ)

وارثان: سچی محمد والد، فاطمہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: محمد اکرم پسر متوفی ہیں۔اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔

دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

زدفتر چیئرمین ثالثی کونسل فاروق آباد

بنام فریق دوم ناصر جمیل ولد میاں محمد جمیل سکنہ 10 علی بھائی والی جی کالونی جسٹی روڈ ملتان

آپ کے خلاف فریق اول آپکی بیوی مسمات حافظہ آمنہ محمود دختر محمد انور محمود سکنہ بالائی منزل یو بی ایل شیخاں والا بازار فاروق آباد تحصیل وضلع شیخوپورہ نے تنسیخ نکاح کا دعویٰ دائر کر رکھا ہے۔آپکو متعدد بار بذریعہ نوٹس ثالثی کونسل حاضر ہونے کے لئے اطلاع دی گئی مگر آپ حاضر نہ ہوئے۔اب آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار آخری نوٹس دیا جاتا ہے کہ بعد از اشاعت اخبار اشتہار ایک ہفتہ کے اندر دفتر حاضر ہو کر جواب داخل کروائیں ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

چیئرمین ثالثی کونسل میونسپل کمیٹی فاروق آباد

رمیش سنگھ اروڑہ نے پاکستان لائف سٹائل فرنیچر ایکسپو 2024 کا افتتاح کر دیا

ایکسپو میں 100 سے زائد بہترین فرنیچر برانڈز اپنی مصنوعات کی نمائش کریں گے، زائرین کو ایونٹ میں مختلف مصنوعات پر 50٪ تک خصوصی رعایت حاصل کرنے کا موقع ملیگا

نمائش میں حکومت پنجاب کے نمائندگان، کاروباری افراد، لاہور چیمبر آف کامرس کے اراکین، پنجاب اسمبلی کے اراکین، مختلف ممالک کے اعزازی قونصل جنرلز اور فرنیچر کی صنعت کے اہم اسٹیک ہولڈرز بھی وزٹ کریں گے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے پاکستان لائف سٹائل فرنیچر ایکسپو کے 108ویں ایڈیشن کا روز ابلا کا کنٹری کلب، رائے ونڈ روڈ، لاہور میں افتتاح کر دیا۔ صوبائی وزیر اروڑہ نے ایکسپو کے مختلف اسٹالز کا دورہ کیا اور مقامی صنعت کاروں کی تخلیقی صلاحیتوں اور دستکاری کی تعریف کی۔ انہوں نے اسٹیک ہولڈرز کو پاکستانی فرنیچر کی معیار اور اسکو عالمی منڈیوں میں مؤثر طریقے سے نمایاں کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ "پاکستان کی فرنیچر کی صنعت میں ترقی کے بے شمار مواقع ہیں۔ اگر ہم اس شعبے کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

لاہور، صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کو پاکستان لائف ٹائل فرنیچر ایکسپو کی افتتاحی تقریب میں یادگاری شیلڈ پیش کی جارہی ہے

جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، محمد نوید

شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے روزانہ کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جاتا ہے، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ لیے شب و روز کوشاں ہیں، ایس ایس پی انویسٹی لاہور

اے کیٹگری کے 2253 خطرناک اشتہاریوں سمیت 25409 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے اور قتل کی سنگین وارداتوں میں ملوث 323 مقدمات کے ملزمان کو گرفتار کیا گیا

لاہور (خالد صمدانی سے) لاہور انویسٹی گیشن پولیس کی سال 2024 کے 11 ماہ کی کارکردگی رپورٹ جاری کی گئی ایس ایس پی انویسٹی لاہور محمد نوید کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا مزید تنگ کیا جائے رواں سال 1475 گینگز کے 3345 ملزمان کو گرفتار کیا گیا گرفتار گینگز سے تقریباً 01 ارب 02 کروڑ روپے مالیت کی برآمدگی کی گئی، محمد نوید نے مزید کہا کہ اے کیٹگری کے 2253 خطرناک اشتہاریوں سمیت 25409 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے اور قتل کی سنگین وارداتوں میں ملوث 323 مقدمات کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

لاہور انویسٹی گیشن پولیس کی سال 2024 کے 11 ماہ کی کارکردگی رپورٹ کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے ایس ایس پی انویسٹی لاہور محمد نوید خطاب کر رہے ہیں

میلاد الائنس کے رکن الحاج سلیم الدین راجپوت انتقال کر گئے

کراچی (این این آئی) مرکزی میلاد الائنس پاکستان کے رکن، جماعت اہلسنت پاکستان کراچی اور تاجر برادری کے رہنما الحاج سلیم الدین شیخ راجپوت قضائے الٰہی سے گزشتہ روز انتقال کر گئے، مرحوم کی نماز جنازہ آج بعد نماز ظہر جامع مسجد احمد رضا کھجی گراؤنڈ گلبہار جبکہ تدفین کھجی گراؤنڈ قبرستان میں ہوگی۔ الحاج سلیم الدین شیخ راجپوت کے انتقال پر اہلسنت حنفی بریلوی مساجد کی انتظامی کمیٹیوں کے اراکین اور میلاد شریف کا اہتمام کرنے والی نمائندہ شخصیات وتنظیمات پر مشتمل مرکزی میلاد الائنس پاکستان کے بانی و چیف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

عوامی مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے اجتماعی جدوجہد ضروری ہے' رانا مشہود

چیئرمین پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام کی جانب سے حلقے کے ورکرز میں ایوارڈ تقسیم کرنے کی پروقار تقریب کا انعقاد

لاہور (این این آئی) چیئرمین پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں نے کہا ہے کہ حلقے کی ترقی اور عوام کی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے، نوجوان وہ قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کریں اور ملک کو خوشحال بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ رانا مشہود کی جانب سے ایوان اقبال لاہور میں اپنے حلقے کے ورکرز میں حسن کارکردگی کی بنیاد پر ایوارڈ تقسیم کرنے کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر لیگی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو کا 5 سالہ بچی پر تیزاب پھینکنے کے واقعے پر نوٹس

متاثرہ بچی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا' سارہ احمد

لاہور (این این آئی) چیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے گرین ٹاؤن میں سوتیلے باپ کی جانب سے 5 سالہ بچی پر تیزاب پھینکنے کے واقعے پر نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ٹیم کو بچی اور اس کے لواحقین سے رابطہ کرنے کی ہدایت کر دی۔ سارہ احمد نے کہا کہ متاثرہ بچی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے اور پولیس نے ملزم کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے۔ انہوں نے اس افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

مالی فراڈ کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم سعودی عرب سے وطن واپسی پر گرفتار

اشتہاری ملزم محمد اسد چیک ڈس آنر اور مالی لین دین کے مقدمہ میں 02 برس سے فیصل آباد پولیس کو مطلوب تھا۔ ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی قیادت میں پنجاب پولیس بیرون ملک مفرور خطرناک اشتہاریوں کی گرفتاری کیلئے مصروف عمل ہے۔ اسی سلسلے میں پنجاب پولیس کی بروقت کارروائی کے نتیجے میں مالی فراڈ کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم سعودی عرب سے وطن واپسی پر گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اشتہاری محمد اسد چیک ڈس آنر اور مالی لین دین کے مقدمہ میں 02 برس سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

پنجاب پولیس نے مالی فراڈ کے مقدمہ میں دو برس سے مطلوب اشتہاری ملزم کو سعودی عرب سے وطن واپسی پر گرفتار کر لیا

میرپورخاص میونسپل کارپوریشن کے 200 کنٹریکٹ ڈیلی ویجز سینیٹری ورکرز کی برطرفی کی مذمت

کراچی (این این آئی) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین و صدر صوبہ سندھ سید ذوالفقار شاہ نے کہا ہے کہ میرپورخاص کے ڈیلی ویجز پر کام کرنیوالے 200 سینیٹری ورکرز کو ملازمتوں سے فارغ کر کے 200 خاندانوں کو فاقہ کشی پر مجبور کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ملازمین سراپا احتجاج بن گئے ہیں۔ جنکے احتجاج کی آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن مکمل حمایت کرتے ہوئے مطالبہ کرتے ہیں ان ڈیلی ویجز سینیٹری ورکرز کو مستقل کرتے ہوئے انہیں بحال کیا جائے۔

16 دسمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ ترین باب ہے، پیرزادہ فیض رسول

سقوط ڈھاکہ نے پاکستان کو شدید سیاسی اور نفسیاتی طور پر متاثر کیا، جس کے زخم آج بھی تازہ ہیں

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنت پاکستان کے چیئرمین پیرزادہ قاضی فیض رسول رضوی، صوبائی صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری، کراچی کے صدر علامہ فیصل عزیز بندگی، جنرل سیکریٹری مولانا سید محمد شفیع قادری رضوی، یوتھ ونگ کے صدر سید عبدالرحیم شاہ و دیگر نے کہا ہے کہ 16 دسمبر پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ ترین باب ہے۔ سقوط ڈھاکہ نے پاکستان کو شدید سیاسی اور نفسیاتی طور پر متاثر کیا، جس کے زخم آج بھی تازہ ہیں، اس سانحہ نے ہمیں یہ سبق دیا کہ کسی بھی قوم کے اتحاد کی مضبوطی اس کی بقاء کے لئے ضروری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

میں نہ مانوں کی رٹ، پیشگی شرائط سے مذاکرات کی بیل کبھی منڈھے نہیں چڑھ سکے گی' اشرف بھٹی

پنجاب حکومت پارکنگ پلازوں کی تعمیر کیلئے عملی پیشرفت کرے' صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ معیشت کی بہتری سیاسی استحکام سے جڑی ہوئی ہے حکومت اور اپوزیشن دونوں کو کھلے دل اور ذہن سے مذاکرات کی طرف بڑھنا چاہیے اور کسی فریق کو پیشگی شرائط نہیں رکھنی چاہیے، تجارتی مراکز میں غیر قانونی پارکنگ اور تجاوزات کا اژدھا کاروبار کو نگل رہا ہے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن کی جانب سے مذاکرات کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

خرابی کی اصلاح کے ماڈل کی بنیاد پر ہاتھ سے بنے قالینوں صنعت کی تجزیاتی سٹڈی کرائی جائے' سی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئر پرسن اعجاز الرحمان نے ہاتھ سے بنے قالینوں کی برآمدات میں تنزلی کے حوالے سے خرابی کی اصلاح کے ماڈل کی بنیاد پر صنعت کے بھرپور عروج اور زوال کے حوالے سے ماہرین سے تجزیاتی سٹڈی کرانے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کے نتیجے میں سامنے آنے والی تجاویز اور سفارشات پر عملدرآمد کیلئے متعلقہ حکومتی ادارے اور اسٹیک ہولڈر مشاورت سے پالیسی بنائیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر جائزہ لیا جائے تو پاکستان کی ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کے عالمی منڈیوں میں اپنا حصہ کھونے کی وجہ سے اس کی برآمدات تسلسل کے ساتھ کم ہو رہی ہیں۔

10 سالہ ذہنی معذور بچے نے نہر میں چھلانگ لگا دی

پیٹرولنگ پولیس نے بروقت کارروائی کر کے بچا لیا

لاہور (این این آئی) 10 سالہ ذہنی معذور بچے نے نہر میں چھلانگ لگا دی جسے پیٹرولنگ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے بچا لیا۔ ترجمان کے مطابق نشاط کالونی کا رہائشی 10 سالہ ذہنی معذور بلال گھر والوں کی عدم موجودگی میں ایک روز قبل باہر نکل آیا تھا اور لاپتہ ہو گیا تھا۔ بچے نے جیل روڈ کے قریب پل سے نہر میں چھلانگ لگا دی، قریب موجود شہریوں کے شور کرنے پر شادمان پیٹرولنگ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور اہلکاروں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

صدر جو بائیڈن دیگر قیدیوں کی طرح عافیہ کے لئے صدارتی معافی کا اعلان کریں: الطاف شکور

عافیہ کو جھوٹے الزامات پر سزا سنائی گئی جو قانون اور انصاف کے اصولوں کی خلاف ورزی ہے

پی ڈی پی چیئرمین کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کے لئے صدر جو بائیڈن کو خط

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ صدر جو بائیڈن بائیس سال سے امریکی جیل میں قید ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دیگر قیدیوں کی طرح صدارتی معافی دے کر رہا کریں۔ واضح رہے کہ پی ڈی پی کے چیئرمین نے امریکی صدر جو بائیڈن کو ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کے لئے ایک خط لکھا ہے جس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

جنرل کونسل کا اجلاس 18 دسمبر کو طلب کیا گیا ہے' چودھری بابر وحید

پنجاب بار کی جانب سے نئے ممبر کیلئے نام کی حتمی منظوری دی جائے گی

ایسے ممبر کا نام تجویز کریں گے جو جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں حق، سچ کی بات کہنے کی جرات رکھتا ہو

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری بابر وحید نے کہا ہے کہ 21 دسمبر کو ہونے والے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے اجلاس کے حوالے سے بار کی جنرل کونسل کا ہنگامی اجلاس 18 دسمبر کو طلب کیا گیا ہے، اجلاس میں جوڈیشل کمیشن کیلئے پنجاب بار کی جانب سے نئے ممبر کیلئے نام کی حتمی منظوری دی جائے گی، امید ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

مسیحی برادری کی خدمات ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم ہیں، ندیم شیخ ایڈووکیٹ

زندگی کے ہر شعبے میں مسیحی قوم نے نمایاں خدمات انجام دی ہیں

اتحاد بین المذاہب ہم آہنگی کا ملک بھر میں کرسمس پر بہترین مظاہرہ کیا جائے گا

کراچی (این این آئی) جسٹس ہیلپ لائن انٹرنیشنل کے سربراہ ندیم شیخ ایڈووکیٹ اور جنرل سیکریٹری حارث امین بھٹی نے کہا ہے کہ مسیحی برادری کی خدمات ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے نمایاں ہیں۔ زندگی کے ہر شعبے میں مسیحی قوم نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ کرسمس کا تہوار دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی اتحاد بین المذاہب ہم آہنگی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

عوام باشعور ہو چکے، سبز باغ دکھانے والے اب اپنی چالوں میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے' ہمایوں اختر خان

سیاست میں عوام سے بلا تفریق رابطے رکھنے، اپنی استعداد سے بڑھ کر خدمت کرنے کا معیار متعارف کرایا' سابق وفاقی وزیر

این اے 97 کے دورہ کے موقع پر علاقہ عمائدین سے گفتگو، انتقال کر جانے والوں کے عزیز و اقارب سے اظہار تعزیت، فاتحہ خوانی کی

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ عوام اب باشعور ہو چکے ہیں اس لئے سبز باغ دکھانے والے اب اپنی چالوں میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے، حلقے میں جس جگہ چلے جائیں گھمبیر مسائل اور مشکلات نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں لیکن دہائیوں سے منتخب ہونے والے اب بھی سب اچھا کی رپورٹ دے رہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

منصورہ میں سقوط ڈھاکہ اور بنگلہ دیش کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں منعقدہ استحکام پاکستان کنونشن سے امیر العظیم، محمد جاوید قصوری، ضیاالدین انصاری، اظہر بلال و دیگر قائدین خطاب کر رہے ہیں

سقوطِ ڈھاکہ امت مسلمہ کا آخری سقوط تھا، استحکام پاکستان کنونشن

سقوط ڈھاکہ حکمرانوں کی اقتدار کی حوس اور دشمنوں کی سازشوں کا نتیجہ ہے، 16 دسمبر 1971 کو مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بنا لیکن آج بھی سقوط ڈھاکہ کے زخم تازہ ہیں۔

سقوط ڈھاکہ کے تناظر میں منعقدہ استحکام پاکستان کنونشن امیر العظیم، محمد جاوید قصوری، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، اظہر بلال و دیگر اہل و دانش کا خطاب

لاہور (خبر نگار) منصورہ میں سقوط ڈھاکہ اور بنگلہ دیش کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں منعقدہ استحکام پاکستان کنونشن زیر صدارت سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان امیر العظیم ہوا۔ کنونشن میں امیر جماعت اسلامی وسطی پنجاب محمد جاوید قصوری، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، سیکرٹری جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال، سینئر صحافی تجزیہ کار سجاد میر، حفیظ اللہ نیازی، نائب امیر جماعت اسلامی لاہور ڈاکٹر ذکر اللہ مجاہد، ملک شاہد اسلم، احمد بلال، علی ارتضیٰ حسنی، میاں خبیب نذیر، عبدالعزیز عابد،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

ڈاکٹر عافیہ کی رہائی کیلئے انسانی حقوق کی تنظیموں کا ایف ایم سی کارسویل جیل کے باہر ایک اور بڑا مظاہرہ

مظاہرین نے ڈاکٹر عافیہ کو دہشت گردی کے خلاف نام نہاد جنگ کی معصوم متاثرہ قرار دیا

امید ہے صدر بائیڈن عافیہ کی پٹیشن پر ہمدردی کے ساتھ غور کریں گے: سینیٹر طلحہ محمود

کراچی (این این آئی) انسانی حقوق کی مختلف تنظیموں نے گزشتہ روز ایف ایم سی کارسویل جیل کے سامنے ایک اور بڑا احتجاجی مظاہرہ کیا، جہاں ڈاکٹر عافیہ صدیقی 14 سالوں سے قید ہیں، مظاہرین ڈاکٹر عافیہ کی فوری رہائی کے مطالبہ کر رہے تھے۔ عافیہ موومنٹ میڈیا سیل کو ڈیلاس، امریکہ سے موصول تصاویر اور ویڈیوز کے مطابق مظاہرین نے سبکدوش ہونے والے امریکی صدر جو بائیڈن سے ڈاکٹر عافیہ کو انسانی ہمدردی کی بنیاد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

عمرے پر جا کر سعودی عرب سے جعلی ویزا حاصل کر کے جنوبی افریقہ پہنچنے والے پاکستانی نوجوان پاکستان ڈی پورٹ

کراچی (این این آئی) عمرے پر جا کر سعودی عرب سے جعلی ویزا حاصل کر کے جنوبی افریقہ پہنچنے والے پاکستانی نوجوان کو افریقی امیگریشن نے پاکستان ڈی پورٹ کر دیا۔ ڈی پورٹ نوجوان کو سیالکوٹ پہنچنے پر گرفتار کر لیا گیا۔ حکام کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

اسلام آباد، صدر آزاد کشمیر سلطان محمود چوہدری سے وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق ملاقات کر رہے ہیں

گیس چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن پنجاب، کے پی اور اسلام آباد میں مزید 611 گیس کنکشن منقطع، 38 لاکھ جرمانے

لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ گیس چوری کے کیسز میں 16 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے

آباد میں ٹیم نے 5 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا، اور 20 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا

لاہور (صدف الطاف) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ نے گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 611 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کر دیے اور گیس چوروں پر 38 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے۔ لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ گیس چوری کے کیسز میں 16 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ فیصل آباد میں ٹیم نے 5 غیر قانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا، اور 20 ہزار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

مزدور کا بچہ بنیادی سہولیات
محروم کیوں؟
عوامی رکشہ یونین
سرکاری سکولوں کی پرائیویٹائزیشن
نامنظور
عوامی رکشہ یونین
سرکاری سکولوں کی پرائیویٹائزیشن
نامنظور
عوامی رکشہ یونین
عوامی رکشہ یونین
میٹرک تک مفت تعلیم
علاج

لاہور، عوامی رکشہ یونین کے زیر اہتمام سرکاری سکولوں کی نجکاری کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

بیجنگ میں 3 نئی میٹرو لائنز کے اضافے سے ٹریفک کی روانی مزید بہتر ہو گئی

میٹرو لائنز کے 3 حصوں میں ایک شہر سے گزرنے والی مشرق۔ مغرب زیر زمین راہداری شامل ہے

بیجنگ (شنہوا) بیجنگ میں 3 نئی میٹرو لائنز کھول دی گئی ہیں جس سے شہر کی مجموعی شہری ریل ٹرانزٹ لمبائی 879 کلومیٹر ہو گئی جو کہ چین کے شہروں میں اول نمبر پر ہے۔ بیجنگ بلدیہ کے ٹرانسپورٹ کمیشن کے ایک عہدیدار وو یولان نے اتوار کو بتایا کہ میٹرو لائنز کے 3 حصوں میں ایک شہر سے گزرنے والی مشرق۔ مغرب زیر زمین راہداری شامل ہے۔ یہ متعدد شمال۔ جنوب ریل ٹرانزٹ لائنز سے بھی منسلک ہے جو شہر کے بڑے رہائشی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

راولپنڈی، ٹریفک ہلکا رنہ ہونے کی وجہ سے راول روڈ چاندنی چوک میں ٹریفک جام کا منظر

چین کے تھیان گونگ خلائی اسٹیشن، بیجنگ اور مکاؤ میں فنون نمائش کا انعقاد

بیجنگ (شنہوا) چینی نوجوانوں کے فن پاروں کی نمائش بیک وقت بیجنگ، مکاؤ اور چین کے مدار میں گردش کرنے والے تھیان گونگ خلائی اسٹیشن پر منعقد ہوئی۔ اس نمائش کا عنوان "مجھے اپنی مادر وطن سے محبت ہے" تھا۔ تھیان گونگ خلائی اسٹیشن پر منعقدہ یہ اپنی نوعیت کی چوتھی نمائش ہے جبکہ پہلی بار خلا کے ساتھ زمین پر بھی بیک وقت اس نمائش کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

گوادر میں چین کے مالی تعاون سے تعمیر ہوائی اڈا اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کیلئے تیار

گوادر (شنہوا) صوبہ بلوچستان میں گوادر ائرپورٹ کے ائرپورٹ منیجر خالد کاکڑ نے چین کے مالی تعاون سے تعمیر شدہ نئے گوادر بین الاقوامی ہوائی اڈے کا حتمی مشاہدہ کیا۔ کچھ ہی فاصلے پر چینی اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

رحیم یار خان میں تاجر اور اقلیتی نوجوان بازیاب

صادق آباد کے تاجر عثمان کو 12 روز قبل اور اقلیتی نوجوان بادشاہ کو بنگلانی گینگ نے اغوا کیا تھا

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں صادق آباد سے اغوا کیے گئے تاجر اور اقلیتی نوجوان کو بازیاب کرا لیا گیا۔ ڈی پی او رضوان گوندل کے مطابق ڈاکوؤں نے بھاری تاوان طلب کیا تھا، پولیس نے ڈاکوؤں کے 2 قریبی ساتھیوں کو گرفتار کر لیا تھا۔ ملزمان کے رشتے داروں کے دباؤ پر مغوی بازیاب کرائے گئے ہیں۔ صادق آباد کے تاجر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

چین اور فرانس کے درمیان 26 ویں تزویراتی مذاکرات کا انعقاد

گزشتہ سال کے دوران دونوں ممالک کے سربراہان نے قریبی رابطہ برقرار رکھا ہے، وانگ یی

بیجنگ (شنہوا) کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن اور مرکزی کمیشن برائے خارجہ امور کے دفتر کے ڈائریکٹر وانگ یی نے فرانسیسی صدر کے سفارتی مشیر ایمانوئل بون کے ساتھ مشترکہ طور پر 26 ویں چین۔ فرانس تزویراتی مذاکرات کی صدارت کی ہے۔ وانگ یی نے کہا کہ گزشتہ سال کے دوران دونوں ممالک کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

چین کے مشرقی شہر میں ایک کرہ نما روبوٹ پولیس کے گشت کا حصہ بن گیا

مستعد رولی پولی ہمارا نیا رکن ہے، اس 160 کلوگرام وزنی کرہ نما روبوٹ کا قطر 0.8 میٹر ہے

ہانگ ژو (شنہوا) چین کے مشرقی شہر وین ژو کی مصروف گلیوں میں خصوصی پولیس افسروں کے ایک دستے کے گشت میں کرہ نما روبوٹ نے حصہ لیا ہے جو فوراً آن لائن مقبول ہو گیا۔ سپیشل پٹرول پولیس بریگیڈ کے نائب کمانڈر ہوانگ سوفنگ نے کہا کہ یہ مستعد رولی پولی ہمارا نیا رکن ہے، اس 160 کلوگرام وزنی کرہ نما روبوٹ کا قطر 0.8 میٹر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

ریاض میں 39 فیصلوں کی منظوری کے بعد کوپ 16 کا اختتام

خشک سالی سے نمٹنے کے متعلق 39 فیصلوں کی منظوری دی گئی

ریاض (شنہوا) اقوام متحدہ کے کنونشن برائے انسداد صحرائیت (یو این سی سی ڈی) کے فریقین کی 16 ویں کانفرنس (کوپ 16) ختم ہو گئی جس میں خشک سالی سے نمٹنے کے متعلق 39 فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ 2 ہفتے تک جاری رہنے والی کانفرنس میں خشک سالی کے نئے فریم ورک پر اتفاق رائے نہ ہونے کی وجہ سے بات چیت رکی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

شام میں ریاست کی تعمیر کی طرف توجہ دی جائے گی، کمانڈر ایچ ٹی ایس

ملک کا مستقبل اجتماعی نظم و نسق اور پیشہ ورانہ، جوابدہ بیوروکریسی پر منحصر ہے

دمشق (شنہوا) حیات تحریر الشام (ایچ ٹی ایس) کے رہنما احمد الشرح نے شام کے دارالحکومت دمشق اور اس کے اطراف میں بشار الاسد کی حکومت کے خاتمے کے بعد ہونے والی وسیع تباہی کو تسلیم کیا ہے۔ شام کے ٹی وی کے ساتھ ایک انٹرویو میں الشرح نے کہا کہ شام اس وقت ایک نازک مرحلے پر ہے جس کے لیے محتاط اعداد و شمار پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

چین نے بنیادی طبی بیمہ کا دائرہ کار وسیع کر دیا

بیجنگ (شنہوا) چین نے اپنے بنیادی طبی بیمہ کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا ہے، اس میں طبی بیمہ دوا کی فہرست کو مزید بھرپور بناتے ہوئے مرکزی ادویات کی خریداری میں اضافہ کیا گیا ہے اور اسکیم میں مزید طبی خدمات شامل کی گئی ہیں۔ طبی بیمہ کے امور پر ایک ورک کانفرنس میں جاری تفصیلات کے مطابق نئی قومی طبی بیمہ کی ادویات کی فہرست میں 91 نئی دوائیں شامل کی گئی ہیں، اس کے بعد ان کی مجموعی تعداد 3 ہزار 159 ہو گئی ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

پابندی کے خلاف ٹرانسپورٹ برادری متحد ہو گئی، احتجاج کا عندیہ

ڈمپروں پر عائد پابندی ختم نہ ہوئی تو دما دم مست قلندر ہوگا، میر شمس شاہوانی

کراچی (این این آئی) آل پاکستان آئل ٹینکرز اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر شمس شاہوانی سے حاجی بسم اللہ کرد، حاجی غیاث لہڑی، نوید خان، جنید خان نے دیگر ارکان کے ہمراہ ایک اہم ملاقات کی جس میں ڈمپروں پر عائد پابندی کے فوری خاتمے کے لیے مشترکہ جدوجہد کرنے کا عزم کیا گیا۔ اس موقع پر آل ڈمپر ٹرک ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی لیاقت محسود و دیگر بھی موجود تھے۔ اس سلسلے میں منعقدہ اجلاس میں ٹرانسپورٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

جماعت اسلامی رہنماؤں کی کراچی ولیر بار کے منتخب عہدیداران کو مبارکباد

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ، جنرل سیکرٹری محمد یوسف اور سیکرٹری اطلاعات مجاہد چنا نے کراچی بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں ایڈووکیٹ عامر نواز وڑائچ صدر، کاظم حسین مہیسر نائب صدر، غلام رحمان کورائی جنرل سیکرٹری اور دیگر منتخب عہدیداران

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62



لاہور، جیلانی پارک میں گل داؤدی کی نمائش دیکھنے کے لئے آئی ہوئی خواتین

ممتاز صحافیوں جعفر رضا، شاہد انجم، طلعت حسین کی والدہ اور صدیق الفاروق کے انتقال پر تعزیت

کراچی (این این آئی) بلدیاتی اداروں کے ملک گیر مزدور رہنما سید ذوالفقار شاہ، جسٹس ہیلپ لائن کے صدر ندیم شیخ ایڈووکیٹ، سلیم مائیکل ایڈووکیٹ اور دیگر نے سینئر صحافی جعفر رضا کے انتقال، سینئر صحافیوں طلعت حسین، شاہد انجم کی والدہ اور سینئر مسلم لیگی رہنما صدیق الفاروق کے انتقال پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

گورنر سندھ نے کراچی ٹیپ بال پریمیئر لیگ کے سیزن 4 کا افتتاح کر دیا

کراچی روشنیوں کی جانب بڑھ رہا ہے۔ اس گراؤنڈ کی طرح اس شہر کو بھی سجائیں گے۔ تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے معین خان اکیڈمی میں کراچی ٹیپ بال پریمیئر لیگ کے سیزن 4 کا افتتاح کر دیا۔ اس پریمیئر لیگ میں 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ کراچی ٹیپ بال پریمیئر لیگ کی افتتاحی تقریب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

حکمرانوں کے ہوس اقتدار نے سقوط ڈھاکا جیسے سانحہ کو جنم دیا، رخشندہ منیب

کراچی (این این آئی) حلقہ خواتین جماعت اسلامی سندھ کی ناظمہ صوبہ رخشندہ منیب نے کہا ہے کہ ہوس اقتدار، سیاستدانوں کی خود غرضی و نااہلی اور مفاد پرستی نے سقوط ڈھاکا جیسے سانحہ کو جنم دیا جسے پاکستان کی تاریخ میں سیاہ ترین دن کے طور پر یاد کیا جاتا رہے گا اس سانحہ سے سبق سیکھنے کے بعد حکمرانوں کو اپنی پالیسیوں پر نظر ڈالتے ہوئے اپنی روش تبدیل کرنا چاہیے تھی لیکن بدقسمتی سے آج بھی پاکستان کے حکمران اسی ہٹ دھرمی و غیر منصفانہ و اور غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔

گورنر سندھ سے جامعۃ الرشید کے مہتمم/ الغزالی یونیورسٹی کے چانسلر مفتی عبدالرحیم کی ملاقات

مدارس رجسٹریشن، علمائے کرام کی خدمات اور اہمیت کے حامل دیگر امور پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے جامعۃ الرشید کے مہتمم / الغزالی یونیورسٹی کے چانسلر مفتی عبدالرحیم نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں مدارس رجسٹریشن، علمائے کرام کی خدمات اور اہمیت کے حامل دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ مدارس رجسٹریشن کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت جاری ہے، متفقہ لائحہ عمل کے بعد ہی حکومت کوئی اقدام اٹھائے گی، گورنر سندھ نے مزید

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

جماعت اسلامی ایم کیو ایم کی ماضی کی قتل عام کی سیاست کو چلنے نہیں دے گی، متحدہ، خورشید اقبال

متحدہ دہشتگردوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے، یہ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے، عالم علی

کراچی (این این آئی) متحدہ دہشتگرد، گالی و گولی کی سیاست بند کرے، کیونکہ جماعت اسلامی ایم کیو ایم کی ماضی کی قتل عام کی سیاست کو چلنے نہیں دے گی، یہ بات جماعت اسلامی کورنگی کے رہنما یوسی 7 کے چیئرمین خورشید اقبال نے سیاسی و سماجی رہنما

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

لاہور، شہری سرکلر روڈ پر خشک میوہ جات خرید رہے ہیں



25 دسمبر یوم قائد کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ "قوت" خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 22 دسمبر 2024 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000/0322-4181870